تازہ ترین خبروں کیلئے وزٹ کریں www.dailyhimmat.com.pk

اللہ ھی ھے جو عقل شعور اور ھمت عطا کرتا ھے (حدیث)

ABC CERTIFIED کوئٹہ، مستونگ، گوادر، راولپنڈی، اسلام آباد اور چکوال سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت روزنامہ فون نمبر: 2834643 فیکس نمبر: 2827323

DAILY HIMMAT QUETTA

روزنامہ ہمت کوئٹہ

بانی زمرد حسین (مرحوم)

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

جلد نمبر 25 | اتوار 30 اگست 2026ء | 16 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 7 روپے | شمارہ نمبر 319

انٹیلی جنس اداروں نے معصوم بلوچ بچیوں کو خودکش بمبار بنانے کا منصوبہ ناکام بنا دیا، بحفاظت بازیاب کرا لیا

کالعدم بی ایل اے خواتین اور کم عمر بچیوں کو اپنے مقاصد اور مبینہ بیانیے کے فروغ کے لیے استعمال کر رہی ہے، غیرت مند بلوچ بیٹیوں کو نامحرموں کیساتھ پہاڑوں پر نہیں بھیج سکتا، ضیاء لانگو

بھارت کے اشاروں پر ناچنے والے نام نہاد آزادی پسند بلوچ روایات اور ننگ و ناموس پامال کر رہے ہیں، شوہر کو قتل کرنے کے بعد مجھ سے خودکش حملہ کروانے کیلئے قید کیا، 16 سالہ زینب کے لرزہ خیز انکشافات

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ریاست دشمن اور کالعدم تنظیموں کی جانب سے بلوچ خواتین اور بچیوں کو خودکش حملوں میں استعمال کرنے کے سنگین اور شرمناک منصوبے کو بے نقاب کر دیا ہے۔ انٹیلی جنس اداروں نے مکران کے علاقے میں ایک کامیاب خفیہ کارروائی کے دوران 16 سالہ زینب اور 12 سالہ فاطمہ کو دہشتگردوں کے چنگل سے بحفاظت بازیاب کروالیا ہے۔ وزیر داخلہ نے

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آپ کے استعفے کا کیا بنا؟ مصطفیٰ کمال سے صحافی کا سوال

وزیر اعظم سے پوچھیں استعفے کا کیا ہوا؟، وفاقی وزیر کا جواب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزرا مصطفیٰ کمال اور طارق فضل چوہدری نے پمز ہسپتال کا دورہ کیا، وزیر صحت سے ایک مرتبہ پھر صحافی کی جانب سے

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان نے 1200 ارب روپے کا قرض قبل از وقت ادا کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے قبل از وقت قرض کی سب سے بڑی ادائیگی کردی۔ وزارت

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کو 24 ویں بڑی معیشت اور جی 20 کا رکن بنانا ہدف ہے، اسحاق ڈار

معاشی استحکام حاصل کرلیا، توجہ ترقی اور شرح نمو پر ہے، پاکستان ڈیفالٹ کے خطرے سے نکل گیا ہے، معیشت کا پہیہ چل پڑا

پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات کو نئی بلندیوں پر لے جانے کے لیے کام جاری ہے، اوورسیز پاکستانی کمیونٹی سے خطاب

لندن (آن لائن) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان معاشی استحکام کی جانب تیزی سے بڑھ رہا ہے، ڈیفالٹ کا خطرہ ٹل رہا ہے اور معیشت کا پہیہ چل پڑا ہے، اب حکومت کی توجہ معاشی ترقی، شرح نمو، روزگار اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری پر مرکوز ہے۔ پاکستان کو دنیا کی 24 ویں بڑی معیشت اور جی 20 کا حصہ بنانا حکومت کا ہدف ہے اور یہ ہدف ناممکن نہیں۔ لندن

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

فیلڈ مارشل کا آرڈیننس فیکٹری واہ کا دورہ، پیداواری صلاحیتوں کا جائزہ

پی او ایف کے دو نئے صنعتی پلانٹس رواں سال کے اختتام تک پیداوار شروع کرنے کا امکان ہے، آئی ایس پی آر

فیلڈ مارشل کو ڈی آئی پی آر اے آرڈیننس کے نفاذ کے بعد پی او ایف کی کارپوریٹائزیشن کے عمل پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان آرڈیننس فیکٹری واہ کا دورہ کیا اور پیداواری صلاحیتوں اور برآمدی امکانات کا جائزہ لیا۔ ہفتہ کو آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

تھوڑا انتظار کریں، امریکا کو سرپرائز دیں گے، ایران

وزیر دفاع کا مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اور انٹیلی جنس تنصیبات کو نقصان پہنچانے کا دعویٰ

تہران (آن لائن) ایران نے مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اور انٹیلی جنس تنصیبات کو اربوں ڈالر کا نقصان پہنچانے کا دعویٰ کیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

راولپنڈی: فیلڈ مارشل عاصم منیر آرڈیننس فیکٹری واہ کے دورے کے موقع پر اسلحہ کا معائنہ کر رہے ہیں

پمز آتشزدگی رپورٹ پیش، وزیراعظم کی ذمہ داران کی معطلی اور فوجداری کارروائی کی منظوری

سیکیورٹی پر مامور کمپنی اور عہدیداران کیخلاف بھی کارروائی کی ہدایت، مجرمانہ غفلت کے مرتکب افراد کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں، ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، شہباز شریف

پمز میں آتشزدگی یا کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تفصیلی ایس او پیز اور تربیت موجود نہیں تھی، آگ لگنے اور پورے وارڈ کے جلنے میں صرف دو منٹ کا مختصر وقت لگا، تحقیقاتی کمیٹی کی بریفنگ

لاہور (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پمز آتشزدگی کے افسوسناک واقعے سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا، جس میں تحقیقاتی کمیٹی کی عبوری رپورٹ وزیراعظم کو پیش کی گئی۔ اجلاس میں واقعے کی تقریباً دو منٹ پر محیط سی سی ٹی وی ویڈیو بھی دکھائی گئی۔ تحقیقاتی کمیٹی کی ابتدائی رپورٹ کی روشنی میں وزیراعظم نے 8 افراد کو فوری طور پر معطل کرنے اور ان کے خلاف کارروائی کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ذمہ داران کے

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بجلی کی کمی کے باعث پیک آورز میں عارضی لوڈمینجمنٹ کی گئی، پاور ڈویژن

آر ایل این جی کی عدم دستیابی اور کارگو نہ پہنچنے کے باعث 3 ہزار 600 میگاواٹ بجلی کی کمی کا سامنا کرنا پڑا

اسلام آباد (آن لائن) ترجمان پاور ڈویژن کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور ہانگ کانگ میں ڈیجیٹل فنانس تعاون بڑھانے پر اہم پیش رفت

ٹوکنائزڈ کیپٹل مارکیٹس، ڈیجیٹل بانڈز، فن ٹیک، اے آئی اور سائبر سیکیورٹی میں اشتراک کے امکانات پر غور

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ہانگ کانگ

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پمز آتشزدگی، نومولود کو بچانے والی نرس کیلئے ستارہ خدمت، ایک کروڑ انعام کی منظوری

قوم کو نرس رضیہ نورین پر فخر ہے، ایسے فرض شناس لوگوں کی جس قدر ستائش کی جائے کم ہے، وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پمز کی نرسری وارڈ میں آتشزدگی کے دوران اپنی جان خطرے میں ڈال کر نومولود کی جان بچانے والی نرس رضیہ نورین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ستارہ خدمت اور ایک کروڑ روپے انعام کی منظوری

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نوجوانوں میں آگے بڑھنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے، گورنر بلوچستان

میرٹ کی پاسداری کو یقینی بنائے بغیر ہم عوام بالخصوص نوجوانوں کا اعتماد حاصل نہیں کر سکتے، ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں فعال کردار ادا کریں

نوجوانوں کی مخصوص نفسیات اور اکیسویں صدی کے تقاضوں سے ہم آہنگ ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع حکمت عملی وضع کرنا ناگزیر ہے

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیر صحت کی غیر حاضر ملازمین اور حاضری درج نہ کرنیوالے اہلکاروں کیخلاف کارروائی کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

علی پرویز ملک کی او جی ڈی سی اور پی ایس او قیادت سے الگ الگ ملاقاتیں

حکومت طویل مدتی توانائی ضروریات سے ہم آہنگ پٹرولیم سیکٹر تشکیل دے رہی ہے، وزیر پٹرولیم

کراچی (آن لائن) کراچی میں پٹرولیم وزیر علی

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

محسن نقوی کا دورہ کراچی ایئرپورٹ، امیگریشن سسٹم ڈاؤن ہونے پر انتظامیہ پر برہم

امیگریشن پراسیس رکنا نہیں چاہیے، امیگریشن کاؤنٹرز کا معائنہ، مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی جائزہ لیا

جعلی اور نامکمل دستاویزات پر سفر کی اجازت نہیں دی جائے گی، امیگریشن پراسیس کسی صورت رکنا نہیں چاہیے، وزیر داخلہ

کراچی (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مفتی عبدالرحیم کی احسن اقبال سے ملاقات، قومی ترقی کیلئے دینی و عصری تعلیم کے امتزاج کی حمایت

اسلام آباد (این این آئی) مفتی عبدالرحیم نے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال سے ملاقات کی۔

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دیامر بھاشا ڈیم کا منصوبہ منسوخ نہیں کیا گیا، وزارت اقتصادی امور

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اقتصادی امور نے دیامر بھاشا ڈیم سے متعلق خبروں کی وضاحت کی ہے۔

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شیری رحمان کا بھارت پر سندھ طاس معاہدے کی پاسداری کو یقینی بنانے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کی پاسداری کو یقینی بنائے۔

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نواز شریف نے نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر کو ملاقات کیلئے لاہور بلالیا

لاہور (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر کو ملاقات کیلئے لاہور بلالیا۔

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین سینیٹ کا اداروں کے درمیان ہم آہنگی پر زور

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مصطفیٰ کمال، طارق فضل کی سانحہ پمز کے متاثرین سے ملاقات، تعزیت، چیک تقسیم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال اور طارق فضل چوہدری نے سانحہ پمز کے متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کی۔

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جوہری تجربات معاشروں سے غداری کے مترادف ہیں، انتونیو گوتیرس

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیرس نے کہا ہے کہ

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جعفر ایکسپریس کی سروس معطل

کوئٹہ (این این آئی) جعفر ایکسپریس کی سروس

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

یوکرین پر روسی حملے میں 27 افراد ہلاک اور 42 زخمی

کیف (آن لائن) یوکرین کے دارالحکومت کیف پر روسی حملے میں 27 افراد ہلاک اور 42 زخمی ہوگئے۔

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نیپال میں سیلاب سے ہلاک افراد کی تعداد 538 ہوگئی

کھٹمنڈو (آن لائن) نیپال میں سیلاب سے ہلاک افراد کی تعداد 538 ہوگئی۔

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پٹرولیم لیوی ختم، بجلی اور روٹی کی قیمتیں کم کی جائیں، جماعت اسلامی کا ملک گیر احتجاج کا اعلان

عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوچکا، حکمرانوں کے پاس کوئی راستہ نہیں، لیوی ختم، بجلی، روٹی سستی کی جائے، حافظ نعیم الرحمٰن

حکمران سن لیں، دھرنے جاری رہیں گے اور ہم پیچھے نہیں ہٹیں گے، فیصل آباد میں دھرنے کے مقام پر جلسے سے خطاب

فیصل آباد (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوچکا ہے۔

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سالانہ بنیاد پر قرض کی قبل از وقت واپسی میں 62 فیصد زائد کا اضافہ

پاکستان نے قبل از وقت قرض کی سب سے بڑی ادائیگی کردی، وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان نے قبل از وقت قرض کی سب سے بڑی ادائیگی کردی ہے۔

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزارت اطلاعات نے غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کو گمراہ کن قرار دے دیا

اسلام آباد (آن لائن) وزارت اطلاعات نے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

یوریا 129 فیصد اور ڈی اے پی 75 فیصد مہنگی، کسان کی کمر ٹوٹ گئی، سینیٹر عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) سینیٹر عبدالقادر نے کہا ہے کہ

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گوادر یونیورسٹی کے بی ایس نصاب میں چینی زبان شامل کرنے کی منظوری

گوادر (آن لائن) یونیورسٹی آف گوادر (UoG) کے بی ایس پروگرام میں چینی زبان کو آرٹس اینڈ ہیومینٹیز

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران جنگ کے معاشی اثرات، مہنگائی سے عام شہری شدید متاثر

تہران (این این آئی) ایران میں جاری جنگ نے عام شہریوں کی روزمرہ زندگی کو شدید متاثر کیا ہے، مہنگائی میں اضافے اور معاشی مشکلات کے باعث

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

فیلڈ مارشل کا پارلیمان فاصلہ کم کرنے کیلئے پہل کا کردار ادا کریں، چیئرمین سینیٹ

چیئرمین سینیٹ کی کمبوڈیا کے فرمانروا سے ملاقات، تیسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس انڈونیشیا میں منعقد کرنے کا اعلان

نوم پنہ، کمبوڈیا (آن لائن) چیئرمین سینیٹ پاکستان اور بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) کے بانی چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی نے دوسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے موقع پر کمبوڈیا کے دارالحکومت نوم پنہ میں کنگ نورودوم سیہامونی سے خصوصی ملاقات کی۔ چیئرمین سینیٹ نے معزز فرمانروا کی جانب سے پرتپاک میزبانی پر اظہار تشکر کرتے ہوئے دوسری بین الپارلیمانی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نوم پن، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی انٹر پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس کے جنرل ڈیبیٹ سے خطاب کر رہے ہیں

سیلانی ہسپتال کا جدید کارڈیک ونگ کراچی کے عوام کے لیے اہم قدم ہے: محمد اورنگزیب

کراچی (آن لائن) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے نارتھ ناظم

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مستونگ کے علاقے میں مسافر بس پر فائرنگ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (این این آئی) مستونگ کے علاقے میں مسافر بس پر فائرنگ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مولانا فضل الرحمان 30 اگست کو اہم دورہ سندھ پر سکھر پہنچیں گے

کراچی (این این آئی) جے یو آئی ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان 30 اگست کو اہم دورہ سندھ پر سکھر پہنچیں گے جہاں وہ جے یو آئی سندھ کی جنرل کونسل کے اجلاس سے خصوصی خطاب کریں

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

زیلنسکی کا روس پر روزانہ ہزار ڈرون حملوں کا حکم

کیف (این این آئی) یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے اپنی فوج کو روس پر روزانہ ہزار ڈرون حملے کرنے کا حکم دے دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق زیلنسکی نے ایک بیان میں کہا کہ مزید

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

برآمدی شعبے پر سپر ٹیکس مکمل ختم، غیر برآمدی کاروبار پر بھی شرح کم کردی گئی، ہارون اختر

نئی صنعتی پالیسی میں بیمار یونٹس کی بحالی، کاروباری افراد کو ہراسانی سے تحفظ دیا جائے گا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ حکومت نے برآمدی کاروبار پر سپر ٹیکس مکمل ختم

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پنک سالٹ شعبے میں سرمایہ کاری اور برآمدی مواقع کو وسعت

وسیع ذخائر پاکستان کو پنک سالٹ کی عالمی منڈی میں اہم مقام دے رہے ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اپنے وسیع پنک

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سیاسی مکالمہ ہی مسئلے کا حل ہے، نواب اسلم رئیسانی

امن اور آشتی کا ماحول صرف سیاسی سوچ، سیاسی عمل اور باعزت و باوقار مکالمے کے ذریعے ہی تشکیل دیا جاسکتا ہے

لوگوں کو ان کے علاقوں سے بے دخل کرنا اور ان کے گھروں و معاشی ذرائع کو تباہ کرنا سوچا سمجھا منصوبہ محسوس ہوتا ہے

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف ساراوان نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا ہے کہ مستونگ اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں زمینداروں کے پھلدار باغات کاٹنا، لوگوں کو ان کے علاقوں سے بے دخل کرنا اور ان کے گھروں و معاشی

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران کے سپریم لیڈر کی صدر کو افراط زر میں کمی کی ہدایت

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی جانب سے مسلط معاشی جنگ سے نمٹنے کیلئے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے صدر پزشکیان کو مزاحمتی معیشت کی پالیسیاں اختیار کرنے کی ہدایت کردی۔ سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے قوم کا اتحاد مضبوط کرنے، افراط زر میں کمی، مقامی سطح

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ٹائن الیون حملوں کے مبینہ ماسٹر مائنڈ خالد شیخ کے اعترافی بیانات مسترد

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ملٹری جج نے نائن الیون حملوں کے مبینہ ماسٹر مائنڈ خالد شیخ کے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

افغانستان میں طالبان کیخلاف کارروائیوں میں تیزی، پے در پے حملے

حملے کابل، کنڑ، بدخشاں، قندھار اور فاریاب میں کیے گئے، چار طالبان ہلاک متعدد زخمی، اہم ٹھکانے تباہ

کابل (آن لائن) گزشتہ چند دنوں میں طالبان رجیم کے خلاف مزاحمتی کارروائیوں میں تیزی آئی ہے اور کابل، کنڑ، بدخشاں، قندھار اور فاریاب میں

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پمز میں 14 بچوں کی ہلاکت، نظام صحت پر سوالیہ نشان ہے، مصدق ملک

غریب اور امیر کے لیے یکساں طبی سہولیات یقینی بنانا ہوں گی، صحت و تعلیم میں بہتری کے بغیر ترقی کے دعوے بے معنی ہیں

ہمارے اپنے بچے بھی انہی سرکاری ہسپتالوں میں علاج نہیں کروائیں گے جہاں عام شہری جاتے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے پمز ہسپتال میں 14 بچوں کے جاں بحق ہونے کے واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سانحہ ملک کے نظام صحت پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ ایسے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کراچی، وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے پی ایس او کا نمائندہ وفد ملاقات کر رہا ہے

پمز سانحے کے بعد وفاقی سرکاری اسپتالوں میں فوری فائر سیفٹی آڈٹ کا حکم

فائر سیفٹی آڈٹ مجاز اور ماہر فائر سیفٹی کمپنی کے ذریعے جامع طور پر کرانے کا فیصلہ، مراسلہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی ہدایت پر وفاق کے زیر انتظام تمام سرکاری اسپتالوں میں فوری طور پر فائر سیفٹی آڈٹ شروع کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق اس حوالے سے باقاعدہ مراسلہ بھی جاری کردیا گیا

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شنگھائی تعاون تنظیم نے کامیابی سے باہمی اعتماد کا ماحول تشکیل دیا ہے، سیکرٹری جنرل

ایس سی او ایس سی او نے کثیر سطحی تعاون کا ایک منفرد میکانزم قائم کرلیا ہے، یرمیک بائیف کی گفتگو

بیجنگ (این این آئی) شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کا سربراہی اجلاس کرغزستان میں منعقد ہونے والا ہے۔ ایس سی او کے سیکرٹری جنرل یرمیک بائیف

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حکومت نے ظلم میں ہٹلر کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے، مولانا غفور حیدری

کھڈ کوچہ کے عام عوام کو حکومت تکلیف میں ڈال رہی ہے، وزیراعلیٰ شیش محل میں بیٹھ کر بے گناہ بلوچ عوام کو دھمکیاں دے رہے ہیں

عوام کیساتھ ناقابل برداشت رویہ اختیار کیا جارہا ہے، عوام کو گھر چھوڑنے پر مجبور کرنے کے بجائے کسی مناسب جگہ پر خیمہ بستی قائم کرے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ مستونگ اور بالخصوص کھڈ کوچہ کے عام عوام کو حکومت تکلیف میں ڈال رہی ہے اور ان کو اپنے گھروں کو چھوڑنے کا کہہ رہی ہے، بلکہ ان کے لیے رہائش کا کوئی انتظام بھی نہیں ہے۔ حکومت کا یہ رویہ ظلم اور زیادتی ہٹلر کو بھی پیچھے چھوڑ رہا ہے۔ وزیراعلیٰ شیش محل میں بیٹھ کر بے گناہ بلوچ عوام کو دھمکیاں

بقیہ 1 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کھڈ کوچہ، مسلح افراد اور سیکورٹی فورسز کے درمیان فائرنگ ایک شخص ہلاک

نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں مسلح افراد اور سیکورٹی فورسز کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک ہوگیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کھڈ کوچہ کے علاقے میں مسلح افراد اور فورسز کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں بائیں کا ٹھیکیدار ہلاک ہوگیا۔ نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کی شناخت محمد حسن سکنہ پشین کے نام سے کی گئی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

حب میں دو آئل ٹینکرز میں آگ بھڑک اٹھی، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (این این آئی) حب میں دو آئل ٹینکرز میں آگ بھڑک اٹھی، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ضلعی انتظامیہ کے بعد ہفتہ کو حب بائی پاس کے قریب دو آئل ٹینکرز میں آگ بھڑک اٹھی۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لیکر ٹریفک معطل کردی جبکہ لیڈا اور میونسپل کمیٹی حب

بقیہ 3 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ہزار گنجی میں ایک شخص نے اپنے آپ کو گولی مار کر خودکشی کرلی

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ شالکوٹ کے علاقے ہزار گنجی میں ایک شخص نے اپنے آپ کو گولی مار کر خودکشی کرلی نعش ہسپتال منتقل کردی گئی پولیس

ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ دھرنا گاہ پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا سنڈیمن پروونشل ہسپتال کوئٹہ کا دورہ

بقیہ 4 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کھڈ کوچہ میں پھلوں کے درخت کاٹنے سے امن نہیں آئے گا، طاہر بزنجو

بلوچستان پبلک سروس کمیشن ایک خود مختار ادارہ ہے، راحب خان

بقیہ 5 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ کے خصوصی بینچ کوئٹہ رجسٹری میں مقدمات کی سماعت کریں گے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی بیلا کالونی میں 100 ارب ڈالر کی صلاحیت

بقیہ 6 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

آر ایل این جی کی عدم دستیابی

بقیہ 7 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

شہر کو صاف، منظم، خوبصورت بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، بشیر احمد

بقیہ 9 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

تعلیمی اداروں کو ذاتی مفادات سے پاک بنایا جائے، جمعیت نظریاتی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صوبے کی موجودہ حالات کسی صورت تسلی بخش نہیں، مولانا عبدالواسع

شورش، بدامنی اور غیر یقینی کی کیفیت کم ہونے کے بجائے مسلسل بڑھ رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام صوبہ بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کی مخدوش صورتحال میں غیر ذمہ دارانہ بیانات جلتی پر تیل ڈالنے کے مترادف ہیں، ذمہ دار عہدوں اور پوزیشنز پر موجود لوگوں کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا، کیونکہ آج صوبہ جس

بقیہ 12 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گزشتہ روز تھانہ نیو سریاب کے علاقے مستونگ روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ہوٹل میں بیٹھے ہوئے شخص پر فائرنگ کردی جس

بقیہ 11 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

دالبندین چھتر کے قریب مسلح افراد نے 3 لوڈ مزدا ٹرک چھین لیے

دالبندین (این این آئی) ضلع چاغی کے علاقے چھتر کے قریب نامعلوم نقاب پوش مسلح افراد نے کوئٹہ سے دالبندین آنے والے تین لوڈ مزدا ٹرک چھین لیے اور فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ ہفتہ کے روز چھتر کے علاقے میں پیش آیا، جہاں 18 سے 20 نامعلوم نقاب پوش مسلح افراد

بقیہ 14 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اسامہ جنگ کے والد کے قتل کیس میں بڑی پیشرفت، انجیرہ سے 6 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور 2 گاڑیاں برآمد، تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی خضدار

خضدار (یو این اے) خضدار پولیس نے اسامہ جنگ کے والد کے قتل کے مقدمے میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے انجیرہ کے مختلف مقامات پر چھاپے مار کر 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا، جبکہ کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کرکے دو گاڑیاں بھی تحویل میں لے لی گئیں۔ ڈی آئی جی خضدار رینج وزیر خان ناصر اور

بقیہ 13 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مالیاتی نظام کو مضبوط بنانا چاہتے ہیں، شزہ فاطمہ

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے پلیٹ فارم سے قومی ترقی اور سرمایہ کاری کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں

ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے مختلف شعبوں میں شفافیت اور عوامی اعتماد کو فروغ دیا جا رہا ہے، انٹرویو

بقیہ 18 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ کے ایران جنگ کے مقاصد تبدیل ہو رہے ہیں، سابق امریکی سفارت کار

بقیہ 15 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ کے وینزویلا سے تیل کے تاریخ کے سب سے بڑے معاہدے کا اعلان

متحدہ امریکہ نے ابھی وینزویلا کے ساتھ دنیا کی تاریخ کے سب سے بڑا تیل کا معاہدہ کیا ہے۔ کنٹرول حاصل کرنے کے لیے ایک معاہدہ کیا ہے۔ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پوسٹ میں اس

ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر کی زیر صدارت ڈائریکشن کا اجلاس

بقیہ 17 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

باغات کاٹنے کی دھمکی ناقابل قبول حکومتی رویہ ہے، انیل غوری

ہوئے کہا ہے کہ باغات اور فصلیں کاٹنے کی بات

بقیہ 16 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن "کمک پروگرام" کے تحت ڈائریکٹر جنرل سماجی بہبود سیف اللہ کھیتران معذور افراد میں ٹرائی سائیکلیں تقسیم کر رہے ہیں

معذور افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں، حاجی ولی نورزئی

معذور افراد کی فلاح و بہبود اور با اختیار بنانے کے لیے "کمک پروگرام" کے تحت ٹرائی سائیکلیں تقسیم کرنے کا عمل جاری ہے

حکومت معذور افراد کی تعلیم، بحالی اور معاشی و سماجی مواقع میں بہتری کے لیے مزید اقدامات جاری رکھے گی، صوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی وژن اور خصوصی ہدایات جبکہ پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی کی رہنمائی میں محکمہ سماجی بہبود حکومت بلوچستان کی جانب سے معذور افراد (PwDs) کی فلاح و بہبود، شمولیت اور با اختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں "کمک پروگرام" کے تحت معذور افراد میں ٹرائی سائیکلیں تقسیم کرنے کا عمل جاری ہے، جس کا مقصد انہیں نقل و حرکت کی سہولت فراہم کرنا، خود مختاری کو فروغ دینا اور معاشرتی و معاشی سرگرمیوں میں ان کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سماجی بہبود بلوچستان میر سیف اللہ کھیتران نے سرکاری ذرائع ابلاغ کے نمائندے سے بات چیت کرتے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نوشکی: روٹ پرمٹ کی خلاف ورزی، مسافر کوچز کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

مخصوص روٹس کیلئے جاری پرمٹ پر عملدرآمد نہ ہونے سے متعلقہ علاقوں کے عوام سفری سہولیات سے محروم ہیں

کوئٹہ (آن لائن) آل کوئٹہ تفتان درخشان ڈویژن بس یونین کے مرکزی صدر حاجی ملک شاہ جمالدینی نے کہا ہے کہ بعض مسافر کوچز اپنے جاری کردہ روٹ پرمٹ کے مطابق سروس فراہم کرنے کے بجائے نوشکی بس اڈہ سے براہ راست کوئٹہ کے لیے چلائی جارہی ہیں، جس کے باعث مختلف علاقوں کے عوام کو سفری سہولیات کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان نے عوام کی سفری

بقیہ 19 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

شائننگ انڈیا کے دعوے بے نقاب، لاکھوں بھارتی بچے جبری مشقت پر مجبور

نئی دہلی (آن لائن) مودی سرکار کی روایتی نااہلی نے بھارت کے معاشی اور سماجی شعبے کو بدترین بحران سے دوچار کر دیا ہے۔ شائننگ انڈیا کے دعوے بے نقاب ہو چکے ہیں اور آج بھی لاکھوں

بقیہ 20 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

طالبان رجیم میں افغان معیشت کی تباہی، عام شہری معاشی بحران کا شکار

افغانستان کا معاشی بحران ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید ابتر ہونے لگا، افغان تھنک ٹینک

کابل (آن لائن) طالبان رجیم میں افغان معیشت کی تباہی، عام شہری شدید معاشی بحران کا شکار ہیں۔ طالبان رجیم کی ناقص اقتصادی پالیسیوں کے باعث افغانستان کا معاشی بحران ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید ابتر ہونے لگا ہے۔ افغان تھنک ٹینک افغانستان اینالیسس نیٹ ورک نے طالبان رجیم کی معاشی بہتری کے بلند و بانگ دعووں کی قلعی کھول دی ہے۔ افغان تھنک ٹینک افغانستان اینالیسس نیٹ ورک کے مطابق طالبان کے اقتدار پر قبضے کے بعد سے افغان معیشت زوال کا شکار ہے اور ملک کی جی ڈی پی میں مسلسل کمی واقع ہو رہی ہے۔ طالبان دور میں روزگار کا بحران سنگین ہو چکا ہے، جبکہ لیبر مارکیٹ عوام کو مناسب ذریعہ

بقیہ 21 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کی قدیم موسیقی "سوز" کو یونیسکو کی عارضی آثار قدیمہ فہرست میں شامل کرلیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی قدیم موسیقی "سوز" کو یونیسکو کی عارضی آثار قدیمہ فہرست میں شامل کرلیا گیا، بلوچستان کے چار مقامات پہلے ہی یونیسکو کی عارضی ہیریٹیج لسٹ میں شامل ہیں

بقیہ 22 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سریاب روڈ پر ون وے اور غلط یوٹرن کی خلاف ورزی پر 100 سے زائد چالان

قانون کی پاسداری نہ کرنے والوں کے خلاف بلا تفریق کارروائی جاری رہے گی

کوئٹہ (یو این اے) سریاب روڈ غلط یوٹرن استعمال کرنے اور ون وے کی خلاف ورزی پر ٹریفک پولیس کی بڑی کارروائی، 100 سے زائد چالان کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ پر ون وے (One-way) کے قانون کی سنگین خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ایس ایس پی ٹریفک پولیس کی جانب سے سخت اقدام اٹھایا گیا ہے۔ آج کی گئی خصوصی کارروائی کے دوران 100 سے زائد گاڑیوں اور سواریوں کو چالان ٹکٹ جاری

بقیہ 33 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات کیخلاف عالمی دن منایا گیا

جہانیاں (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات کے خلاف عالمی دن 29 اگست ہفتہ کو منایا گیا اس دن کے منانے کا مقصد ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات کے نسل انسانی پر مرتب ہونے والے منفی اثرات اور ماحول کو

بقیہ 24 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کیسکو انتظامیہ کا ہائیڈرو یونین عہدیداروں کی جبری ٹرانسفرز کی شدید مذمت

مزدوروں کی آواز دبانے کی کوشش کی گئی تو بلوچستان بھر میں احتجاج کی کال دیں گے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر جتک، عارف خان نیچاری، دین محمد محمد حسنی، ملک وحید کاسی، ملک محمد حسین منگلوری، ظفر خان رند، سید منظور شاہ، فضل محمد یوسفزئی، انجینئر نجیب اللہ مری نے بیان میں کیسکو انتظامیہ کی جانب سے آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے عہدیداروں کے خلاف انتقامی کارروائیوں، یونین عہدیداروں کی جبری ٹرانسفر اور ملازمین کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کو کیسکو انتظامیہ کی بوکھلاہٹ اور مزدور و ملازم دشمن قرار دیتے ہوئے اسکی شدید مذمت کی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سائنس دانوں نے قدرتی آفات میں پھنسے افراد تک ادویات پہنچانے کیلئے کاکروچ تیار کر لیے

کینبرا (این این آئی) آسٹریلوی سائنس دانوں نے قدرتی آفات میں پھنسے افراد تک ادویات پہنچانے کے لیے کائبورگ کاکروچ تیار کر لیے۔ محققین کے مطابق خصوصی کیمروں اور انجکشن آلات سے لیس ان کاکروچ کو پیرا گورگز کا نام دیا گیا ہے، کاکروچ کے اعصابی نظام میں الیکٹروڈز نصب کرکے دور سے کنٹرول کیا جاسکتا

بقیہ 35 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اوستہ محمد پولیس کو آئی جی بلوچستان نے 15 عدد موٹر سائیکلیں فراہم کیں

نئی موٹر سائیکلوں سے پولیس گشت میں اضافہ ہوگا، ایس ایس پی معاذ الرحمان

اوستہ محمد (سونا جمالی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی کاوشوں سے آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی جانب سے ضلع اوستہ محمد کے لیے نئی 15 عدد 125 موٹر سائیکلیں فراہم کی گئیں اس موقع پر ایس ایس پی معاذ الرحمان نے ضلع کے ایس ایچ اوز کو نئی موٹر سائیکل کی چابیاں حوالے کردی اور ان کی دیکھ

بقیہ 37 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ کا باغات ختم کرنے کا بیان ناقابل قبول ہے، سعد دہوار

امن قائم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، کسانوں کو اجتماعی سزا دینا غیر آئینی ہے، مرکزی سیکرٹری

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری سوشل میڈیا سعد دہوار نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے اس بیان کی شدید مذمت کی ہے، جس میں انہوں نے کہا کہ "مستونگ میں باغات سے حملے جاری رہے تو آبادی کو منتقل یا باغات کو ختم کرنا ہوگا۔" سعد دہوار نے کہا کہ بلوچستان اس وقت ایک غیر یقینی صورتحال اور پر آشوب دور سے گزر رہا ہے۔ طاقت کے بے جا استعمال نے ان حالات کو مزید پیچیدہ بنایا ہوا ہے۔ روزانہ کی بنیاد پر مختلف علاقوں میں کرفیو، لوگوں کی جبری گمشدگیاں، مسخ شدہ لاشوں کی برآمدگی، ٹارگٹ کلنگ، علاقوں اور

بقیہ 25 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

دہشت گردی کی سزا پوری آبادی کو دینا اجتماعی سزا ہے، مولانا عبدالرحمٰن

مستونگ کے باغات اور آبادی سے متعلق وزیراعلیٰ کے ریمارکس مسترد کرتے ہیں، ضلعی امیر

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے مستونگ کے باغات سے متعلق ریمارکس کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا

بقیہ 34 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

حب سٹی پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری گروہ کے 3 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) حب سٹی پولیس نے موٹر سائیکل چوری کرنے والے گروہ کے 3 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 2 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں پولیس کے مطابق گزشتہ دنوں حب سٹی پولیس کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر

بقیہ 26 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں



بنگ اسٹاپ کے رہائشی صاحبزادہ نور اللہ، محمد ہاشم، محمد اجمل و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عوام کے خادم اور انکے مسائل کا حل ہمارا اولین فرض ہے، ڈی سی کلیم اللہ کاکڑ

شیرانی (آن لائن) شیرانی کے ہیڈکوارٹر مانی خواہ میں ایک اہم اور باوقار کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی سربراہی ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے کی۔ کھلی کچہری میں ضلع کے مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور نمائندگان نے شرکت کی، تاکہ عوام

بقیہ 28 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جنگ چھٹے ماہ میں داخل، ایران کا دشمنوں کو سرپرائز دینے کا عندیہ

دفاعی صنعتوں میں جاری کام، ایرانی علم و صلاحیت، نوجوان سرپرائز سامنے لائیں گے، بیان

تہران (این این آئی) ایران کے قائم مقام وزیر دفاع مجید ابن الرضا نے کہا ہے کہ ایران کے پاس اپنے دشمنوں کے لیے کئی سرپرائز موجود ہیں۔ ایرانی نیوز ایجنسی کے مطابق مجید ابن الرضا نے کہا کہ ہمیں ابھی ان سرپرائزز کے بارے میں بات نہیں کرنی چاہیے، تاہم دفاعی صنعتوں میں جاری کام، ایرانی علم و صلاحیت اور ایرانی نوجوان ان شاء اللہ اچھے سرپرائز سامنے لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سب کو بالخصوص دشمنوں کو یہ جان لینا چاہیے کہ وہ مقررہ وقت پر ایران کے ان سرپرائزز سے آگاہ ہو جائیں گے۔ رپورٹس کے مطابق جنگ کو شروع ہوئے 6 ماہ گزر گئے، اس دوران تہران نے مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اور انٹیلی جنس

بقیہ 27 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

8 ماہ پرانے احمد جان سرپرہ قتل کیس کا معمہ حل، 2 ملزمان گرفتار

1 موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد، مقتول کی بیوی کی مبینہ سازش میں ملوث تھی

کوئٹہ (یو این اے) سریاب روڈ پر 21 جنوری 2026 کو رونما ہونے والے احمد جان سرپرہ کے قتل کا معمہ اسپیشل کرائم انویسٹی گیشن ونگ (SCIW) پولیس نے حل کر لیا ہے۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق مقتول کی بیوی نے مبینہ طور پر محمد فاروق نامی شخص کے ساتھ مل کر اس قتل کی سازش تیار کی تھی، جس کے بعد فاروق اور نصیب اللہ نے فائرنگ کرکے احمد جان کو قتل کردیا تھا۔ ایس ایس پی دوست محمد بگٹی کی سربراہی میں پولیس نے

بقیہ 38 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پی ایچ یو رکھنی میں زخمیوں کی آمد پر عملے کی مبینہ غیر حاضری، ڈپٹی کمشنر کا انکوائری کا حکم

بارکھان (آن لائن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ نے پی ایچ یو رکھنی میں زخمی افراد کی آمد کے وقت طبی عملے کی مبینہ غیر موجودگی سے متعلق شکایت کا نوٹس لیتے ہوئے باقاعدہ انکوائری کا حکم دے دیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی کو انکوائری افسر مقرر کرتے ہوئے

بقیہ 39 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فرید ترین گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کے دورے کے موقع پر حاضری رجسٹر چیک کر رہی ہیں

جین زی کو لبھانے کیلئے مودی حکومت میمز اور کارٹون کریکٹرز کا سہارا لینے لگی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتیہ جنتا پارٹی نے نوجوان نسل خصوصاً جنریشن زیڈ تک اپنی سیاسی رسائی بڑھانے کیلئے سوشل میڈیا پر روایتی سیاسی انداز سے ہٹ کر میمز، مقبول کارٹون کرداروں، فلمی مناظر اور نوجوانوں میں استعمال ہونے والی زبان کا سہارا لینا شروع کردیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بی جے پی کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر

بقیہ 40 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بیلا میں دو گروپوں کی فائرنگ، دو افراد زخمی؛ ڈاکٹر کی عدم موجودگی پر احتجاج

پی ایچ یو رکھنی میں طبی عملے کی مبینہ غفلت کا نوٹس، غیر حاضر اہلکاروں کو شوکاز؛ اے سی رکھنی انکوائری افسر مقرر

بارکھان (آن لائن) سب تحصیل بیلا میں گزشتہ شب دو گروپوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں رمیانی برادری کے دو افراد زخمی ہوگئے، جنہیں فوری طبی امداد کے لیے پی ایچ یو رکھنی منتقل کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پی ایچ یو رکھنی میں ڈاکٹر کی عدم موجودگی اور بروقت طبی امداد نہ ملنے پر لواحقین نے احتجاج کرتے ہوئے لاش رکھنی بائی پاس، این 70 پر رکھ دی، جس کے باعث شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی۔ اطلاع ملتے ہی اسسٹنٹ کمشنر تحصیل رکھنی فہد حسین عمرانی نے فوری نوٹس لیتے ہوئے پی ایچ یو رکھنی کا دورہ کیا۔ انہوں

بقیہ 29 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مستونگ روڈ پر ہوٹل میں بیٹھے شخص پر فائرنگ، ہرنائی کا رہائشی جاں بحق

ملزمان موقع سے فرار، لاش کو شیخ زاہد ہسپتال منتقل کردیا گیا، پولیس کی کارروائی جاری

کوئٹہ (یو این اے) تھانہ نیو سریاب کی حدود میں مستونگ روڈ پر شیخ زاہد ہسپتال کے قریب خان بابا ہوٹل پر بیٹھے ہوئے ایک شخص کو نامعلوم موٹر سائیکل سوار ملزمان نے فائرنگ کرکے قتل کردیا۔ مقتول کی شناخت سید نور ولد بختیار خان سکنہ ہرنائی کے نام سے ہوئی ہے۔ فائرنگ کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، جبکہ واقعے کے فوراً بعد لاش کو ضروری معائنے اور قانونی کارروائی کے لیے شیخ زاہد ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس تھانہ نیو سریاب نے واقعے کا مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

نعیم عمرانی نے میونسپل کارپوریشن کے پاس اپنی کامیابی کا نوٹیفکیشن جمع کرادیا

اوستہ محمد (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام ضلع اوستہ محمد کے جنرل سیکرٹری اور وارڈ نمبر 23 سے نو منتخب کونسلر نعیم خان عمرانی نے میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کے وائس چیئرمین کے پاس اپنی کامیابی کا نوٹیفکیشن جمع کرادیا۔ اس موقع پر اوستہ محمد پریس

بقیہ 30 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وژن 2047ء کے تحت نوجوانوں کو قومی ترقی کے مرکز میں لانا چاہتے ہیں، رانا مشہود

2047 میں پاکستان کے قیام کو 100 سال مکمل، ابھی سے مستقبل کی تیاری طویل المدتی منصوبہ بندی کرنا ہوگی

لاہور (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے مشکل حالات کے باوجود مسلسل ترقی کا سفر جاری رکھا، پاکستان کا مستقبل صرف مراعات یافتہ طبقے تک محدود نہیں بلکہ ہر باصلاحیت نوجوان کو آگے بڑھنے کے مساوی مواقع ملنے چاہئیں، حکومت نوجوانوں کو ہنرمند بنانے، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور جدید تعلیم و تحقیق سے جوڑنے کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے، 2047ء میں پاکستان کے قیام کو 100 سال مکمل ہوں گے اس لیے مستقبل کی تیاری اور طویل المدتی منصوبہ بندی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوہستان مالیاتی سکینڈل میں اہم پیشرفت، ساتویں ملزم کی پلی بارگین منظور

پشاور (این این آئی) کوہستان مالیاتی اسکینڈل میں اہم پیش رفت، ساتویں ملزم حریق احمد کی پلی بارگین منظور ہونے کے بعد رہائی کا حکم دے دیا گیا۔ چیئرمین نیب کی منظوری کے بعد پشاور کی احتساب عدالت نے پلی بارگین کی توثیق کردی

بقیہ 42 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گوادر میں پانی کا بحران شدت اختیار کرنے کا خدشہ؛ سوڈ ڈیم کا ذخیرہ صرف 2 سے 3 ماہ کا رہ گیا

روزانہ 30 سے 35 لاکھ گیلن پانی کی فراہمی جاری، 2.1 ایم جی ڈی ڈی سیلینیشن پلانٹ استعداد پر چلانے کی ہدایت

گوادر (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمٰن خان کی زیر صدارت واٹر سیکشن کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر میں پانی کی فراہمی، دستیاب ذخائر اور آئندہ کی ضروریات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ سوڈ ڈیم میں پانی کا ذخیرہ تیزی سے کم ہو رہا ہے اور موجودہ ذخیرہ تقریباً دو سے تین ماہ کے لیے کافی ہے۔ پانی کی مسلسل فراہمی یقینی بنانے کے لیے شادی کور ڈیم سے سپلائی بحال کردی گئی ہے اور دونوں ذرائع سے روزانہ تقریباً 30 سے 35 لاکھ گیلن پانی فراہم کیا

بقیہ 41 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پیپلز پارٹی کی انکوائری رپورٹ فوری پبلک کی جائے، پلوشہ خان

کسی بھی پاکستانی کے گھر، زمین یا جائیداد کے حوالے سے ایسا قانون قابل قبول نہیں جو شہریوں کو عدم تحفظ کا شکار کرے، پلوشہ خان

14 معصوم بچوں کی جانیں چلی گئیں، ماؤں کے دکھ کا کوئی مداوا نہیں ہوسکتا، اصل ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، رہنماؤں کے ہمراہ گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ کئی ماہ سے آئی ٹی بل کے حوالے سے پریشان عوام کیلئے ایک بڑی خوشخبری ہے کہ وفاقی حکومت نے بالآخر متنازع آئی ٹی بل واپس لے لیا ہے، دیر آید، درست آید حکومت نے بالآخر اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے متنازع بل واپس لینے کا فیصلہ کیا ہے، آئی ٹی بل کی واپسی عوام کے آئینی حقوق کی فتح ہے۔ ہفتہ کو یہاں سینیٹر پلوشہ

بقیہ 32 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، سبزل روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، سی ٹی ڈی اہلکار شدید زخمی

ملزمان موقع سے فرار، زخمی کانسٹیبل کو طبی امداد کے لیے ٹراما سینٹر منتقل کردیا گیا، پولیس ذرائع

کوئٹہ (یو این اے) تھانہ سریاب کی حدود سبزل روڈ پر شاہ زمان ٹاؤن نزد شالکوٹ میرج ہال کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے آتشی اسلحے سے فائرنگ کرکے سی ٹی ڈی اہلکار عبدالحمید کانسٹیبل ولد میر علی قوم قلندرانی، ساکن کلی الیاس ایئرپورٹ روڈ کو شدید زخمی کردیا۔ واقعے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، جبکہ شدید زخمی اہلکار کو

بقیہ 43 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ہمت کوئٹہ / مستونگ

پرنٹر و پبلشر نادر حسین زمرد نے روزنامہ ہمت کوئٹہ / مستونگ قلات پریس کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ ہمت جیل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

081 - 2005129
081 - 2011314

نیوز سیکشن: 081-2834643
فیکس آفس: 081-2827323

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ مجلس عاملہ اور مجلس شوریٰ کے مشترکہ اجلاس سے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات و امیر تنظیم المدارس یونٹ کلی چلتن رحسانی ہزار گنجی مولانا محمد طاہر توحیدی، مولانا نیاز محمد حسنی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

پنجگور، عالمی یوم ماں کے دودھ کی مناسبت سے بچوں کی غذائیت اور آگاہی سیمینار کا انعقاد

پیدائش کے پہلے چھ ماہ صرف ماں کا دودھ پلانا بچے کی صحت اور نشوونما کے لیے لازمی ہے: ڈاکٹر عابد علی، رکی

منظور کاکڑ کا نامور باکسر عبدالغنی مینگل کی اچانک وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار

مرحوم نے کھیلوں کے حوالے سے گراں قدر خدمات انجام دیں

صوبے میں بدامنی کے واقعات حکومتی ناکامی کا ثبوت ہیں، جے یو آئی

چیک پوسٹوں اور سیکیورٹی دعووں کے باوجود قاتل آزاد، عوام کا تحفظ یقینی بنایا جائے

بھاگ، ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے غریب اور متوسط طبقہ شدید پریشان

چھتر، پمز ہسپتال سانحہ پر میر صدام حسین خان کھوسہ کا اظہار افسوس

چھتر (یو این اے) میر صدام حسین خان کھوسہ کا اظہار افسوس، نومولود بچوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ کا اظہار تفصیلات کے مطابق پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے کے نتیجے میں نومولود بچوں کی ہلاکت پر میر صدام حسین خان کھوسہ نے گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے میر صدام حسین خان کھوسہ نے کہا کہ پمز ہسپتال کا المناک واقعہ انتہائی افسوسناک اور دل خراش ہے۔ معصوم نومولود بچوں کی جانوں کا ضیاع ایک ایسا سانحہ ہے جس نے ہر حساس دل کو غمزدہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے لخت جگر کو کھونے والے والدین کے دکھ اور کرب کا اندازہ لگانا ممکن نہیں میر صدام حسین خان کھوسہ نے کہا کہ سانحہ میں جاں بحق ہونے والے بچوں کے والدین اور لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم بچوں کو اپنی رحمت میں جگہ دے اور سوگوار خاندانوں کو صبر و حوصلہ عطا فرمائے انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں میں مریضوں اور بالخصوص نومولود بچوں کی حفاظت اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے فائر سیفٹی کے مکمل انتظامات، مؤثر ایمرجنسی رسپانس سسٹم، ہنگامی انخلا کا مربوط طریقہ کار اور نومولود بچوں کی حفاظت کے خصوصی انتظامات کو یقینی بنایا جانا ضروری ہے میر صدام حسین خان کھوسہ نے مطالبہ کیا کہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر غفلت یا حفاظتی انتظامات میں کوتاہی کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور مستقبل میں ایسے سانحات کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق معصوم بچوں کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور ہسپتالوں کو ایسے حفاظتی نظام سے آراستہ کیا جائے کہ آئندہ کسی خاندان کو اس طرح کا ناقابل تلافی صدمہ برداشت نہ کرنا پڑے۔

کھیلوں میں طلبہ کی کامیابی لسبیلہ کیلئے باعث فخر ہے، پرنسپل محمد سلیم سرپرہ

سیکنڈری سکول اوتھل، ضلع لسبیلہ کی کرکٹ ٹیم نے شاندار اعزاز حاصل کرتے ہوئے پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) کی جانب سے انتخاب کا اعزاز حاصل کر لیا۔ سکول کی کرکٹ ٹیم کا یہ انتخاب طلبہ، اساتذہ، والدین اور پورے ضلع لسبیلہ کے لیے باعث فخر ہے۔ نوجوان کھلاڑیوں نے اپنی مسلسل محنت، بہترین کھیل، نظم و ضبط، ٹیم ورک اور اسپورٹس مین اسپرٹ کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ سکول کے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ نے کرکٹ ٹیم، کھلاڑیوں، کوچز، اساتذہ اور والدین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ طلبہ کی کامیابی پوری درسگاہ کی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکول میں تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں اور ہم نصابی سرگرمیوں کو بھی خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے تاکہ طلبہ کی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جا سکے۔

اوتھل، فیضان اسلامک اسکول میں جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کی پروقار تقریب کا انعقاد

بچوں میں عشقِ رسول ﷺ اور سیرتِ طیبہ پر عمل پیدا ہونے کا جذبہ پیدا کرنا تقریب کا اصل مقصد ہے، مقررین

اوتھل (یو این اے) دعوتِ اسلامی کے اہم تعلیمی ادارے فیضان اسلامک اسکول اوتھل کیمپس میں جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایک پروقار اور روح پرور تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں اسکول کے بچوں، اساتذہ نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت کی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے مختلف پروگرام پیش کیے گئے۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد بچوں اور بچیوں نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے خوبصورت انداز میں نعتیں پیش کیں۔ بچوں نے جشنِ ولادت مصطفیٰ ﷺ کے حوالے سے تقاریر بھی کیں، جن میں سیرت طیبہ، اخلاق مصطفیٰ ﷺ اور آپ ﷺ سے محبت و عقیدت کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر اسکول کے بچوں کا جوش و خروش دیدنی تھا، بچوں نے نہایت ادب و احترام کے ساتھ جشنِ میلاد میں شرکت کی اور حضور نبی کریم ﷺ سے اپنی والہانہ محبت کا اظہار کیا۔

مولانا عبدالقادر لونی، قاری مہر اللہ، سید عبدالستار شاہ چشتی، حاجی حیات اللہ کاکڑ کو پشتونخوا میپ کے مرکزی ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا کی قیادت میں وفد قومی جرگہ میں شرکت کی دعوت نامہ دے رہے ہیں

پنجگور، نرسنگ کالج میں اساتذہ کی شدید کمی، تعلیمی نظام شدید متاثر ہونے کا خدشہ

بی ایس نرسنگ گریجویٹس کو ترجیح دے کر خالی آسامیاں فوری پر کی جائیں، نرسنگ پروفیشنلز کا وزیر اعلیٰ سے مطالبہ

پنجگور (یو این اے) پنجگور نرسنگ کالج میں اساتذہ کی شدید کمی، تعلیمی نظام متاثر ہونے کا خدشہ گورنمنٹ کالج آف نرسنگ پنجگور میں اساتذہ کی شدید کمی کے باعث نرسنگ طلبہ کی تعلیم متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ کالج میں اس وقت صرف دو نرس ٹیوٹرز موجود ہیں، جبکہ BS Nursing کے دو بیچز، سیکنڈ اور آٹھویں سمسٹر کی کلاسز جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق محدود تدریسی عملے کے باعث اتنے بڑے تعلیمی نظام کو مؤثر انداز میں چلانا مشکل ہو رہا ہے، جس سے طلبہ کو تعلیمی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بعض قابل اور تجربہ کار نرسنگ ٹیچرز جو پہلے Trauma/Clinical Services میں خدمات انجام دے رہے تھے، انہیں نرسنگ کالج میں تدریسی خدمات کے لیے فارغ کیا گیا، تاہم تاحال ان کے Appointment/Joining Orders جاری نہیں کیے گئے۔ سرکاری احکامات جاری نہ ہونے کے باعث ان اساتذہ کی باقاعدہ تعیناتی بھی ممکن نہیں ہو رہی۔ دوسری جانب BS Nursing بلوچستان کے متعدد اہل graduates اور تجربہ کار نرسنگ پروفیشنلز روزگار کے مواقع کے منتظر ہیں۔ بعض مقامی امیدواروں نے BPSC کا تحریری امتحان کامیابی سے پاس کیا، تاہم تین سالہ تجربے کی شرط کے باعث انہیں اگلے مرحلے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ نرسنگ پروفیشنلز کا کہنا ہے کہ ایک طرف بلوچستان کے نرسنگ کالجز میں اساتذہ کی شدید کمی ہے اور دوسری جانب صوبے کے اپنے اہل اور تعلیم یافتہ نرسنگ گریجویٹس روزگار کے منتظر ہیں۔ ان کا مطالبہ ہے کہ مقامی اہل امیدواروں کو ترجیح دیتے ہوئے نرسنگ ٹیوٹرز کی خالی آسامیوں کو فوری طور پر پر کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مطالبہ کسی دوسرے صوبے کے امیدواروں کے خلاف نہیں بلکہ بلوچستان کے مقامی اہل نرسنگ پروفیشنلز کے جائز حق اور روزگار کے مواقع کے لیے ہے۔ نرسنگ پروفیشنلز نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، محکمہ صحت، سیکریٹری صحت اور ڈائریکٹر نرسنگ بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ نرسنگ کالجز میں اساتذہ کی کمی کا فوری نوٹس لیا جائے، زیر التوا Appointment/Joining Orders جاری کیے جائیں اور نرسنگ ٹیوٹرز کی تمام خالی آسامیوں کو جلد از جلد پر کیا جائے۔ انہوں نے مزید مطالبہ کیا کہ نرسنگ کالجز کی ضرورت کے مطابق مناسب تعداد میں اساتذہ کی تعیناتی یقینی بنائی جائے تاکہ طلبہ کی تعلیم متاثر نہ ہو اور بلوچستان میں نرسنگ کے شعبے کا تعلیمی نظام مزید مشکلات کا شکار نہ ہو۔

ژونل کمانڈر بلوچستان کانسٹیبلری شیر زمان خلجی کی ماتحت ملازمین سے ملاقات

سبی (یو این اے) ژونل کمانڈر بلوچستان کانسٹیبلری سبی زون شیر زمان خلجی نے اپنے دفتر میں ماتحت ملازمین سے ملاقات کی اور ان کے مسائل و مشکلات تفصیل سے سنے انہوں نے ملازمین کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کے فوری ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات اور احکامات جاری کیے، جبکہ ملازمین کو یقین دلایا کہ جائز مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے اس موقع پر ژونل کمانڈر شیر زمان خلجی نے کہا کہ بلوچستان کانسٹیبلری کے جوان اور ملازمین امن و امان کے قیام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور محکمہ کی نیک نامی کے لیے اہم ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں انہوں نے ملازمین پر زور دیا کہ وہ اپنی ڈیوٹی کو فرض شناسی، دیانت داری اور ذمہ داری کے ساتھ سرانجام دیں

منظور کاکڑ کا سید نصرت آغا کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) سردار منظور احمد خان کاکڑ صدر ال کاکڑ قبائل فیڈریشن سیکرٹری جنرل بلوچستان یوتھ فرنٹ ممتاز قبائلی سیاسی و سماجی رہنما سندھ بلوچستان نے معروف کاروباری شخصیت سماجی رہنما و اولسی خدمت گار سید نصرت آغا کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے ان کے صاحبزادے سید مطیع اللہ سے تعزیت کی اور مرحوم کی بلندی درجات کے لیے خصوصی دعا کی انہوں نے کہا سید نصرت آغا ایک با اخلاق باکردار شریف النفس انسان تھے جنہوں نے بلوچستان کی قبائلی کاروباری و معاشی سرگرمیوں میں اہم کردار ادا کیا ہم ان کی وفات پر سوگوار ہیں سردار منظور احمد خان کاکڑ نے ان کے بھانجے سید اسد آغا اور بھتیجے سید سعید آغا سے بھی تعزیت کی۔

کوئٹہ، ہزارہ قوم نے بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں بنیادی کردار ادا کیا ہے، شاہ ولس بزنجو

کوئٹہ (یو این اے) ہزارہ قوم نے کوئٹہ سمیت بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں بنیادی کردار ادا کیا ہے ڈاکٹر رمضان ہزارہ کی قیادت میں نیشنل پارٹی ہزارہ قوم میں روز بروز مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے مرکزی سینیئر نائب صدر میر شاولس حاصل بزنجو مرکزی ترجمان علی احمد لانگو ممبران مرکزی کمیٹی میر عبدالخالق بلوچ چیئرمین محراب بلوچ نیاز بلوچ ڈاکٹر رمضان ہزارہ سمیت دیگر دوستوں نے خطاب کیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان کی حکومت صوبے میں کہیں نظر نہیں آتی۔ عوامی نمائندے اپنے علاقوں میں جا نہیں سکتے۔ امن و امان کی بری صورتحال نے صوبے کو سیاسی و معاشی طور پر مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ قومی شاہراہیں سفر کے قابل نہیں۔ عوام خوردنی اشیا کے حوالے سے شدید مشکلات کا شکار ہے۔

بیلا، کے الیکٹرک کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ عوام کے لیے دردِ سر بن گئی، برکت علی نادر رونجھو

کے الیکٹرک کی زیادتیاں ختم نہ ہوئیں تو عوام سڑکوں پر نکلیں گے، پی پی پی کے احتجاج کی مکمل حمایت کا اعلان

گونگھ مستنائی کے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کی منظور شدہ عمارت تا حال تعمیر نہ ہو سکی

صحبت پور، خود ساختہ مہنگائی عروج پر، آٹا، چینی نایاب ہونے سے غریب کا چولہا بجھ گیا

سریاب میں چھاپوں اور گرفتاریوں کی شدید مذمت

چادر و چار دیواری کی تقدس کی پامالی ناقابل برداشت: نیشنل پارٹی

جمہوریت، فریبِ نظر اور افلاطون کی تاریخی پیش گوئی



گریٹ گیم کا ماتم

احمد خان اچکزئی

محترم قارئین۔ تاریخ کے جھروکوں سے اگر سیاسی حکمت کا جائزہ لیا جائے تو افلاطون کا تنقیدی شعور آج بھی انسانی معاشرت کے سب سے بڑے مغالطے کو بے نقاب کرتا نظر آتا ہے۔ قدیم یونانی فلسفے سے لے کر عصرِ حاضر کی پیچیدہ سیاسی بساط تک، عوامی نمائندگی کے زعم میں لپٹا ہوا یہ نظام فکر و دانائی کے بجائے محض ظاہری تماشے کی ترویج کرتا ہے۔ افلاطون (پلیٹو) کا یہ کہنا کتنا سچ تھا کہ جمہوریت کبھی بہترین قائد (رہنما) کا انتخاب نہیں کرتی، یہ ہمیشہ بہترین جھوٹے کا انتخاب کرتی ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ ہر جمہوریت بالآخر ناکام ہو جاتی ہے۔ یہ حقیقت اب کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ عوامی حمایت کا حصول حق اور سچائی کا مرہونِ منت ہونے کے بجائے الفاظ کے جادو اور دلفریب وعدوں کے مرہونِ منت ہو چکا ہے۔ سیاسی میدان میں اخلاقی اقدار اور بصیرت کی عدم موجودگی حقیقت پسندانہ دانائی کو مفلوج کر دیتی ہے۔ جمہوریت دانشمندی (حکمت) کا صلہ نہیں دیتی، یہ قائل کرنے کی صلاحیت (ترغیب) کا صلہ دیتی ہے۔ وہ شخص جو حقیقت کو سمجھتا ہے، اس شخص سے ہار جاتا ہے جو تاثرات (صوت و منظر) کو اپنے فائدے کے لیے استعمال کرنا جانتا ہے۔ سچے لوگ، دلکش (دل لبھانے والے) لوگوں سے ہار جاتے ہیں۔ بااصول (منظم) لوگ، ڈرامائی (اداکاری کرنے والے) لوگوں سے ہار جاتے ہیں۔ یہ وہ ہولناک دراڑ ہے جو کسی بھی عوام پسند نظامِ حکومت کی بنیادوں کو کھوکھلا کر دیتی ہے، جہاں متانت اور سنجیدگی کو سطحی جذباتیت کے آگے گھٹنے ٹیکنے پڑتے ہیں۔ جب اربابِ حل و عقد اور صاحبِ صلاحیت افراد سیاسی عمل سے کنارہ کشی اختیار کر لیتے ہیں، تو معاشرتی قیادت کا خلا خود غرض اور مکار عناصر سے بھر جاتا ہے۔ افلاطون نے کہا تھا۔ "حکومت کرنے سے انکار کرنے کی سب سے بڑی سزا یہ ہے کہ آپ پر کسی کمتر شخص کی حکومت ہو۔" یہ کوئی اخلاقی نصیحت نہیں ہے، یہ طاقت کا ایک قانون (اصول) ہے۔ جب قابلیت پیچھے ہٹتی ہے، تو جوڑ توڑ (چال بازی) آگے بڑھتی ہے۔ جب سچائی مہنگی ہو جاتی ہے، تو جھوٹ مؤثر ہو جاتا ہے۔ اور جب مقبولیت کا معیار ہی اختیار و طاقت کا فیصلہ کرے، تو دھوکہ دہی حکمتِ عملی بن جاتی ہے۔ یہ اصول ہر دور میں نافذ العمل رہا ہے کہ جہاں دانائی خاموشی اختیار کرتی ہے، وہاں سطحی چال بازی اقتدار کا تاج اپنے سر پر سجا لیتی ہے۔ معاشروں کا زوال کسی بیرونی حملے یا یکلخت رونما ہونے والے حادثے کا نتیجہ نہیں ہوتا، بلکہ یہ ایک دھیمے اندرونی گلنے سڑنے کا عمل ہوتا ہے۔ جمہوریت باہر سے تباہ نہیں ہوتی، یہ اندر سے کھوکھلی ہوتی ہے۔ اور جب جھوٹ بالآخر پورے نظام کو ہلا کر رکھ دیتا ہے، تو اس کا انجام قابلِ پیش گوئی (واضح) ہوتا ہے۔ لوگ استبداد (ظلم و ستم) کی مزاحمت نہیں کرتے، وہ اس کی مانگ (التجا) کرتے ہیں۔ یہ جمہوریت کا وہ دردناک انجام ہے جہاں بدنظمی اور ہیجان سے تنگ آئی ہوئی عوام بالآخر سچائی کے بجائے ایک سخت گیر آمر کی پناہ ڈھونڈنے پر مجبور ہو جاتی ہے۔ موجودہ دور کی جانب نظر دوڑائی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ مواصلاتی وسائل اور ذرائع ابلاغ نے افلاطون کے اس خوف کو دو چند کر دیا ہے۔ بصری میڈیا اور سستے عوامی تاثرات نے ووٹر کے شعور کو اس حد تک یرغمال بنا لیا ہے کہ اب حقیقی حکمرانی اور محض شوبنگ یا اداکاری کے درمیان فرق ختم ہو چکا ہے۔ صلاحیت اور وژن پر مبنی قیادت کے بجائے اب وہ لوگ اقتدار کے ایوانوں پر قابض ہوتے ہیں جو عوام کے نفسیاتی خوف اور جذباتی خواہشات کی کامیاب اداکاری کر سکتے ہیں۔ سچائی بوجھل اور کڑوی محسوس ہوتی ہے، جبکہ جھوٹ خوبصورت پیکٹ میں لپیٹ کر بیچا جاتا ہے، جسے عوام خوش دلی سے قبول کرتی ہے۔ جب ایک پورا معاشرہ جذباتی ترغیب کو حقیقت پر فوقیت دینے لگتا ہے تو پھر وہاں قانون، اداروں اور انصاف کی کوئی حقیقت نہیں رہ جاتی۔ تاریخ کا سبق یہی ہے کہ جمہوری پردے کے پیچھے پلپلاتی ہوئی انارکی ہمیشہ مطلق العنان اور جابرانہ حکومتوں کو جنم دیتی ہے۔ کیونکہ جب افراط و تفریط، بدعنوانی اور شعبدہ بازی سے اکتاہٹ پیدا ہوتی ہے، تو عوام آزادی کے عوض نظم و ضبط اور تحفظ مانگتے ہیں۔ خواہ وہ تحفظ کسی مستبد کے کوڑے ہی کیوں نہ ہوں۔ یوں، ایک نظام جو بظاہر عوام کی آزادی کے لیے بنایا گیا تھا، اپنے ہی پیدا کردہ جھوٹ کے بوجھ تلے دب کر بالآخر آمریت کے بھیانک اندھیروں میں غرق ہو جاتا ہے۔

نوٹ:۔ اس مضمون سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

بلوچستان کی ریلوے: ایک قومی اثاثے کا زوال اور عوام کا سوال

ترقی یافتہ قوموں کی پہچان ان کا سفری نظام ہوتا



تحریر: سید محمد بگٹی
چیف آرگنائزر، ورکرز یونین
پاکستان ریلوے کوئٹہ ڈویژن

ہے۔ ریلوے کسی بھی ملک کی معیشت، تجارت اور عوامی رابطے کی جان ہے۔ بدقسمتی سے آج بلوچستان کی ریلوے اس جان لیوا بے توجہی کا شکار ہے۔

آخر

پاکستان ریلوے۔ صوبہ بلوچستان۔ کوئٹہ ڈویژن

1. ماضی کا سنہرا دور

جب انگریزوں نے برصغیر میں ریل کا نظام متعارف کروایا تو ان کی نظر بلوچستان کے قدرتی وسائل اور اس کی اسٹریٹیجک لوکیشن پر بھی تھی۔ بلوچستان کے سنگلاخ پہاڑوں کو کاٹ کر، گہری وادیوں پر پل بنا کر لوہے کی پٹڑیاں بچھائی گئیں۔ اس وقت کا مقصد صرف فوجی نقل و حرکت نہیں تھا بلکہ بلوچستان کے کوئلے، پھلوں، اور معدنیات کو ملک کے دیگر حصوں اور بیرونِ ملک تک پہنچانا بھی تھا۔

کوئٹہ ڈویژن اس نیٹ ورک کا مرکز بن گیا۔ اس وقت یہاں روزانہ کی بنیاد پر درجنوں ٹرینیں چلا کرتی تھیں۔

2. کوئٹہ ڈویژن کی اہم ریلوے لائنیں اور ان کی افادیت

الف: سبی سے ہرنائی سیکشن

دنیا کی مشکل ترین ریلوے لائنوں میں شمار ہوتی تھی۔ ہرنائی کے کوئلے کو یہی ٹرین پورے ملک تک پہنچاتی تھی۔ ہزاروں کان کنوں کا روزگار اسی لائن سے وابستہ تھا۔

ب: کوئٹہ سے بوستان جنکشن

یہ کوئٹہ ڈویژن کا مرکزی جنکشن تھا۔ یہاں سے ٹرینیں تین اطراف میں جایا کرتی تھیں۔ بوستان بازار اسی ریل کی وجہ سے آباد ہوا۔

ج: بوستان سے ژوب

اس لائن نے شمالی بلوچستان کو ملک سے جوڑا۔ زرعی اجناس، پھل اور مویشی اسی ٹرین کے ذریعے بڑی منڈیوں تک جاتے تھے۔

د: بوستان سے چمن

چمن کی بارڈر مارکیٹ آج بھی مشہور ہے۔ یہاں کا سارا تجارتی نظام اسی ریل لائن پر چلتا تھا۔ ہر روز مال گاڑیاں اور مسافر ٹرینیں چلا کرتی تھیں۔

ہ: کوئٹہ سے تفتان تا ایران

یہ پاکستان کی واحد بین الاقوامی ریلوے لائن تھی۔ کوئٹہ سے تفتان اور وہاں سے ایران کے شہر میرجاوا اور زاہدان تک جانے والی یہ لائن دو مسلم ممالک کے درمیان دوستی اور تجارت کی علامت تھی۔ زائرین، تاجر اور طلبہ اسی راستے سے سفر کرتے تھے۔

3. آج کا زوال۔ حکمرانی کی نااہلی

بدقسمتی سے قیامِ پاکستان کے بعد سے بلوچستان کی ریلوے کو مسلسل نظر انداز کیا گیا۔ پاکستان کی حکمرانوں نے ریلوے کو ترجیحی فہرست میں شامل ہی نہیں کیا۔

نتیجہ آج ہمارے سامنے ہے:

1. کوئٹہ ڈویژن کی تمام ٹرینیں بند ہیں۔ سبی، ژوب، چمن اور تفتان کے اسٹیشنوں پر تالے لگے ہیں۔

2. صرف ایک ٹرین "جعفر ایکسپریس" کا نام باقی ہے۔ وہ بھی ہفتے میں چند دن چلتی ہے۔

3. جعفر ایکسپریس کو بھی حکمرانوں کی مرضی سے 2-2 دن روک دیا جاتا ہے۔ مسافر لاچار ہو کر سڑک کے مہنگے اور غیر محفوظ سفر پر مجبور ہیں۔

یہ ہے بلوچستان کے عوام کے ساتھ انصاف؟ کیا بلوچستان کے شہری اس ملک کے برابر کے شہری نہیں ہیں؟

4. ریل کی بندش کے نقصانات

ریل بند ہونے سے صرف ایک محکمہ نہیں بند ہوا، بلوچستان کی معیشت کا پہیہ رک گیا ہے:

1. معاشی نقصان: کسان کا پھل اور سبزی سڑک کے مہنگے کرائے کی وجہ سے منڈی تک نہیں پہنچ پاتی۔

2. بے روزگاری: ریلوے سے وابستہ ہزاروں ڈرائیور، گارڈ، اسٹیشن ماسٹر، ٹیکنیشن اور مزدور بے روزگار ہو گئے۔

3. مہنگائی: مال برداری کے لیے سڑکوں پر انحصار بڑھنے سے ہر چیز مہنگی ہو گئی۔

4. علاقائی دوریاں: دور دراز کے علاقے مرکز سے کٹ گئے۔ طالب علموں اور مریضوں کو شدید مشکلات ہیں۔

5. ورکرز یونین کا واضح مطالبہ

ہم ورکرز یونین، کوئٹہ ڈویژن، حکومتِ وقت، وزیرِ ریلوے اور وزیرِ اعظم پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں:

1. فوری طور پر کوئٹہ ڈویژن کی تمام بند لائنوں کو بحال کیا جائے۔ سبی۔ ہرنائی، کوئٹہ۔ چمن، کوئٹہ۔ تفتان پر مسافر اور مال گاڑیاں چلائی جائیں۔

2. جعفر ایکسپریس کو روزانہ کی بنیاد پر چلایا جائے۔ عوام کے ساتھ اس مذاق کو بند کیا جائے۔

3. ریلوے کے لیے 100 ارب کا خصوصی پیکیج دیا جائے تاکہ پرانی پٹڑیاں، سگنل سسٹم اور انجن تبدیل کیے جا سکیں۔

4. کوئٹہ ڈویژن کے ملازمین کو مکمل تنخواہیں اور مراعات دی جائیں تاکہ وہ عزت سے قوم کی خدمت کر سکیں۔

ہم کسی احسان کے طلبگار نہیں۔ ہم اپنا آئینی اور قانونی حق مانگ رہے ہیں۔

6. ہمارا یقین

بلوچستان کے عوام محبِ وطن ہیں۔ وہ ملک کی ترقی چاہتے ہیں۔ ریلوے کی بحالی سے نہ صرف بلوچستان ترقی کرے گا بلکہ پورے پاکستان کو فائدہ ہوگا۔ ایران، افغانستان اور وسطی ایشیا تک تجارت کا راستہ کھلے گا۔

"اگر ریل چلے گی تو بلوچستان چلے گا۔ اگر بلوچستان چلے گا تو پاکستان چلے گا"

تاریخ گواہ ہے کہ جن قوموں نے اپنے قومی اثاثوں کی قدر کی وہ ترقی کیں۔ جنہوں نے نظر انداز کیا وہ پیچھے رہ گئیں۔

نوٹ:۔ اس مضمون سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) کا نعتیہ مشاعرہ

کوئٹہ میں عید میلاد النبی کی تقریبات

پروفیسر خدائیداد گل کے گھر میلاد شریف۔ فیاض حسن سجاد ویلفیئر فاؤنڈیشن کی سیرت کانفرنس

قلم کالم

شیخ فرید

fareedqta1963@gmail.com

کوئٹہ کے اہل قلم سمیت شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والوں نے جشنِ عید میلاد النبی نہایت عقیدت و



احترام سے منایا۔

نورِ مجسم، محترم و محتشم، سرورِ کون و مکان، شانِ دو جہان ختم المرسلین اور رحمۃ العالمین کی بارگاہ رسالت مآب میں عقیدتوں اور محبتوں کے نذرانے پیش کرنے کیلئے بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) نے نعتیہ مشاعرے کا اہتمام "برگ دارالمطالعہ" میں کیا۔

مشاعرے کی نظامت کے فرائض محترمہ فائزہ صدیقی نے ادا کیئے۔ مشاعرے میں پروفیسر اکبر ساسولی، محترمہ صدف غوری، ارباب قربان ایری، محترمہ نرگس نہاں، محترمہ فائزہ شکیل، جنید حیدر نے بحضور شانِ پُرنور کی میلاد کے حوالے سے خوب صورت نعتیہ کلام پیش کیا، جبکہ معروف نعت خواں الحاج شیخ عبدالغنی چشتی اور شہزاد عالم نے نہایت خوش لحن آواز میں نعت خوانی سے سماں باندھ دیا، ممتاز ٹی، وی کمپیئر، براہوی ادیب و شاعر اور محقق پروفیسر خدائیداد گل نے اپنی رہائش گاہ میں نعتیہ مشاعرہ منعقد کیا،

مشاعرے میں بلوچستان کے مقبول ترین براہوی شعراء نے بھرپور شرکت کی، مشاعرے میں ڈاکٹر سرجن اعظم بنگلزئی اور پروفیسر حسین بخش ساجد نے طبیعت کی ناسازگی کے باوجود شرکت کی، دیگر براہوی شعراء میں استاد صابر ندیم، فیض بولانی، پروفیسر یوسف رودینی، عصمت اللہ، رمضان قمرانی، حیدر آتش، پروفیسر خدائیداد گل راقم الحرف شیخ فرید، سید بقاء شاہ، ظفر بنگلزئی، غلام علی صابر، استاد فقیر حسین، انور بھٹی اپنا کلام پیش کیا، اس موقع پر پروفیسر خدائیداد گل نے شرکاء کے اعزاز میں پُر لطف ظہرانہ دیا۔

فیاض حسن سجاد ویلفیئر فاؤنڈیشن اور ہیلپرز پبلک اسکول اینڈ کالج گرلز کیمپس کے زیر اہتمام سیرت النبی کانفرنس بھی جشنِ عید میلاد النبی کا حصہ تھی، سیرت النبی کانفرنس میں پروفیسر شاہ محمد شاہی، پروفیسر اکبر ساسولی، پروفیسر ڈاکٹر آمنہ سومرو، محمد ارسلان فیاض، پلوشہ حنیف، الماس میر، نرگس نہاں و دیگر نے شرکت کی، سیرت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا مفتی اور محمد احمد خان نے کہا کہ آپ کی آمد سے جہالت ظلم ناانصافی کفر و شرک اور بت پرستی کا خاتمہ ہوا آپ کی تعلیمات امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ ہیں آپکی ذات سراپا رحمت و نعمت عظمیٰ ہے آپ کی آمد سے کفر و شرک کا اندھیرا چھٹ گیا محمدی انقلاب سے صالح معاشرہ وجود میں آیا محمد عربی سے عقیدت و محبت ایمان کی اساس ہے اور آپکی بعثت نبوت سے کفر و شرک کا خاتمہ ہو گیا اور ایمان کی کرنوں سے ایک نیا جہاں منور ہوا قتل و غارت گری عورتوں اور کمزور طبقات پر مظالم کا خاتمہ ہوا آپ کی ذات تمام جہانوں کیلئے رحمت ہے آپ نے دنیا کو مذہبی اور معاشرتی دستور دیا تاکہ وہ اپنی زندگی اسلامی اصولوں کے مطابق گزار سکیں مقررین نے کہا کے آپکی شریعت آخری شریعت، آپ کی نبوت آخری نبوت ہے اور آپ پر نازل ہونے والی کتاب قرآن مجید آخری کتاب ہے۔

ہمت چاند تارے پھول کلیاں

ربیع الاول کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ یہ "ارتباع" سے ہے اور ارتباع گھر میں ٹکے رہنے کو کہتے ہیں۔ چوں کہ اس مہینے میں لوگ اپنے گھروں میں بیٹھے رہتے تھے، اس لیے اسے "ربیع" کا نام دیا گیا، اس کی عربی زبان میں جمع "اربعاء" جیسے "نصیب" کی جمع "انصباء" آتی ہے، اسی طرح اس کی جمع "اربعہ" بھی آتی ہے جیسے "رغیف" کی جمع "ارغفۃ" آتی ہے۔

محمد عامل عثمانی

رسول اکرمؐ اسی ماہ پیدا ہوئے، مدینہ منورہ ہجرت کی اور انتقال فرمایا۔ ربیع الاول کے مبارک مہینے میں بعض ایسے واقعات وقوع پزیر ہوئے جنھوں نے تاریخ کا رخ موڑ دیا جس کی کچھ تفصیل درجہ ذیل ہے۔

رسول اللہؐ کی ولادت باسعادت 12 ربیع الاول بروز پیر 568ء میں ہوئی۔ آپ کو نبوت عام الفصیل کے 41 سال بعد ملی۔

02 ربیع الاول 622ء کو آپ نے مدینہ منورہ ہجرت غرض سے غار ثور میں پناہ لی۔

12 ربیع الاول کے روز مدینہ منورہ میں داخل ہوئے اور آپ کا وصال بھی بروز پیر 12 ربیع الاول 11ھ کو ہوا۔

غزوہ بواط:

ہجرت کے دوسرے سال قریش کا ایک تجارتی قافلہ امیہ بن خلف کی قیادت میں ینبع کی طرف آ رہا تھا جو 1500 اونٹوں پر مشتمل تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خبر ہوئی تو وہ مدینہ منورہ سے اس کے تعاقب میں چل دیے۔

غزوہ بدر الاولی:

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کرز بن جابر کی تلاش میں نکلے جس نے مدینہ منورہ کی سرحدوں پر حملہ کیا تھا۔

سریہ محمد بن سلمہ: حضورؐ نے محمد بن سلمہ کو کعب بن اشرف کے قتل کی غرض سے روانہ فرمایا جو کے حضورؐ اور مسلمانوں کی ہجو کیا کرتا تھا۔

غزوہ غطفان:

نجد کے علاقہ میں ہجرت کے تیسرے سال پیش آیا جو تقریباً 15 روز جاری رہا۔

☆ بنی نضیر نے مسلمانوں کے خلاف سازش اور وعدہ خلافی کی۔ ان کا 15 روز محاصرہ کیا گیا۔ پھر وہ حضورؐ کی شرائط مان گئے تو معاملہ طے ہو گیا۔ یہ غزوہ بنو نضیر ہجرت کے تیسرے سال پیش آیا۔

غزوہ دومۃ الجندل:

یہ غزوہ ربیع الاول 05 ہجری میں پیش آیا جس میں ایک ہزار سپاہی شریک ہوئے۔ مدینہ منورہ آنے والے تجارتی قافلے جو کھانے کی چیزیں ملک شام سے لائے تھے ان کو روک لیا کرتے تھے حضورؐ اس طرف گئے جب دشمنوں کو خبر ہوئی تو وہ تمام تر مال و دولت چھوڑ کر بھاگ کھڑے ہوئے اور مسلمانوں کو خاصا مال غنیمت ملا۔ (دومۃ الجندل مدینہ منورہ سے تقریباً 800 کلومیٹر پر ہے)

☆ غزوہ بنی لحیان: 04 ہجری کو پیش آیا۔ اس میں دو سو آدمی شریک ہوئے جن میں صرف 20 سپاہی سواریوں پر تھے۔ یہ واقعہ عسفان کے علاقہ میں ہوا جب دشمنوں کو حضورؐ کے آنے کی خبر ہوئی تو وہ پہاڑوں میں منتشر ہو گئے۔ اکثر غزوات میں جب دشمنوں کو حضورؐ کے آنے کی خبر ہوتی تو وہ رعب النبیؐ سے بھاگ کھڑے ہوتے تھے۔

☆ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے 12 ربیع الاول 11 ہجری کو سقیفہ بن ساعدہ میں بیعت لی۔

☆ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے پہلا کام یہ کیا کہ اسامہ بن زیدؓ کی قیادت میں جن کی عمر 17 سال تھی ان کو اپنے والد حضرت زید بن حارثؓ کا قصاص لینے کے لیے روانہ کیا۔ مسلمانوں نے اس فیصلہ کی مخالفت کی کہ ایسے ناساعد حالات اور کم عمر لڑکے کی قیادت میں لشکر کشی مناسب نہیں لیکن آپؓ نے فرمایا "خدا کی قسم اس بات کا کوئی بدل نہیں جس کے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود حکم فرمایا ہو۔"

☆ حضرت خالد بن ولیدؓ نے 12ھ میں الحیرہ فتح کیا اور جزیہ لے کر ان کو ان کے دین پر باقی رہنے دیا۔ (الحیرہ کا ذکر قبل از اسلام عرب میں بہت ملتا ہے یہ لخمیوں کا پایہ تخت تھا۔ پانچویں اور چھٹی صدی عیسوی میں اس کا شمار تہذیبی شہروں میں ہوتا تھا)

☆ فتح الاول بیت المقدس 16ھ میں بیت المقدس فتح ہوا اور اس موقع پر ایک صلح نامہ تیار ہوا جس کی رو سے جزیہ وصول کر کے اہل بیت المقدس کی جان و مال کی حفاظت کے ساتھ ان کو ان کے دین پر چھوڑ دیا گیا لیکن شرط یہ رکھی کہ امیرالمومنین خود بنفس نفیس اس عہد نامہ پر مہر لگائیں گے۔ چناچہ حضرت عمر فاروقؓ مدینہ منورہ سے بیت المقدس تشریف لے گئے اور دستخط فرمایا۔

☆☆

☆ فتح الثانی بیت المقدس: 24 ربیع الاول 583ھ کو سلطان صلاح الدین ایوبیؒ نے صلیبیوں کو شکست فاش دے کر بیت المقدس کا راستہ کھول دیا۔

☆ شیخ الاسلام ابن تیمیہ کی پیدائش: 10 ربیع الاول 661ھ کو ملک شام کے علاقے "حران" میں ہوئی جنھوں نے اپنی بے مثال کوششوں سے شرک بدعات کے خلاف محاذ قائم کر دیا آپ نے مسلمانوں کو گمراہی سے نکال کر دین نبویؐ پر لانے کی قابل تعریف سعی فرمائی۔

☆ سقوط اندلس: 12 ربیع الاول 897ھ فرانسیسی حکمران فیرڈیننڈ اپنی ملکہ ازابیلہ کے ہمراہ اندلس (غرناطہ) میں فاتح کی حیثیت سے داخل ہوا۔ اس طرح مسلمانوں کے بے مثل اوصاف، شفاف تہذیب کی بساط الٹ دی گئی جہاں امن و امان اور عدل کے ساتھ قوم رہا کرتی تھی۔ وہاں معاشی طور پر ترقی کا یہ عالم تھا کہ اس زمانے میں برآمدات زوروں پر تھی اور درآمد بہت کم تھی، تعلیم کا یہ عالم تھا کہ ایک ولندیزی ڈوزی نے لکھا کے "اندلس میں تقریباً ہر آدمی لکھنا پڑھنا جانتا ہے۔" یہ اس زمانے کی بات ہے جب نصرانی یورپ میں علم کی مبادیات ہی جانتا تھا۔

☆☆☆☆

بادشاہ اور کسان

محمد حامد مختار

شیخ سعدی نے زندگی کا زیادہ تر حصہ علم حاصل کرنے اور سیر و سیاحت میں گزارا۔ "گلستان" اور "بوستان" ان کی مشہور کتابیں ہیں۔

شیخ سعدی "بوستان" میں فرماتے ہیں کہ ایک کسان جنگل سے گزر رہا تھا کہ شدید بارش کی وجہ سے پورے جنگل میں بہت کیچڑ تھا۔ جنگل سے گزرتے ہوئے کسان کا گدھا کیچڑ میں پھنس گیا۔

اس نے گدھے کو کیچڑ سے نکالنے کی تن تنہا بہت کوششیں کیں مگر سب رائیگاں گئیں۔ کسان کو کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کرے۔ کبھی کبھی جب انسان کو کچھ سمجھ نہیں آتا تو وہ اپنا غصہ بلاوجہ دوسروں پر نکالتا ہے۔

اسی طرح ساری رات کسان پریشانی کے عالم میں سب جاننے والوں کو برا بھلا کہتا رہا۔ اس کی زبان سے نہ دشمن بچا نہ دوست اور نہ ہی بادشاہ کیونکہ جنگل بادشاہ کی سلطنت کا حصہ تھا۔

اتفاقاً بادشاہ کا اپنے غلاموں کے ساتھ جنگل سے گزر ہوا۔ سب نے سنا کہ ایک کسان بادشاہ کو برا بھلا کہہ رہا ہے۔ اچانک کسان کی نظر بادشاہ پر پڑی وہ بہت پریشان ہوا کہ بادشاہ نے سب کچھ سن لیا۔

اب اس کا انجام بہت برا ہو گا۔ اسی وقت غلاموں نے بادشاہ کے کان بھرنا شروع کر دیے۔

ایک بولا: "اے بادشاہ! اس شخص کی گردن تلوار سے اُڑا دی جائے کیونکہ اس نے آپ کی شان میں گستاخی کی ہے"۔

دوسرا غلام بولا "اے بادشاہ! اس کو قید خانے میں ڈال دیا جائے کیونکہ اس نے نہ صرف آپ کو برا بھلا کہا بلکہ آپ کے خاندان کی بھی برائی کی ہے۔"

بادشاہ نے مجبور کسان کی طرف دیکھا۔ جس کا گدھا کیچڑ میں پھنسا ہوا تھا۔ بادشاہ کو کسان کی حالت پر رحم آ گیا۔ اس نے کسان کی نامناسب باتوں کو معاف کر دیا اور اپنے غصے کو پی گیا۔ بادشاہ نے کسان کو انعام و اکرام سے نوازا اور ایک سفید گھوڑا بھی انعام میں دیا۔

پیارے بچو! ہمیں اس کہانی سے سبق ملتا ہے کہ سچ ہے کہ برائی کا بدلہ برائی سے دینا آسان ہے۔ لیکن انسان کو چاہیے کہ برائی کا جواب بھلائی سے دے۔

☆☆☆☆

نافرمانی کی سزا

محمد امین اللہ

وجود والدین سے ہے

کائنات میں وجود انسانی کی بقا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں پانچ مقامات سورہ البقرہ، اسرائیل، سورہ لقمان میں اپنے حق کے ساتھ والدین کے حقوق کو بیان فرمایا ہے کہ "وبالوالدین احسانا"۔ (اپنے والدین کے ساتھ احسان کا رویہ اختیار کرو۔)

احسان دراصل یہ ہے کہ شریعت اور معاشرتی اعتبار سے جس چیز پر تمہارا کلی حق ہے اس کو دوسرے کو دے دینا۔ والدین اولاد کی پرورش میں اپنا سب کچھ نچھاور کر دیتے ہیں۔ لہٰذا اولاد کا بھی فرض ہے کہ وہ اپنے والدین کو خوش رکھنے کے لیے اپنا تن، من، دھن سب کچھ نچھاور کرے۔ ذرا سوچیے، نو ماہ کی تکلیفوں کے بعد جیسے ہی بچہ ماں کے شکم سے باہر آتا ہے اور ماں بچے کے رونے کی آواز سنتی ہے تو وہ اپنا جان لیوا درد بھول جاتی ہے اور اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ چھا جاتی ہے۔

باپ بیٹے یا بیٹی کی آمد کا سن کر مٹھائی تقسیم کرنے لگتا ہے، اور پھر اولاد کی پرورش میں والدین ایسے مگن ہوتے ہیں کہ اپنا سکھ چین سب کچھ بھول جاتے ہیں۔ اللہ نے فرمایا "احسان کا بدلہ احسان ہے۔"

سورہ بنی اسرائیل میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: "تیرے رب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرنا، اور اپنے والدین کے ساتھ احسان کا رویہ اختیار کرو۔ ضعیفی کی حالت میں دونوں یا ان میں سے کوئی ایک ہو، تو ان سے اُف تک نہ کرنا، نرمی سے پیش آنا، جھڑک کر بات نہ کرنا اور ان کے حق میں یہ دعا کرنا کہ اے میرے رب! ان کے ساتھ ویسے ہی شفقت کا رویہ اختیار کریں جیسا کہ انہوں نے بچپن میں میرے ساتھ رکھا۔"

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو لوگ اپنے والدین سے ناروا سلوک کرتے ہیں، اللہ ان کو دنیا اور آخرت دونوں جگہ سزا دے گا۔" یہ بات سو فیصد مشاہدے میں ہے کہ لوگ اپنے والدین کے ساتھ جیسا سلوک کرتے ہیں ان کی اولادیں بڑھاپے میں ان کے ساتھ ویسا ہی سلوک کرتی ہیں۔

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ماں کے قدموں کے نیچے جنت ہے اور باپ کی رضا میں اللہ کی رضا شامل ہے۔" اس حدیث کی روشنی میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جو ماں باپ کو راضی نہ کر سکا وہ اللہ کی خوشنودی سے محروم ہو گیا۔ اور جو اللہ کی خوشنودی سے محروم ہوا وہ جنت سے محروم ہوا۔

ایک صحابیؓ نے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم "کیا ہم زندگی میں معلوم کر سکتے ہیں کہ اللہ ہم سے راضی ہے یا ناراض ہے؟" آپؐ نے فرمایا "ہاں تم اپنے باپ کو دیکھو، اگر وہ تم کو دیکھ کر خوش ہو جاتا ہے تو سمجھ لو اللہ بھی تم سے خوش ہے۔ ورنہ اللہ تم سے ناراض ہے۔"

ایک مرتبہ آپؐ منبر رسول پر خطبہ دینے کے لیے چڑھے، جب پہلے زینے پر قدم رکھا تو بلند آواز سے "آمین" کہا، دوسرے اور تیسرے زینے پر بھی آپؐ نے بلند آواز سے "آمین" کہا۔ خطبے کے اختتام پر صحابہ کرامؓ نے پوچھا: "یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے غیر معمولی طور پر یہ کلمہ کیوں کہا؟" آپؐ نے فرمایا: "پہلے زینے پر جبرائیل آئے اور کہا: جس کو رمضان المبارک کے روزے میسر ہوں اور وہ بلا عذر شرعی ترک کر دے وہ ہلاک ہو، تو میں نے آمین کہا۔ دوسرے پر جبرائیل نے فرمایا: جس شخص کو بوڑھے والدین دونوں یا ایک ملے، اور وہ ان کے ساتھ احسان کا رویہ اختیار نہ کرے وہ ہلاک ہو، تو میں نے آمین کہا۔ تیسرے پر جبرائیل نے کہا: جب کسی کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیا جائے اور وہ آپؐ پر درود نہ بھیجے تو وہ ہلاک ہو، تو میں نے آمین کہا"۔ اس سے معلوم ہوا کہ جبرائیل کی بشارت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا آمین کہنا کتنی سخت وعید ہے۔

ایک صحابیؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا "یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے اپنے بوڑھے والدین کو کاندھوں پر بٹھا کر اور لمبی مسافت طے کر کے حج کرایا ہے، کیا میں نے ان کا حق ادا کر دیا؟" آپؐ نے فرمایا "نہیں۔"

ایک صحابی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جہاد پر جانے کی اجازت لینے آئے۔ آپؐ نے پوچھا "کیا تمہارے والدین زندہ ہیں؟" انہوں نے کہا "میری ضعیف والدہ زندہ ہیں"۔ آپؐ نے فرمایا "جاؤ ان کی خدمت کرو۔"

اللہ تعالیٰ کائنات کا حقیقی خالق ہے اور والدین انسان کی پیدائش کے ظاہر اسباب ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ نے اپنی تعظیم کے ساتھ ساتھ والدین کی تعظیم کو اوّلیت بخشی ہے۔

☆☆☆☆

زارا اور ساجد

بشریٰ ناز ثاقب

زارا اور ساجد دونوں بھائی بہن گرمیوں کی چھٹیاں گزارنے اپنی نانی کے گھر گئے۔ ان کی نانی کے گاؤں کے قریب ہی ایک جنگل تھا۔ دونوں جب رات کو سو رہے تھے تو انھوں نے محسوس کیا کہ باہر کچھ آوازیں آ رہی ہیں۔ دونوں باہر گئے تو انھوں نے دیکھا کہ ایک درخت پر اُلو بیٹھا تھا۔ بارہ سنگھا اور لومڑی باتیں کر رہے تھے اور مختلف جانور ایک دوسرے کے ساتھ کھیل رہے تھے۔

سارے جانور ان دونوں کو دیکھنے لگے۔ لومڑی نے دونوں کو دیکھ کر پوچھا: "کون ہو تم لوگ! ہم نے تم کو یہاں پہلے کبھی نہیں دیکھا۔"

"ہم یہاں اپنی نانی کے پاس گرمیوں کی چھٹیاں گزارنے آئے ہیں۔" زارا نے کہا۔

اُلو نے کہا: "اچھا وہ بوڑھی خاتون تمہاری نانی ہیں۔ وہ بہت اچھی ہیں۔ دن کے وقت پرندوں کو پانی اور دانہ دیتی ہیں۔"

"جی، انھیں جانوروں سے بہت پیار ہے، خاص طور پر پرندوں سے۔"

بارہ سنگھے نے پوچھا: "تم لوگوں کو گاؤں زیادہ اچھا لگتا ہے یا شہر؟"

ساجد بولا: "شہر میں بہت گرمی ہوتی ہے، تازہ ہوا سے لوگ محروم ہیں۔ بارشوں کے بعد نالے بھر جاتے ہیں اور کئی لوگ جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ یہاں گاؤں میں ٹھنڈی ہوا بھی ہے اور بارش میں خوبصورتی اور بڑھ جاتی ہے۔"

بارہ سنگھا بولا: "تو جب شہر میں اتنے مسائل ہیں تو تم لوگ شہر کیوں نہیں چھوڑ دیتے؟"

"ہمارے والد کی نوکری شہر میں ہے۔"

"وہ بولا: "اچھا اچھا، تو تم لوگ، چھٹیوں میں تازہ ہوا کے مزے لینے آتے ہو؟"

دیر تک جانوروں کے ساتھ باتیں کر کے دونوں نے جانوروں کو الوداع کہا۔

لومڑی نے کہا: "تم دوبارہ ملنے آؤ گے نا؟"

ہاں ہم ضرور آئیں گے۔ دونوں نے ایک ساتھ کہا اور گھر کی طرف روانہ ہو گئے۔

☆☆☆

مسکراہٹیں

ایک وکیل (دوسرے وکیل سے) میرے موکل کی حرکت دیکھو۔" میں نے اسے جعلی نوٹوں کے مقدمے میں بری کروایا اور وہ کم بخت مجھے فیس میں وہی جعلی نوٹ دے گیا۔

☆☆☆

دو پاگل بیٹھے تھے۔ ایک نے دوسرے سے کہا "یار اگر ایک ہاتھی درخت پر چڑھا ہوا ہے اور نیچے اترنا چاہتا ہے تو اسے کیا کرنا چاہیے؟"

پہلا پاگل کچھ دیر سوچنے کے بعد کہنے لگا، "اسے چاہیے کہ کسی پتے پر بیٹھ کر خزاں کا انتظار کرے۔"

☆☆☆

ایک دیہاتی اور انگریز فلم دیکھ رہے تھے اتنے میں فلم کا ہیرو آیا وہ ایک سرپٹ گھوڑے پر سوار تھا انگریز نے کہا یہ گر جائے گا" دیہاتی نے کہا نہیں یہ تمہارا وہم ہے یہ کبھی نہیں گرے گا" دونوں میں شرط لگ گئی، تھوڑی دیر بعد ہیرو گھوڑے سے گر گیا انگریز نے کہا "میں نے تمہیں کہا تھا کہ یہ ضرور گرے گا۔"

دیہاتی: "کل میں نے یہ فلم دیکھی تھی تو یہ گر گیا تھا میں نے سمجھا کہ اب ہیرو محتاط ہو کر گھوڑا دوڑائے گا۔

☆☆☆☆

پپو (حکیم صاحب سے) "میرا پیٹ بھاری ہو گیا ہے۔

حکیم صاحب "یہ دوائی اور یہ دو گولیاں کھا لو"

پپو: "اگر اتنی گنجائش ہوتی تو دو تھے اور نہ کھا لیتا۔"

☆☆☆

اسکوٹر سوار (بھاگتے ہوئے لڑکے سے) "بیٹا کہاں جانا ہے، میں تمہیں چھوڑ آؤں؟

لڑکا: "نہیں مجھے جلدی ہے میں خود ہی چلا جاؤں گا۔

☆☆☆

امیدوار نے انٹرویو لینے والے افسر سے کہا۔ جناب نوکری کی تلاش میں میرے جوتے گھس چکے ہیں۔

افسر نے سوچ کر کہا" تم سے انٹرویو کے درمیان یہ بات کوئی پانچ بار دہرا چکے ہو پہلے فیصلہ کر لو کہ تمہیں نوکری چاہیے یا جوتے"

☆☆☆

ایک آدمی دور سے لنگڑاتا ہوا آ رہا تھا کہ ایک دوست نے کہا

"میرے خیال میں اس کے ٹخنے کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے۔"

دوسرا کہنے لگا۔ "نہیں اس کے گھٹنے کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے"

جب وہ آدمی قریب آیا تو انہوں نے پوچھا تو اس نے پوچھا "میری کوئی ہڈی نہیں ٹوٹی۔ چپل ٹوٹی ہوئی ہے۔"

کھربوجے

مریم شہزاد

چاچو! اس کے پاس کتنے کھراب کھربوزے ہیں۔۔"

ہیں۔ ہیں۔۔۔ کیا بول رہے ہو۔۔۔ اتنی غلط اردو۔۔" چاچو جو اردو زبان کے شیدائی تھے، ان سے برداشت نہ ہوا۔

اردو کہاں سے آ گئی بیچ میں میں تو آپ کو کھربوجے دکھا رہا ہوں کے کتنے کھراب کھربوجے بیچ رہا ہے۔" یحییٰ پریشان ہو کر بولا میاں !! کھربوجا نہیں ہوتا خربوزہ ہوتا ہے خربوزہ!"

جی وہی، کھربوزہ۔۔۔ کتنے کھراب ہیں نا؟؟ یحییٰ نے ایک بار پھر کہا، کیا مسئلہ ہے تم کو پہلے خربوزہ بولو اور کھراب کیا ہوتا ہے خراب ہوتا ہے۔"

جی، جی ٹھیک ہے۔ چلیں گھر چلیں۔" یحییٰ روڈ پر کھڑے کھڑے ان کی باتوں سے گھبرا کر بولا اور دونوں آگے چل پڑے۔

بے چارہ گریب آدمی۔۔۔ کتنی گرمی میں گبارے بیچ رہا ہے۔ چاچو ایک گبارہ لے لیں منے کے لیے۔۔" یحییٰ کی بات سن کر چاچو نے اس کو گھور کر دیکھا اور ایک غبارہ خرید کر اسے دے دیا۔

گھر پہنچ کر یحییٰ نے وہ غبارہ منے کو دیا۔

اچانک ہی چاچو کی آواز آئی۔

یحییٰ۔۔۔ زرا یہاں تو آنا۔۔"

چاچو۔۔"

تو تم کس سے کیا خرید کر لائے ہو منے کے لیے؟"

آپ کے ساتھ ہی تو لایا ہوں!!" اس نے حیران ہو کر کہا

لائے ہو؟"

چاچو۔۔"

کس سے خریدا؟"

آدمی سے۔۔۔ کیا ہوا چاچو؟؟ ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں۔۔" یحییٰ نے ان کے گھورنے پر کہا

یہ تم اتنی غلط اردو کیوں بولتے ہو؟؟ ظلم ہے یہ اردو زبان کے ساتھ۔۔ پہلے خربوزہ کو کھربوجا، پھر خراب کو کھراب، اور یہ گریب نہیں ہوتا غریب ہوتا ہے اور گبارہ نہیں ہوتا غبارہ ہوتا ہے۔ اتنا ظلم نہ کرو اردو زبان کے ساتھ۔"

چاچو ٹھیک ہے۔ لیکن یہ اردو جبان کے ساتھ جلم کیوں ہے؟" یحییٰ حیران پریشان ہو کر بولا یحییٰ۔۔۔ جبان نہیں زبان۔۔ زبان اور جلم کیا ہوتا ہے ظلم ہوتا ہے ظلم" وہ دکھ سے بولے آپ اردو گلت بولنے سے پریشان کیوں ہوتے ہیں۔؟" یحییٰ نے چاچو کو پیار کر کے پوچھا اردو ہماری قومی زبان ہے۔ اور پاکستان کے ہر فرد کو اچھی طرح سے بولنی اور سمجھنی چاہیے۔ یہ نہیں ہونا چاہیے کہ جو لفظ جس طرح دل چاہے بول لیں۔"

چاچو ہمارے اسکول میں تو اردو بولنے پر فائن لگتا ہے، اور ٹیچر کہتے ہیں کہ صرف انگلش میں ہی بات کرو۔" یحییٰ نے کہا بہت افسوس کی بات ہے لیکن ہمارے اکثر بڑے اسکولوں میں ایسا ہی ہو رہا ہے کہ اردو کو مشکل زبان بنا دیا ہے اور انگریزی زبان میں تعلیم دی جاتی ہے۔ اگر ترقی یافتہ ممالک کو دیکھا جائے تو وہاں ان کی مادری زبانوں میں ہی تعلیم دیتے ہیں جبھی ترقی کرتے ہیں۔ مگر یہاں صرف رٹو طوطے کی طرح ہی رٹا لگا لیتے ہیں سمجھ کچھ نہیں آتا۔"

تو چاچو اگر صرف میں اپنی اردو ٹھیک کر بھی لوں تو باقی سب بھی تو گلت بولتے ہی رہیں گے نا۔"

تو یہ کہ گلت نہیں ہوتا غلط ہوتا ہے دوسرے یہ کہ آج تم ٹھیک کر لو کل کسی دوست کے کچھ الفاظ ٹھیک کروا دو، دوست کسی اور کے، اس طرح زیادہ بچے اردو سیکھتے جائیں گے۔"

چاچو نے سمجھایا تو اچھا ہے۔ چلیں میں آج کے سارے الفاظ ٹھیک بولنے کی کوشش کرتا ہوں، جہاں گلت سوری غلط بولوں آپ ٹھیک کروا دیجیے گا۔" یحییٰ نے کہا اور سب الفاظ دوبارہ بولتا گیا۔۔۔ پھر چاچو کی طرف دیکھا اور حلق سے خ کی آواز نکالی اور بولا "خربوزہ۔۔"

چلیں بچوں اب آپ بھی اپنے ایسے الفاظ ٹھیک کر لیں جو غلط بولتے ہیں۔۔

☆☆☆☆

حیرت انگیز معلومات

محمد جاوید بروہی

دنیا حیرت انگیز چیزوں سے بھری ہوئی ہے چند دلچسپ معلومات پیش خدمت ہے۔

سکرپ برڈ: آسٹریلیا کا سکرپ برڈ اپنا گھونسلہ زمین پر بناتا ہے اور ہر قسم کے پرندے کی آواز کی نقل کر سکتا ہے۔

گولر کا پھول: گولر کا پھول گولر کے پھل کے اندر ہوتا ہے۔

ٹڈی کا خون: ٹڈی کا خون سفید رنگ کا ہوتا ہے۔

سیل مچھلی: سیل مچھلی ایسا جانور ہے جو پانی میں بھی رہتا ہے اور خشکی پر بھی دوڑتا پھرتا ہے اس کی ٹانگوں کی ساخت کچھ اس قسم کی ہے کہ پانی میں چپو اور چپو کا کام دیتی ہیں۔

اسٹرابیری: عام طور پر بیج پھلوں کے اندر ہوتے ہیں لیکن اسٹرابیری وہ پھل ہے جس کے بیج اس کے چھلکے کے اوپر لگے ہوتے ہیں۔

کنگ فشر: کنگ فشر نامی پرندہ اپنے انڈے مچھلوں کی ہڈیوں پر دیتا ہے۔

ناشپاتی کا درخت: ناشپاتی کا درخت سب سے زیادہ عرصہ تک یعنی تین سو برس تک پھل دیتا ہے یہ دنیا میں سب سے زیادہ عرصہ تک پھل دینے والا درخت ہے۔

انگلینڈ کیخلاف جاری دوسرے ٹیسٹ کے دوران پاکستان ٹیم کو دھچکا، اہم کھلاڑی انجری کا شکار

اوپننگ بیٹر کی بائیں پنڈلی میں لو گریڈ کاف اسٹرین کی تصدیق

لندن (آئی این پی) انگلینڈ کیخلاف جاری دوسرے ٹیسٹ کے دوران پاکستان ٹیم کو دھچکا، اہم کھلاڑی انجری کا شکار ہوگیا۔ لارڈز میں انگلینڈ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ کے پہلے روز فیلڈنگ کے دوران پاکستان کرکٹ ٹیم کے اوپننگ بیٹر امام الحق بائیں پنڈلی میں کھچاؤ کا شکار ہوگئے۔ بعد ازاں کیے گئے اسکین میں لو گریڈ کاف اسٹرین کی تصدیق ہوئی ہے جبکہ امام الحق اس وقت پاکستان ٹیم کے میڈیکل اسٹاف کی نگرانی میں علاج کروا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق میچ کے بقیہ حصے میں ان کی شرکت کا انحصار علاج اور صحت یابی پر ہوگا۔

سینئر کھلاڑی کو باہر بٹھانے میں کوئی برائی نہیں: بابر اعظم

لندن (آئی این پی) پاکستانی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ سینئر کھلاڑی کو باہر بٹھانے میں کوئی برائی نہیں، جو ٹیم کیلئے اچھا ہے وہی کھیلے گا۔ لندن میں پریس کانفرنس کے دوران بابر اعظم نے کہا کہ ابھی ٹیم کے متعلق طے نہیں کیا، انگلینڈ میں ٹیم پرفارمنس کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سینئر کو باہر بٹھانے میں کوئی برائی نہیں، جو ٹیم کے لیے اچھا ہے، وہی کھیلے گا، محمد رضوان پر کوئی دباؤ نہیں۔ بابر اعظم نے مزید کہا کہ کوشش کریں گے، لارڈز میں اپنی فتوحات کی بیٹ ٹرک مکمل کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ آخری نمبر کے بیٹرز رنز نہیں کر رہے۔ دوسرے ایشز کے طور پر سلمان آغا کو کھلا رہے ہیں۔ اپنی تکنیک کے بارے میں بات کرتے ہوئے بابر اعظم کا کہنا تھا کہ لارڈز ٹیسٹ کھیلنے کے لیے فٹ ہوں۔ قومی ٹیم کے کپتان نے کہا کہ ہمیں اندازہ ہے کہ ہم ویسا نہیں کھیلے جیسے کھیلنا چاہیے تھا، ہم پارٹنر شپ قائم کرتے ہیں پھر بیک ٹو بیک وکٹیں گنوا دیتے ہیں۔ بابر اعظم کا کہنا تھا کہ ہمیں ان غلطیوں سے سیکھنا ہے اور ذمہ داری لینی ہے۔ بولرز اگر 20 آؤٹ کرتے ہیں تو بیٹرز کی ذمہ داری ہے، وہ رنز کریں، صرف رضوان نہیں سب کو ذمہ داری لینا ہوگی۔

لارڈز ٹیسٹ، سلمان علی آغا کے شاندار کیچ نے سب کو حیران کردیا

گیند سلپ میں سلمان علی آغا کے دائیں جانب گئی، آغا نے فوری طور پر اچھلتے ہوئے ایک ہاتھ سے مشکل کیچ تھام لیا

لارڈز ٹیسٹ میں انگلش ٹیم کے کھلاڑی محمد رضوان کے آؤٹ ہونے کی اپیل کر رہے ہیں

مراکش کے مڈفیلڈر پریمیئر لیگ کی تاریخ کے مہنگے ترین نوعمر کھلاڑی بن گئے

عمران خان کے بیٹوں کا کنٹرولیٹر کرنے پر پی سی بی کی اسپیشل ایمپلائمنٹ کرنے کا اعلان

ویمنز ایشیا کپ سے قبل فوٹو شوٹ کے دوران کرکٹرز کی ڈانس پرفارمنس

کیمپ میں زیادہ میچز کھیلنے کا فائدہ ہوا: فاطمہ ثنا

دورہ انگلینڈ کیلئے پاکستان انڈر 19 اسکواڈ کا اعلان، کراچی کے فرحان یوسف کپتان ہوں گے

چیمپئنز لیگ کھلاڑی کا اشتعال انگیز جشن، اسٹیڈیم میدان جنگ بن گیا

شاہین گھٹنے کی انجری کے بعد شاید 100 فیصد فٹ نہ ہوں: رمیز راجہ

پاکستان نے انڈر 17 ویمنز ساؤتھ ایشین فٹبال چیمپئن شپ میں انڈیا کو شکست دے دی

پاکستان ہاکی کیلئے اچھی خبر، یورپ کی ٹاپ ٹیمیں پاکستان کا دورہ کریں گی

اس اقدام سے ملک میں بین الاقوامی ہاکی کی واپسی اور کھیل کے فروغ کے لیے نئی راہیں ہموار ہوں گی: ہاکی فیڈریشن

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) کے صدر محی الدین احمد وانی نے ایف آئی ایچ ورلڈ کانفرنس کے موقع پر اہم ملاقاتیں کی جس کے نتیجے میں یہ امید پیدا ہوئی ہے کہ اگلے سال یورپ کی ٹاپ ہاکی ٹیمیں پاکستان کا دورہ کریں گی۔ یہ سنگر میں منعقد ہونے والی ایف آئی ایچ ورلڈ کانفرنس کے موقع پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی نے انٹرنیشنل ہاکی فیڈریشن (FIH) کے صدر طیب اکرام سے اہم اور باہمی دلچسپی کی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان ہاکی کی عالمی سطح پر موجودگی اور اثر و رسوخ کو مزید مضبوط بنانے، بین الاقوامی روابط کے فروغ اور پاکستان میں عالمی معیار کی ہاکی سرگرمیوں کے انعقاد کے حوالے سے مختلف حکمت عملیوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پی ایچ ایف صدر محی الدین وانی نے کانفرنس کے موقع پر مختلف ممالک کی ہاکی فیڈریشنز کے سربراہان سے بھی ملاقاتیں کیں اور پاکستان میں ہاکی کے فروغ، باہمی تعاون اور بین الاقوامی ٹیموں کے دورہ پاکستان کے امکانات پر مثبت اور تعمیری گفتگو کی۔ ملاقاتوں کے نتیجے میں یہ امید پیدا ہوئی ہے کہ اگلے سال یورپ کی ٹاپ ہاکی ٹیمیں پاکستان کا دورہ کریں گی، جس سے ملک میں بین الاقوامی ہاکی کی واپسی اور کھیل کے فروغ کے لیے نئی راہیں ہموار ہوں گی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے مطابق عالمی ہاکی برادری کے ساتھ روابط کو مزید مستحکم کرنے اور قومی ٹیم کو زیادہ سے زیادہ بین الاقوامی ایکسپوژر فراہم کرنے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

انگلینڈ میں انضمام الحق کے پورٹریٹ کے ساتھ قومی کرکٹرز کی تصاویر وائرل

انضمام نے پاکستان کی جانب سے 120 ٹیسٹ، 378 ون ڈے اور ایک ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلا

لندن (آئی این پی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کی انگلینڈ کے تاریخی لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں قومی ٹیم کے چند بلے بازوں اور سابق کپتان انضمام الحق کے پورٹریٹ کے ساتھ تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ پاکستانی ٹیم نے لارڈز میں دوسرے ٹیسٹ کی تیاری کے لیے ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا جس کے دوران کپتان بابر اعظم سمیت دیگر کھلاڑیوں نے لارڈز کے پویلین میں موجود انضمام الحق کے پورٹریٹ کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔ لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں انضمام الحق کا پورٹریٹ ایک دہائی سے زائد عرصے سے موجود ہے۔ انضمام نے پاکستان کی جانب سے 120 ٹیسٹ، 378 ون ڈے اور ایک ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلا۔ لارڈز کرکٹ گراؤنڈ کی جانب سے سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی تصویر میں انضمام الحق کے بھتیجے امام الحق، بابر اعظم سمیت پاکستان کے پانچ کرکٹرز کو چند بلے بازوں کے پورٹریٹ کے ساتھ دیکھا جا سکتا ہے۔





پروڈیوسر، ماہرین سے تعلقات کی بنا پر کام ملنے کا تاثر درست نہیں: سیونور



اداکارہ اپرا مہتا اور اداکار درشن جری والا کی 21 برسوں سے علیحدگی

اداکارہ فرح خان کی صحافت کے انداز کی خلاف ورزی کرنے والی افواہیں مسترد کردیں

گلوکار کولی ایلشن موسیقی کی دنیا میں غیر معمولی کامیابیاں سمیٹ چکی ہیں

بانی اے آئی کل سوچ کیا ہے

ہمت

"اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مالدار ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے اور تندرستی اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مالداری سے بہتر چیز ہے اور قلب کی خوشی اور اطمینان اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔"

مسئلہ کشمیر پر اقوام متحدہ کے ترجمان کا بیان

اقوام متحدہ نے واضح کیا ہے کہ وہ کئی دہائیوں سے جاری تنازعہ کشمیر کے بارے میں اپنے موقف پر قائم و دائم ہے۔ اقوام متحدہ کے ترجمان سٹیفین دوجارک نے نیویارک میں ادارے کے ہیڈ کوارٹرز میں معمول کی بریفنگ کے دوران بھارت میں امریکی سفیر سرجیو گور کی جانب سے جموں و کشمیر کی حیثیت کے بارے میں حالیہ بیان سے متعلق ایک سوال کے جواب میں کہا کہ میں سفیر کے بیان پر تبصرہ نہیں کر رہا، ہمارا موقف وہی ہے جو پہلے سے چلا آ رہا ہے۔ کشمیر کے تنازعہ پر اقوام متحدہ کا موقف یہ رہا ہے کہ یہ ایک بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازعہ علاقہ ہے اور اسے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق مذاکرات کے ذریعے پر امن طور پر حل کیا جانا چاہیے۔ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ مسئلہ کشمیر کو تقریباً آٹھ دہائیوں کا عرصہ مکمل ہونے کو ہے مگر یہ تنازعہ آج بھی جنوبی ایشیا کے امن کے لیے سب سے بڑا خطرہ بنا ہوا ہے۔ اقوام متحدہ نے کئی دہائیاں قبل کشمیر کے عوام کو حق خودارادیت دینے کے لیے قراردادیں منظور کی تھیں جن میں واضح طور پر کہا گیا تھا کہ اس متنازعہ خطے کے مستقبل کا فیصلہ خود کشمیری عوام آزادانہ رائے شماری کے ذریعے کریں گے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ بھارت نے ان قراردادوں کو کبھی سنجیدگی سے قبول نہیں کیا، بلکہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان سے مسلسل انحراف کرتا رہا۔ 5 اگست 2019 کو آئین کے آرٹیکل 370 اور 35-اے کے یکطرفہ خاتمے نے اس رویے کو مزید واضح کر دیا۔ مقبوضہ کشمیر میں گزشتہ برسوں کے دوران انسانی حقوق کی صورتحال مسلسل سوالیہ نشان بنی رہی ہے۔ عالمی سطح پر مختلف اداروں اور اقوام متحدہ سے وابستہ ماہرین کی رپورٹیں اس امر کی نشاندہی کرتی رہی ہیں کہ مقبوضہ وادی میں صحافیوں، طلبہ اور انسانی حقوق کے کارکنوں کی گرفتاریاں، عوامی سطح پر جبر، مواصلاتی بندشیں اور میڈیا پر پابندیاں معمول بن چکی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اقوام متحدہ اپنی ہی منظور کردہ قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنانے میں اب تک ناکام کیوں رہا ہے؟ بھارت کی جانب سے مقبوضہ وادی میں آبادی کے تناسب کو تبدیل کرنے کی کوششیں، ڈومیسائل قوانین میں تبدیلیاں اور مقامی زمینوں کی ملکیت کے قوانین میں نرمی جیسے اقدامات کو بین الاقوامی قانون کے تحت متنازعہ علاقوں میں غیر قانونی تصور کیا جاتا ہے۔ اس صورتحال میں اقوام متحدہ کا کردار محض بیانات جاری کرنے تک محدود نہیں رہنا چاہیے۔ اسے چاہیے کہ وہ اپنی قراردادوں پر عملدرآمد کے لیے سفارتی، سیاسی اور اگر ضرورت پڑے تو دیگر ذرائع بھی بروئے کار لائے تاکہ کشمیری عوام کو حق خودارادیت حاصل ہو سکے۔

پچر کا افسوس ناک واقعہ: حادثہ، غفلت یا سازش؟

فرحت عباس شاہ

نئے صوبے: پاکستان کے انتظامی مستقبل کا اہم سوال

ام ایمن

پچر کی خیمہ بستی

عبداللہ طارق سہیل

انسان خود ہی اپنی ترقی کے درپے ہے

مسرت قیوم

سانحہ پچر: چودہ ننھی قبریں اور جوابدہی کا سوال

محمد اکرم چوہدری

رحمت بر جہاںؐ

رابعہ رحمٰن

"سپیڈ گن"

حافظ محمد عمران

بقیہ 1
دے رہے ہیں۔ ان کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ یہ عہدے اور منصب کسی کے ساتھ وفادار نہیں رہتے، ان کو پھر اسی عوام کے ساتھ رہنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے قومی اسمبلی کے اسپیکر کے ذریعے چیف سیکریٹری تک یہ بات پہنچائی ہے کہ حکومت جبری طور پر لوگوں کو گھر چھوڑنے پر مجبور کر رہی ہے، جبکہ متبادل طور پر کوئی انتظام نہیں ہے، نہ کوئی خیمہ ہے اور نہ ہی کوئی دیگر سہولیات۔ بلوچستان کے عوام کے ساتھ یہ ناقابلِ برداشت رویہ اختیار کیا جا رہا ہے، جو انتہائی غلط ہے۔ لہٰذا حکومت پہلے کھڈ کوچہ کے عوام کو گھر چھوڑنے پر مجبور کرنے کے بجائے کسی مناسب جگہ پر خیمہ بستی قائم کرے، لوگوں کے کھانے پینے کا انتظام کرے اور اس کے بعد لوگوں کو خیمہ بستی میں منتقل کرے۔

بقیہ 2
نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 3
کی فائر بریگیڈز اور ایمبولینسز فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں جبکہ ڈی جی سیمنٹ اور میونسپل کمیٹی گڈانی کی فائر بریگیڈز نے بھی امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا اور آگ پر قابو پا لیا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعہ میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ 4
کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر صحت نے زیر تعمیر وارڈز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے تعمیراتی کام کے معیار، پیش رفت اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات سے متعلق بریفنگ لی۔ بخت محمد کاکڑ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی کام معیاری اور بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ مریضوں کو بہتر، محفوظ اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کا مقصد صوبے کے سرکاری ہسپتالوں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بناتے ہوئے عوام کو معیاری علاج معالجے کی سہولیات ان کی دہلیز تک پہنچانا ہے۔

بقیہ 5
شفافیت اور میرٹ پر مبنی تقرریوں کا عمل شدید خدشات اور سوالات کی زد میں آ گیا ہے۔ تحصیلدار کی آسامیوں کے لیے 2022ء میں اشتہار شائع کیا گیا تھا، جبکہ ان کے تحریری امتحانات کا انعقاد 2024ء میں ہوا۔ چار سال کی طویل تاخیر کے بعد اگست 2026ء میں انٹرویوز کا سلسلہ شروع ہی ہوا تھا کہ انہیں اچانک ملتوی کر دیا گیا۔ چار سال تک امیدواروں کو ایک ہی آسامی کے لیے لٹکائے رکھنا ان کے مستقبل کے ساتھ سراسر کھلواڑ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اس وقت بے روزگاری کے شدید بحران سے گزر رہا ہے۔ سرکاری اداروں میں کرپشن، اقربا پروری اور غیر قانونی تعیناتیاں عروج پر ہیں، جس کی وجہ سے پبلک سروس کمیشن بے روزگار نوجوانوں کے لیے امید کی آخری کرن سمجھا جاتا ہے۔ اس ادارے میں سیاسی مداخلت سے ہزاروں باصلاحیت نوجوانوں میں شدید مایوسی پھیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری محکمہ صحت کی جانب سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو دوسرے صوبوں کے لوکل/ڈومیسائل کے حامل افراد کو بلوچستان کے محکمہ صحت میں بھرتی کرنے سے متعلق مراسلہ بھیجنا، مقامی نوجوانوں کے حقوق پر ڈاکا ڈالنے کے مترادف ہے۔ بلوچستان میں پہلے ہی سینکڑوں بے روزگار ڈاکٹرز، میڈیکل ٹیکنیشنز اور ڈپلومہ ہولڈرز موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد تمام صوبے اپنی جامعات میں صرف مقامی ڈومیسائل کے حامل افراد کو ہی ملازمتیں دیتے ہیں، جبکہ بلوچستان کی مختلف جامعات میں سندھ، پنجاب اور خیبر پختونخوا کے ڈومیسائل پر بالواسطہ بھرتیوں کا سلسلہ جاری ہے جو کہ سراسر ناانصافی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ تحصیلدار کی آسامیوں کے ملتوی شدہ انٹرویوز کا فوری دوبارہ آغاز کیا جائے اور بلوچستان کے بے روزگار نوجوانوں کے لیے میرٹ پر شفاف تقرریوں کو یقینی بنایا جائے۔ بلوچستان پبلک سروس کمیشن کی سیاسی مداخلت کو ہر قسم کی فوری طور پر روکا جائے۔ محکمہ صحت اور بلوچستان کی تمام جامعات (ہائیر ایجوکیشن) میں دوسرے صوبوں کے ڈومیسائل پر کی جانے والی تمام غیر قانونی تقرریوں کے عمل پر سدباب کیا جائے اور صوبے کے حقدار نوجوانوں کو ان کا جائز حق دیا جائے۔

بقیہ 6
جاتی رہی جبکہ پاکستان کے بحری بیڑے کی تعمیر بھی بیرون ملک ہوتی رہی۔ رپورٹ کے مطابق قومی کارگو میں پاکستان کی اپنی شپنگ صنعت کا حصہ صرف 11 فیصد تک محدود رہا، یہ صورتحال محض انتظامی کمزوری نہیں بلکہ قومی سلامتی اور معاشی خودمختاری کے لیے ایک اسٹریٹجک خطرہ بھی بن چکی تھی۔ اس صورتحال کو تبدیل کرنے کے لیے 24 دسمبر 2024 کو 99 نکاتی روڈ میپ متعارف کرایا گیا جس کی بنیاد پورٹس، لاجسٹکس، شپنگ، جہاز سازی اور ماہی گیری کے شعبوں پر رکھی گئی، رپورٹ کے مطابق روڈ میپ کے 99 میں سے 85 نکات پر عمل درآمد کیا جا چکا ہے۔ اس روڈ میپ کا مقصد پاکستان کے بحری شعبے کو جدید اور عالمی معیار کے مطابق بنانا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ نیشنل پورٹس ماسٹر پلان تیار کیا گیا، یکساں پورٹ ٹیرف نافذ کیا گیا، کراچی پورٹ سے تجاوزات ختم کی گئیں جبکہ جدید کارگو مینجمنٹ سسٹم متعارف کرائے گئے تاکہ بندرگاہوں کی استعداد اور کارکردگی میں نمایاں اضافہ کیا جا سکے۔ فیس لیس کسٹمز اسیسمنٹ اور پاکستان سنگل ونڈو سسٹم کے ذریعے کارگو کلیئرنس کا وقت 53 گھنٹوں سے کم ہو کر 18 گھنٹے رہ گیا ہے۔ کسٹمز، بینکوں اور پورٹ آپریٹرز کو ایک ہی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر لانے سے کاروباری اور تجارتی عمل پہلے کے مقابلے میں زیادہ تیز، شفاف اور آسان بنا دیا گیا ہے۔ 1980 کے بعد پہلی مرتبہ کراچی شپ یارڈ میں تجارتی کنٹینر جہاز کی تعمیر شروع ہو چکی ہے۔ اس جہاز کی قیمت عالمی مارکیٹ کے مقابلے میں کئی ملین ڈالر کم بتائی جاتی ہے۔ نیشنل لاجسٹکس کارپوریشن بھی شپنگ کے شعبے میں شامل ہو چکی ہے جبکہ 8 سال بعد پاکستان کی شپ ری سائیکلنگ انڈسٹری دوبارہ فعال ہو گئی ہے۔ نیشنل ڈریجنگ اینڈ میرین سروسز، این ایل سی، پورٹ قاسم اتھارٹی اور گوادر پورٹ اتھارٹی کا مشترکہ منصوبہ ہے۔ اس کے قیام سے پاکستان پہلی مرتبہ بندرگاہوں کی دیکھ بھال، صفائی اور گہرائی کے معاملے میں بیرونی انحصار سے نکل کر خودکفالت کی جانب بڑھ رہا ہے۔ اسی طرح سنگل پوائنٹ موورنگ منصوبہ توانائی کی سپلائی چین کو مضبوط بنا رہا ہے، جبکہ ڈی پی ورلڈ کے تعاون سے قائم ڈیڈیکیٹڈ فریٹ کوریڈور کراچی پورٹ کارگو کی نقل و حرکت کو مزید موثر بنا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اصلاحات کے نتائج بھی سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں، کراچی پورٹ عالمی درجہ بندی میں 99 ویں سے 69 ویں نمبر پر پہنچ چکی ہے، جبکہ پورٹ قاسم 74 ویں سے 56 ویں نمبر پر آ گئی ہے، کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم دونوں مل کر سالانہ 100 ملین ٹن سے زائد کارگو سنبھال رہے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق گڈز ڈیکلریشن میں 16 فیصد، درآمدی ٹیکس وصولی میں 14 فیصد جبکہ ایکسٹرا ٹیکس کی قانونی درآمدات میں 105 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ قومی بحری مال برداری میں پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کا حصہ بھی 5 فیصد سے بڑھ کر 56 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے۔ اس اضافے کے نتیجے میں پی این ایس سی کی سالانہ آمدنی 162 ملین ڈالر سے بڑھ کر 1.785 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق بحری شعبے میں اصلاحات کے نتیجے میں سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو چکا ہے، عالمی شپنگ کمپنیاں پاکستان کی جانب متوجہ ہو رہی ہیں اور پاکستان خطے میں ایک اہم علاقائی ٹرانس شپمنٹ حب کے طور پر اپنی جگہ بنا رہا ہے۔

بقیہ 7
مینجمنٹ کرنا پڑی، رات کے پیک آورز میں بجلی کی طلب پوری کرنے کے لیے فرنس آئل پلانٹس بھی چلائے گئے۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق آر ایل این جی کے کارگو پہنچتے ہی رات کے اوقات میں عارضی لوڈ مینجمنٹ کم کر دی جائے گی۔ صارفین رات کے پیک آورز میں بجلی کا استعمال اعتدال میں رکھیں تاکہ لوڈ مینجمنٹ کم رہے، دن کے اوقات میں ملک بھر میں کوئی لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جا رہی۔ ترجمان کے مطابق نقصانات والے علاقوں میں بھی مقررہ شیڈول کے مطابق بجلی کی فراہمی جاری رکھی جا رہی ہے۔ پاور ڈویژن کے ترجمان کے مطابق آر ایل این جی کی عدم دستیابی سے عارضی لوڈ مینجمنٹ پر صارفین سے معذرت خواہ ہیں۔

بقیہ 8
مجیب خان مروت کے حوالے سے کئی برسوں سے جو مختلف شکایات سامنے آ رہی ہیں، جن میں مبینہ بدانتظامی، غیر حاضری، اختیارات کے ناجائز استعمال اور مالی بے ضابطگیوں کے الزامات شامل ہیں۔ فوری نوٹس لے کر چمن کے عوام کی شکایات کا ازالہ کیا جائے تعلیمی ادارے قوموں کی امانت ہوتے ہیں، اور اگر کسی ادارے میں شفافیت پر سوالات اٹھ رہے ہوں تو ان کا غیر جانبدارانہ اور فوری نوٹس لینا حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اگر ان شکایات میں صداقت موجود ہے تو یہ نہ صرف تعلیمی نظام بلکہ طلبہ کے مستقبل کے ساتھ بھی زیادتی ہے۔ ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان، نیب، اینٹی کرپشن، محکمہ تعلیم اور دیگر متعلقہ اداروں کی توجہ ایک بار پھر دلانا چاہتے ہیں کہ ڈگری کالج چمن کے معاملات کی آزادانہ اور شفاف تحقیقات کی جائیں۔ مبینہ بے ضابطگیوں کی مکمل جانچ کر کے حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں۔ اگر کوئی فرد قانون شکنی یا کرپشن میں ملوث پایا جائے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے تعلیمی اداروں کو ذاتی مفادات سے پاک کر کے طلبہ کے مستقبل کو محفوظ بنایا جائے۔ جمعیت علماء اسلام نظریاتی اداروں میں شفافیت، انصاف اور احتساب کے لیے ہر آئینی و قانونی آواز میں بھرپور ساتھ دے گی۔ اگر متعلقہ اداروں نے عوامی تحفظات کا سنجیدہ نوٹس نہ لیا تو عوامی سطح پر قانونی، آئینی اور جمہوری طریقے سے مسئلہ اجاگر کیا جائے گا اور چمن کے عوام احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

بقیہ 9
کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر صدر محمد ایوب بریانی اور دیگر عہدیداران و کابینہ سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ایڈمنسٹریٹر بشیر احمد بنگلزئی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کا وژن ہے کہ کوئٹہ کو ایک صاف، خوبصورت، منظم اور شہری سہولیات سے آراستہ شہر بنایا جائے، اور میٹروپولیٹن کارپوریشن اسی وژن کو عملی شکل دینے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لا رہی ہے۔ اس مقصد کے حصول کیلئے متعلقہ اداروں، تاجر برادری اور شہریوں کا تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اور کوئٹہ کی تاجر و کاروباری برادری کے درمیان مضبوط رابطہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ شہر کے مسائل کسی ایک ادارے کی کوششوں سے حل نہیں ہو سکتے، اس کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ بشیر احمد بنگلزئی نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں بلڈنگ کوڈز اور دیگر تعمیراتی قوانین کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی جاری رکھی جائے گی، جبکہ شہر کے تجارتی و رہائشی علاقوں میں عوامی سہولیات اور ٹریفک کی روانی کو متاثر کرنے والی تجاوزات کے خاتمے کیلئے بھی مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کے مطابق شفافیت، میرٹ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بناتے ہوئے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے زیر نگرانی جاری ترقیاتی اور دیگر شہری امور کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔ تمام امور قانون، قواعد و ضوابط اور میرٹ کے مطابق انجام دیے جائیں گے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ایڈمنسٹریٹر نے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اپنی نئی ٹیم کے ساتھ شہر کی بہتری کیلئے مربوط اور مؤثر انداز میں کام کیا جائے گا۔ تمام افسران و اہلکاروں کو اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دینے کی ہدایت کی جائے گی۔ ہماری اولین ترجیح وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق کوئٹہ کو صاف، منظم، خوبصورت اور شہریوں کیلئے ایک بہتر شہر بنانا ہے۔ انہوں نے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران سے اپیل کی کہ وہ تجاوزات کے خاتمے، بلڈنگ کوڈز پر عملدرآمد، صفائی ستھرائی، شہر کی خوبصورتی اور دیگر شہری مسائل کے حل کیلئے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ بشیر احمد بنگلزئی نے کہا کہ تاجر برادری شہر کی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کاروباری برادری کے جائز مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کرے گی۔ باہمی مشاورت اور مشترکہ اقدامات کے ذریعے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کو عملی جامہ پہناتے ہوئے کوئٹہ کو ایک بہتر، صاف، خوبصورت اور منظم شہر بنانے کیلئے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ اس موقع پر کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد ایوب بریانی اور دیگر عہدیداران نے بھی شہر کی بہتری اور کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل کیلئے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ساتھ تعاون اور مثبت کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 10
مندوخیل اور جسٹس نعیم اختر افغان شامل ہیں۔ سپریم کورٹ کے یہ بنچز 31 اگست 2026 سے جمعہ 4 ستمبر 2026 تک کوئٹہ میں مقدمات کی سماعت کریں گے۔ اس مقصد کے لیے پہلے سے جاری شدہ مقدمات کی کاز لسٹ/فہرست سپریم کورٹ آف پاکستان کی آن لائن کیس انفارمیشن ویب سائٹ پر دستیاب کر دی گئی ہے۔

بقیہ 11
سے دو موقع پر ہلاک ہو گیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کی شناخت سید نور سکنہ

ہرنائی کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 12
سنگین اور مخدوش صورتحال کا سامنا کر رہا ہے اس میں غیر ذمہ داری کا عنصر سب سے اہم مسئلہ بن چکا ہے۔ ستر کی دہائی سے لے کر آج تک بلوچستان کے مسئلے کو حقیقت پسندانہ انداز میں حل کرنے اور سیاسی لچک کا مظاہرہ کرنے کے بجائے اسے انا کا مسئلہ سمجھنے والے عناصر نے حالات کو اس نہج تک پہنچا دیا ہے۔ صوبے کے موجودہ حالات کسی صورت تسلی بخش نہیں، شورش، بدامنی اور غیر یقینی کی کیفیت کم ہونے کے بجائے مسلسل بڑھ رہی ہے، خواتین کا اس جنگ میں داخل ہونا اور جنگ کا پہاڑوں سے نکل کر بازاروں اور شہری علاقوں تک منتقل ہونا صورتحال کی سنگینی اور پیچیدگی کا واضح اظہار ہے۔ اس مسئلے کا اول و آخر حل باہمی گفت و شنید، سیاسی مکالمے اور بامعنی مذاکرات میں ہے، اس کے بغیر اختیار کیا جانے والا ہر دوسرا آپشن نہ صرف غیر موزوں ہوگا بلکہ حالات کو مزید پیچیدہ کر سکتا ہے۔ جمعیت علماء اسلام اپنے سیاسی تحفظات کے باوجود صوبے کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر ہر طرح کے تعاون کی پیشکش کر چکی ہے اور سمجھتی ہے کہ اس حوالے سے سب سے بنیادی ضرورت اعتماد سازی کی ہے، حکومت اور تمام متعلقہ فریقین کو انا، ضد اور تصادم کے بجائے سنجیدگی، تدبر اور سیاسی بصیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذاکرات اور اعتماد سازی کے عمل کو آگے بڑھانا ہوگا، کیونکہ بلوچستان کے مسئلے کا پائیدار حل طاقت اور تصادم میں نہیں بلکہ سیاسی بصیرت، باہمی اعتماد اور سنجیدہ و بامقصد مذاکرات میں مضمر ہے۔

بقیہ 13
ایس ایس پی خضدار روشن ذشتی نے پریس کانفرنس کے دوران کارروائی کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزمان سے تفتیش جاری ہے اور قتل کے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق مقدمے کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جا رہے ہیں اور شواہد کی روشنی میں مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ واضح رہے کہ 4 اگست 2026 کو اسما جنگ نے ایک ویڈیو جاری کر کے مبینہ ملزم ظہور جمالزئی سے اپنے خاندان کو لاحق خطرے سے آگاہ کیا تھا، جس کے چند گھنٹے بعد ان کی رہائش گاہ کے باہر ان کے والد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا تھا۔ واقعے کے بعد بلوچستان بھر میں شدید تشویش اور غم و غصے کا اظہار کیا گیا تھا، جبکہ ملزمان کی گرفتاری اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ بھی سامنے آیا تھا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ گرفتار افراد سے تفتیش کے بعد قتل کے محرکات، دیگر ممکنہ ملزمان اور واقعے میں ان کے کردار سے متعلق مزید اہم معلومات سامنے آنے کی توقع ہے۔

بقیہ 14
نے 9 سے 10 موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر 6 سے 8 لوڈ مزدا ٹرکوں کو روک لیا۔ مسلح افراد تین لوڈ مزدا ٹرک اپنے ہمراہ لے گئے جبکہ دیگر ٹرکوں کو چھوڑ دیا۔ مسلح افراد ٹرکوں سمیت چتر کے علاقے سے شال کی جانب فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تفصیلات حاصل کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 15
تاہم اب یہ مقاصد ایک بار پھر تبدیل ہو گئے ہیں۔ ڈگلس سلیمان نے کہا کہ ٹرمپ اب آبنائے ہرمز کو کھلوانے اور ایران کے جوہری پروگرام کو محدود کرنے یا ختم کرنے کے لیے مذاکرات چاہتے ہیں۔ سابق امریکی سفارت کار کے مطابق ان مقاصد میں تبدیلی کو وائٹ ہاؤس میں موجود ریپبلکن جنگی حکمتِ عملی کو واضح کرنا قرار دے سکتے ہیں جبکہ ناقدین کے نزدیک یہ اس بات کی علامت ہے کہ جنگ شروع کرتے وقت امریکا کو معلوم نہیں تھا کہ اسے کیا حاصل کرنا ہے اور اب جنگ سے نکلنے کے لیے اہداف کا معیار کم کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 16
زرعی معیشت اور آنے والی نسلوں کا مستقبل ہیں۔ کسی علاقے میں بدامنی یا حملوں کا جواز بنا کر پورے علاقے کے لوگوں کو نقل مکانی پر مجبور کرنا یا ان کے باغات تباہ کرنے کی بات کرنا انتہائی تشویشناک اور قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ریاست شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہو جائے اور پھر اسی ناکامی کا بوجھ عوام، زمینداروں اور کسانوں پر ڈال دے تو یہ حکمرانی نہیں بلکہ اپنی ذمہ داری سے فرار ہے۔ امن و امان قائم کرنا ریاست اور حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے، جبکہ اپنی زمینوں اور باغات کی حفاظت کرنا عوام کو ریاستی فرائض کا متبادل نہیں بنایا جا سکتا۔ نیشنل پارٹی کے رہنما نے کہا کہ بلوچستان پہلے ہی پانی کی شدید قلت، خشک سالی، ماحولیاتی تبدیلی اور زرعی بحران کا سامنا کر رہا ہے۔ ایسے حالات میں باغات کو کاٹنے یا تباہ کرنے کی بات کرنا ماحولیاتی اور معاشی دونوں اعتبار سے انتہائی خطرناک سوچ ہے۔ جو درخت اور باغات برسوں کی محنت سے پروان چڑھتے ہیں، انہیں چند لمحوں کے حکومتی حکم سے ختم نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ باغات ختم کرنے کی بات کرنے کے بجائے مستونگ اور قلات میں مؤثر سیکیورٹی، قانون کی بالادستی اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنائے۔ اگر کسی مخصوص مقام سے حملے ہو رہے ہیں تو ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے، مگر پورے علاقے کے زمینداروں، کسانوں اور عام آبادی کو سزا دینا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انیل غوری نے واضح کیا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان کے عوام کے معاشی، انسانی اور ماحولیاتی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ باغات کی تباہی، عوام کی جبری نقل مکانی اور حکومتی ناکامی کا بوجھ شہریوں پر ڈالنے کے خلاف نیشنل پارٹی ہر آئینی، قانونی، سیاسی اور جمہوری فورم پر بھرپور آواز بلند کرے گی۔ امن چاہیے، باغات کی تباہی نہیں تحفظ چاہیے، عوام کی بے دخلی نہیں حکومت اپنی ذمہ داری نبھائے، عوام کو سزا نہ دے۔

بقیہ 17
جائزہ لیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ سوڈیم میں پانی کا ذخیرہ تیزی سے کم ہو رہا ہے اور موجودہ ذخیرہ تقریباً دو سے تین ماہ کے لیے کافی ہے۔ پانی کی مسلسل فراہمی یقینی بنانے کے لیے شادی کور ڈیم سے سپلائی فعال کر دی گئی ہے اور دونوں ذرائع سے روزانہ تقریباً 30 سے 35 لاکھ گیلن پانی فراہم کیا جا رہا ہے ڈائریکٹر جنرل نے دستیاب آبی وسائل کے مؤثر استعمال اور متبادل ذرائع کو بروئے کار لانے کی ہدایت کرتے ہوئے 1.2 ایم جی ڈی ڈی سیلینیشن پلانٹ کو مکمل استعداد پر چلانے کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کی اجلاس میں گوادر کے پانی کی فراہمی کے نظام کی مجموعی کارکردگی، ڈسٹری بیوشن، بلنگ اور ریکوری کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بتایا گیا کہ گزشتہ پانی کے بحران کے بعد شہر میں پانی کی فراہمی کو مؤثر انداز میں برقرار رکھا گیا ہے، جبکہ شادی کور ڈیم سے منسلک متعدد دیہات میں بھی طویل عرصے سے جاری پانی کی قلت دور کر کے سپلائی بحال کی گئی ہے واجبات کی وصولی کے حوالے سے بھی اقدامات کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 18
کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل والٹس کے فروغ اور مالیاتی نظام کی ڈیجیٹل منتقلی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ وزیر مملکت نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کو قومی ترقی کے لیے ایک اہم اور مؤثر پروگرام قرار دیتے ہوئے کہا کہ کونسل کے پلیٹ فارم سے قومی ترقی اور سرمایہ کاری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ متعلقہ ادارے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے ذریعے قومی ترقی کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں۔

بقیہ 19
ضروریات، سہولت اور بہتر ٹرانسپورٹ نظام کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف مسافر گاڑیوں کو مخصوص علاقوں کے لیے روٹ پرمٹ جاری کیے ہیں۔ روٹ پرمٹ کا مقصد دور دراز علاقوں کے عوام کو باقاعدہ، محفوظ، معیاری اور آسان سفری سہولت فراہم کرنا ہے، تاہم بعض ٹرانسپورٹرز مبینہ طور پر اپنے مقررہ روٹس پر سروس چلانے کے بجائے نوشکی بس اڈہ سے کوئٹہ کے لیے گاڑیاں چلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب کسی مسافر کوچ کو احمد وال، انام بوستان، ڈاک خرینہ اور دیگر علاقوں کے لیے روٹ پرمٹ جاری کیا جاتا ہے تو متعلقہ ٹرانسپورٹر کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اپنے مقررہ روٹ پر باقاعدگی سے گاڑی چلائے تاکہ وہاں کے عوام کو سفری سہولت میسر رہے۔ انہوں نے کہا کہ روٹ پرمٹ کے برخلاف گاڑیوں کو چلانے سے نہ صرف محکمہ ٹرانسپورٹ کے وضع کردہ نظام متاثر ہو رہا ہے بلکہ ان علاقوں کے مسافر بھی مشکلات سے دوچار ہیں جن کے لیے مذکورہ گاڑیوں کو مخصوص روٹس کے پرمٹ جاری کیے گئے ہیں۔ متعلقہ روٹس پر ٹرانسپورٹ سروس دستیاب نہ ہونے کے باعث عوام کو دیگر ذرائع آمد و رفت استعمال کرنا پڑتے ہیں، جس سے انہیں اضافی اخراجات اور وقت کے ضیاع کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ درج ذیل مسافر کوچز کو مختلف روٹس کے لیے روٹ پرمٹ جاری کیے گئے ہیں، تاہم ان کے مطابق یہ گاڑیاں اپنے اصل روٹس پر سروس فراہم کرنے کے بجائے نوشکی بس اڈہ سے کوئٹہ کے لیے چلائی جا رہی ہیں: 1. کوئٹہ تو احمد وال تو لغتان سابقہ نام موجودہ نام الناصر کوچ 2. کوئٹہ تو انام سابق انام بوستان مولاداد، موجودہ نام میر عمران کوچ 3. کوئٹہ تو احمد وال سابقہ نام حاجی رادو خان، موجودہ نام انڈیا کوچ 4. کوئٹہ تو انام بوستان سابقہ نام حاجی ملک اسماعیل، موجودہ نام العمر شریف کوچ 5. کوئٹہ تو مل سابقہ نام سردار علی احمد، موجودہ نام ابھیم کوچ 6. کوئٹہ تو انام بوستان حاجی یار محمد، موجودہ نام میر الیاس کوچ 7. کوئٹہ تو احمد وال آزاد خان، موجودہ نام العمر شریف کوچ 8. کوئٹہ تو انام بوستان اللہ نور، موجودہ نام الطارق کوچ 9. کوئٹہ تو انام بوستان ملک محمد اسماعیل، موجودہ نام العمر شریف کوچ 10. کوئٹہ تو انام بوستان اللہ نظر، موجودہ نام العباس کوچ 11. کوئٹہ تو ڈاک خرینہ مولا خدائے رحیم، موجودہ نام الدستگیر کوچ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کے شعبے میں روٹ پرمٹ کی پابندی، مسافروں کی سہولت اور مقررہ روٹس پر باقاعدہ سروس کی فراہمی انتہائی ضروری ہے۔ اگر مسافر گاڑیاں اپنے اصل روٹس پر نہیں چلیں گی تو روٹ پرمٹ جاری کرنے کا بنیادی مقصد ہی متاثر ہوگا اور متعلقہ علاقوں کے عوام سفری مشکلات کا شکار رہیں گے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر نوشکی، ایس پی نوشکی اور محکمہ ٹرانسپورٹ بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مذکورہ گاڑیوں کے روٹ پرمٹس کی جانچ پڑتال کی جائے اور انہیں ان کے مقررہ روٹس پر چلانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ روٹ پرمٹ کے برخلاف نوشکی بس اڈہ سے کوئٹہ کے لیے چلنے والی گاڑیوں کی قانونی حیثیت اور روٹ پرمٹ کی مکمل جانچ کی جائے اور خلاف ورزی ثابت ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹرانسپورٹرز کے خلاف قانون اور محکمہ ٹرانسپورٹ کے قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز کا بھی فرض ہے کہ وہ عوام کو محفوظ، باقاعدہ، آرام دہ اور معیاری سفری سہولیات فراہم کریں اور محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے جاری کردہ روٹ پرمٹ اور دیگر قانونی ضوابط کی مکمل پابندی کریں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ان کے جائز اور قانونی مطالبات پر فوری توجہ نہ دی گئی اور روٹ پرمٹ کی خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری رہا تو ٹرانسپورٹرز احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ معاملے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے عوام اور ٹرانسپورٹرز کے مفادات میں فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ نوشکی سمیت رخشان ڈویژن کے مختلف علاقوں میں ٹرانسپورٹ کا نظام بہتر بنایا جا سکے اور مسافروں کو ان کے علاقوں تک باقاعدہ اور آسان سفری سہولت فراہم ہو۔

بقیہ 20
بھارتی بچے جبری مشقت کی اذیت سہنے پر مجبور ہیں۔ نام نہاد بڑی معیشت کے دعویدار بھارت میں بھوک اور افلاس کے ہاتھوں مجبور کروڑوں بچے جبری مشقت کرنے پر مجبور ہیں۔ جاپان کے قومی نشریاتی ادارے این ایچ کے کے مطابق بھارت میں ایک دہائی قبل چودہ سال سے کم عمر بچوں کی ملازمت پر پابندی عائد کی گئی، مگر پچاس لاکھ بچے اب بھی صنعتوں میں کام کرتے ہیں۔ ماضی میں جبری مشقت کا شکار کھیملال کمبترجی نے تعلیمی این جی او بنا کر تین سو سے زائد بچوں کو مشقت سے نجات دلائی۔ جاپانی میڈیا کے مطابق بھارت میں چائلڈ لیبر کے خاتمے کی کوششیں آج بھی بڑے چیلنج سے دوچار ہیں۔ ماہرین کے مطابق بھارت میں چائلڈ لیبر کا بڑھتا رجحان نااہل مودی سرکار کی ناکام معاشی پالیسیوں اور سماجی تحفظ کے نظام کی ناکامی کا عکاس ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ بھارت میں لاکھوں بچوں کا جبری مشقت پر مجبور ہونا نام نہاد معاشی ترقی کے دعووں پر بڑا سوالیہ نشان ہے۔

بقیہ 21
معاش دینے میں ناکام ہے۔ معاشی بدحالی کے باعث افغان خواتین اور بچے معمولی اجرت پر گھروں میں کام کرنے پر مجبور ہیں۔ افغان طالبان رجیم نے تعلیم اور روزگار پر شدید پابندیاں لگا کر خواتین کے لیے تمام مواقع ختم کر دیے ہیں۔ افغان خاندان اپنی بقا کے لیے بچوں کی تعلیم، اثاثے اور مستقبل قربان کرنے پر مجبور ہیں۔ اقوام متحدہ کے ادارے اوچا کی ترجمان اولگا چیریکو بھی افغانستان میں عوام کی بدترین معاشی حالت کی نشاندہی کر چکی ہیں۔ عالمی اداروں کی رپورٹس طالبان رجیم کی نااہلی اور انتہاپسندانہ پالیسیوں کی وجہ سے بدترین معاشی حالت کو ثابت کرتی ہیں۔

بقیہ 22
محکمہ آثار قدیمہ کے حکام کے مطابق صوبے کی قدیم موسیقی "نوسر" کو یونیسکو نے اپنی عارضی آثار قدیمہ لسٹ میں شامل کر لیا ہے بلوچستان کی منفرد لوک موسیقی اور ثقافتی روایات جو نسلوں سے منتقل ہو رہی ہے اور بلوچستان کی تہذیبی وراثت کی علامت ہے محکمہ آثار قدیمہ کے حکام کے مطابق بلوچستان قدیم تاریخی مقام مہرگڑھ، صوبے کا کاریز سسٹم، جونیپر فارسٹ اور ہنگول لینڈ اسکیپ پہلے ہی یونیسکو کی عارضی ہیریٹیج لسٹ میں شامل ہیں جس کے بعد صوبے کے عالمی آثار قدیمہ کی تعداد 5 ہو گئی ہے۔

بقیہ 23
انڈسٹریل ریلیشن ایکٹ کے تحت قائم پاور ڈویژن کی سی بی اے آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین آئین کے آرٹیکل سترہ اور انیس کے تحت ملک کی منافع بخش پاور کمپنیوں کی اونے پونے نجکاری اور مزدوروں کو بیروزگار کرنے کی پالیسیوں کیخلاف ملک بھر میں سراپا احتجاج ہے۔ ایسے میں حکومت کا نجکاری کیخلاف مزدوروں کی آواز کو دبانے کیلئے آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے مرکزی اور زونل عہدیداروں کو ٹرانسفر کرنا اور ملازمین کی جواب طلبی اور شوکاز نوٹس جاری کرنا انتہائی قابل مذمت اور مزدور دشمن اقدام کیساتھ لیبر قوانین اور آئین پاکستان کی بنیادی انسانی حقوق کی شقوں کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاور ڈویژن اور کیسکو انتظامیہ کے مزدور دشمن اقدامات کیخلاف کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں احتجاج کی کال دی جائے گی جس کی ذمہ داری کیسکو انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

بقیہ 24
آلودگی سے بچانے سے متعلق شعور و آگہی پیدا کرنا ہے۔ اس دن کے حوالے سے مختلف سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقریبات منعقد کی گئیں جن میں ماہرین نے ایٹمی ہتھیاروں کی تباہ کاریوں کے متعلق تفصیلی لیکچر دیے۔

بقیہ 25
شاہراہوں میں چوری، ڈکیتی اور بم دھماکے رپورٹ ہو رہے ہیں، حکومتی رٹ ریڈ زون تک محدود ہو کر رہ گئی ہے ایسے حالات میں بھی حکومت وقت کی جانب سے اس قسم کے ہٹ دھرمی اور تضحیک آمیز رویے مزید جلتی پر تیل چھڑکنے کا باعث بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے روز اول سے بلوچستان میں طاقت کے استعمال کی مخالفت کی ہے اور سیاسی مذاکرات پر زور دیا ہے۔ اسی سلسلے میں نیشنل پارٹی کی جانب سے گزشتہ دنوں وفاقی حکومت کو بھی بلوچستان کے جملہ مسائل کے حل کے لیے جامع تجاویز پیش کی گئی ہیں۔ سعد دہوار نے کہا کہ حکومت کی ناکامی کی سزا عوام کو دینا کسی بھی مہذب حکومت کا شیوہ نہیں ہو سکتا۔ امن و امان قائم کرنا حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے۔ اگر حکومت اس میں ناکام ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ ہزاروں بے گناہ کسانوں کے روزگار، ان کی صدیوں پرانی محنت اور ان کے فصلوں اور باغات کو اجتماعی سزا کے طور پر تباہ کر دے۔ یہ کالونیل سوچ آئین پاکستان کے آرٹیکل A-10 میں دیے گئے منصفانہ ٹرائل اور قانون کی حکمرانی کے اصولوں کے سراسر منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ اور قلات کے فصلیں اور باغات بلوچستان کا قومی سرمایہ، ہزاروں خاندانوں کا معاشی سہارا اور صوبے کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ آئین پاکستان کا آرٹیکل 9 ہر شہری کو زندگی اور معاش کا تحفظ دیتا ہے جبکہ آرٹیکل 23 اور 24 جائیداد کے تحفظ کی ضمانت دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ بیان انسانی حقوق کے عالمی چارٹر اور پاکستان کے ماحولیاتی قوانین کی بھی خلاف ورزی ہے۔ آج جب پورا صوبہ پانی کی قلت اور موسمیاتی تبدیلی کا شکار ہے، ایسے وقت میں باغات کو کاٹنے کا اعلان ماحولیاتی خودکشی کے بھی مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی حکومت سے یہ مطالبہ کرتی ہے کہ وہ فوراً اپنا یہ غیر دانشمندانہ بیان واپس لے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ زمینداروں کو تحفظ دے، سیکیورٹی کے انتظامات کو بہتر کرے، بجائے اجتماعی سزا کے طور پر انہیں بے دخل کرنے اور باغات کاٹنے کی دھمکیاں دینے کی کیونکہ سیکیورٹی کی ذمہ داری ریاست اور حکومت کی ہے عام عوام کی نہیں۔ نیشنل پارٹی اس غیر آئینی اور غیر انسانی فیصلے اور مطالبے کے خلاف ہر قانونی، آئینی اور عوامی سطح پر بھرپور سیاسی مزاحمت کرے گی۔

بقیہ 26
سائیکل چوری میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے دو مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 27
تنصیبات کو اربوں ڈالرز کا نقصان پہنچایا ہے۔ واضح رہے کہ میڈیا رپورٹس میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ امریکا کے پاس میزائلوں کو روکنے والے انٹرسیپٹرز کی تعداد تیزی سے کم ہو رہی ہے، جن کی تیاری مہنگی ہونے کے ساتھ ساتھ وقت طلب بھی ہے۔

بقیہ 28
کو درپیش مسائل براہ راست سنے جائیں اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا سکیں۔ کھلی کچہری کا بنیادی مقصد عوام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید مضبوط بنانا، شہریوں کی شکایات سننا، ان کے مسائل کا بروقت ازالہ کرنا اور مختلف سرکاری محکموں سے متعلق عوامی مشکلات کو متعلقہ افسران تک پہنچانا تھا۔ اس موقع پر مانی خواہ اور ضلع شیرانی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل، مشکلات اور عوامی ضروریات ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ محکموں کے افسران کے سامنے پیش کیے۔ عوام نے مختلف شعبوں، جن میں تعلیم، صحت، آبنوشی، سڑکیں، بجلی، مواصلات، زراعت، بلدیاتی امور، ریونیو، جنگلات، پولیس اور دیگر سرکاری خدمات شامل ہیں، سے متعلق اپنے مسائل بیان کیے۔ ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے عوام کی شکایات اور مسائل کو توجہ سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات دیں کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری اداروں کا بنیادی مقصد عوام کو سہولیات فراہم کرنا اور ان کی مشکلات کم کرنا ہے۔ کھلی کچہری میں تمام متعلقہ سرکاری محکموں کی موجودگی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کو ترجیح دے رہی ہے اور مختلف محکموں کے درمیان بہتر رابطے کے ذریعے مسائل کے حل کی کوشش کی جا رہی ہے۔ عوامی حلقوں نے بھی کھلی کچہری کے انعقاد کو ایک مثبت اور خوش آئند اقدام قرار دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ عوام کا کہنا تھا کہ اس طرح کی کھلی کچہریاں نہ صرف شہریوں کو اپنے مسائل براہ راست اعلیٰ انتظامی افسران تک پہنچانے کا موقع فراہم کرتی ہیں بلکہ سرکاری اداروں کو بھی زمینی حقائق اور عوامی مشکلات سے آگاہ ہونے میں مدد ملتی ہے۔ مانی خواں میں کھلی کچہری کا انعقاد عوام اور انتظامیہ کے درمیان فاصلے کم کرنے، مسائل کو براہ راست سننے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ امید ہے کہ آج پیش کیے گئے عوامی مسائل پر متعلقہ محکمے جلد کارروائی کرتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کریں گے۔ سرکاری ادارے عوام کے اصل خادم ہیں، اور عوام کو ریلیف دینا ہی ہمارے عہدے کی اصل معراج ہے۔

بقیہ 29
نے مرکز صحت میں ڈاکٹرز و طبی عملے کی حاضری، ڈیوٹی روسٹر اور زخمیوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ، ڈی این پی پی ایچ آئی اور ڈی ایچ او بارکھان کی جانب سے غیر حاضر ڈاکٹرز اور متعلقہ طبی عملے کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کے احکامات دیے گئے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر تحصیل رکھنی فہد حسین عمرانی کو واقعے کی انکوائری افسر مقرر کر دیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انکوائری کے دوران جس اہلکار کی ڈیوٹی سے غیر حاضری یا غفلت ثابت ہوئی، اس کے خلاف قانون و ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری مراکز صحت میں ہنگامی صورتحال کے دوران فوری طبی امداد کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ انتظامیہ کی جانب سے فوری کارروائی اور ذمہ داران کے تعین کی یقین دہانی پر لواحقین نے احتجاج ختم کر دیا، جس کے بعد رکھنی بائی پاس، این 70- کو ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا

بقیہ 30
کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے میر محمد نعیم خان عمرانی نے کہا کہ عوام نے جس اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں کامیاب کرایا ہے، وہ اس پر تہہ دل سے ان کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے بھائی شہید محمد اسلم خان عمرانی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنے وارڈ کے عوام کی خدمت کو اپنا اولین مقصد بنائیں گے اور علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے نعیم خان عمرانی نے مزید کہا کہ ان کی ترجیح ذاتی مفادات نہیں بلکہ عوامی خدمت اور علاقے کی تعمیر و ترقی ہے۔ وارڈ میں صفائی ستھرائی، نکاسی آب، پینے کے صاف پانی، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں اور حکام سے مؤثر انداز میں رابطہ کیا جائے گا۔ میر محمد نعیم خان عمرانی نے عزم ظاہر کیا کہ وہ عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن فورم پر آواز بلند کریں گے اور اپنے وارڈ کے عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔

بقیہ 31
ابھی سے کرنا ہوگی۔ ایچ ایس ایس پی 2026ء کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ پاکستان کے قیام کے وقت وسائل کی شدید کمی تھی، ہمارے بزرگوں نے انتہائی مشکل حالات میں ملک کو سنبھالا اور دشمنوں کے عزائم ناکام بنائے۔ پاکستان مسلسل جدوجہد کے ذریعے آگے بڑھتا رہا اور آج جدید ٹیکنالوجی، ایٹمی صلاحیت اور دیگر شعبوں میں اہم مقام رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف پانچویں نسل کی جنگ مسلط کی گئی جس کے ذریعے نوجوانوں میں مایوسی پیدا کرنے کی کوشش کی گئی، ہمیں پاکستان کی کامیابیوں اور مثبت پہلوؤں کو بھی اجاگر کرنا ہوگا۔ پاکستانی ڈاکٹرز اور نرسز کی قابلیت کو دنیا بھر میں تسلیم کیا جاتا ہے جبکہ پاکستانی نرسز کی عالمی سطح پر بہت زیادہ مانگ ہے۔

بقیہ 32
خان نے رکن قومی اسمبلی سحر کامران اور سید سبط الحیدر بخاری کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئی ٹی بل کی واپسی دراصل پاکستان کے عوام کی فتح ہے، جنہوں نے اپنے بنیادی اور آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے بھرپور آواز بلند کی، اس کامیابی کا سب سے بڑا کریڈٹ پاکستان کے عوام کو جاتا ہے جنہوں نے کسی بھی صورت اپنے حقوق پر سمجھوتہ قبول نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے عوامی حقوق کے معاملے پر ایک لمحے کے لیے بھی سمجھوتہ نہیں کیا، میری قیادت نے مشکل وقت میں نہ صرف میرا ساتھ دیا بلکہ مکمل حوصلہ دیا کہ عوام کے حقوق کے لیے ڈٹ کر آواز اٹھائی جائے۔ سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ آئی ٹی بل کے حوالے سے مجھ پر کس قدر دباؤ تھا، یہ میں جانتی ہوں اور میری قیادت جانتی ہے، لیکن ہم نے دباؤ کے سامنے جھکنے کے بجائے عوام کے حق میں کھڑے ہونے کا فیصلہ کیا، آج یہ کسی ایک فرد یا جماعت کی نہیں بلکہ پاکستان کے عوام کی فتح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا واضح مؤقف ہے کہ کسی بھی قانون کے ذریعے شہریوں کے بنیادی اور آئینی حقوق سلب نہیں کیے جا سکتے، کسی بھی پاکستانی کے گھر، زمین یا جائیداد کے حوالے سے ایسا قانون قابل قبول نہیں جو شہریوں کو عدم تحفظ کا شکار کرے، عوام اپنی جائیداد کے خود مالک ہیں اور کسی کو قانون کے نام پر کسی شہری کی ملکیت پر قبضے کا اختیار نہیں دیا جا سکتا۔ سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ کی طرح آئندہ بھی عوام کے حقوق، ان کی ملکیت اور آئینی تحفظ کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔ پاکستان کے عوام کو مبارکباد پیش کرتی ہوں، یہ فتح عوام کی ہے اور عوامی آواز کی فتح ہے۔ سینیٹر پلوشہ خان نے پیزر میں پیش آنے والے اندوہناک سانحے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحے میں 14 معصوم بچوں کی جانیں چلی گئیں، جن کے خاندانوں خصوصاً ماؤں کے دکھ کا کوئی مداوا نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں خدشہ ہے کہ کہیں سانحے کے شواہد مٹا کر حقائق کو چھپانے کی کوشش نہ کی جائے، حکومت فوری طور پر انکوائری رپورٹ عوام کے سامنے پیش کرے تاکہ حقائق قوم کے سامنے آ سکیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ گزشتہ تین سال کے دوران پیزر کو ملنے والے 22 ارب روپے کہاں خرچ ہوئے؟ اس معاملے کا مکمل اور شفاف آڈٹ کرایا جائے اور عوام کو بتایا جائے کہ یہ رقم کہاں اور کس مد میں خرچ کی گئی۔ سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ خدشہ ہے کہ اصل ذمہ دار بڑے حکام کو بچانے کے لیے چھوٹے ملازمین پر ملبہ ڈالنے کی کوشش کی جائے گی، ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اصل ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور کسی بھی بااثر شخص کو بچانے کی کوشش نہ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پیزر میں موجود بعض اعلیٰ حکام کی جانب سے شواہد چھپانے کی کوششوں کے خدشات موجود ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی اس معاملے کو فائلوں میں دبنے نہیں دے گی، دونوں ایوانوں میں اس معاملے پر بھرپور آواز اٹھائی جا رہی ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ انکوائری رپورٹ فوری طور پر پبلک کی جائے اور تمام حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں۔ سینیٹر پلوشہ خان نے سندھ کی تقسیم کی باتوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے عوام کسی بھی صورت سندھ کی تقسیم قبول نہیں کریں گے، ایم کیو ایم ایک عرصے سے سندھ کی تقسیم کی کوششوں میں مصروف ہے، تاہم سندھ کے عوام ایسی تمام کوششوں کو مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ ایک وحدت ہے اور اس کی تقسیم کے حوالے سے کسی بھی کوشش کو عوام کی حمایت حاصل نہیں ہوگی، ایوان میں سندھ کی تقسیم کے خلاف قرارداد بھی پیش کی گئی ہے جسے اکثریت سے منظور ہونا چاہیے۔ رکن قومی اسمبلی سحر کامران نے کہا کہ آئی ٹی بل عوام پر مسلط کرنے کی کوشش کی گئی، بل میں ایسی شقیں شامل تھیں جن کے تحت اگر کوئی شہری اپنے گھر پر ٹاور لگانے کی اجازت نہ دے تو اسے جرمانے کا سامنا کرنا پڑ سکتا تھا، جو انتہائی تشویشناک امر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹر پلوشہ خان نے ہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس بل کے خلاف آواز اٹھائی اور عوام کے بنیادی حقوق کے دفاع کے لیے ڈٹ کر کھڑی ہوئیں، قومی اسمبلی میں جس انداز سے قانون سازی کی جا رہی ہے، اس پر ہمیں تحفظات ہیں۔ سحر کامران نے مطالبہ کیا کہ آئندہ قانون سازی کے عمل کو مزید شفاف بنایا جائے اور ارکان پارلیمنٹ کو قانون سازی کے عمل میں مؤثر طور پر شامل کیا جائے۔ پیزر سانحے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جن ماؤں کے جگر گوشے ان سے بچھڑ گئے، ان کے دکھ کا کوئی مداوا نہیں ہو سکتا۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ سانحے کی شفاف تحقیقات کرائے، اصل ذمہ داروں کا تعین کرے اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہم کرے۔

بقیہ 33
کیے گئے، جن میں بالخصوص موٹر سائیکلز، گاڑیاں اور رکشے شامل ہیں۔ یہ تمام ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے اور غلط سمت (One-way) میں گاڑی چلانے میں ملوث پائے گئے۔ ٹریفک حکام کے مطابق قانون کی پاسداری نہ کرنے والوں کے خلاف بلا تفریق کارروائی جاری رہے گی تاکہ حادثات سے بچا جا سکے اور شہر میں ٹریفک نظام کو بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ 34
ہے کہ دہشت گردی کے کسی واقعے کو بنیاد بنا کر پوری آبادی، زمینداروں اور محنت کشوں کو کٹہرے میں کھڑا کرنا نہ سیاسی بصیرت ہے اور نہ ہی قانون و انصاف کے تقاضوں سے مطابقت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی نجی جائیداد میں دہشت گردوں کی موجودگی یا کسی حملے کے مبینہ طور پر وہاں سے کیے جانے کی صورت میں جائیداد کے مالک کو محض ملکیت کی بنیاد پر دہشت گردوں کا سہولت کار قرار دینا قانونی اصولوں کی صریح خلاف ورزی اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے منافی طرز عمل ہے۔ جرم کا تعین شواہد اور تحقیقات سے ہوتا ہے حکومتی بیانات یا مفروضوں سے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ کے عوام کو دوسری جگہ منتقل کرنے اور باغات ختم کرنے جیسے بیانات انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور قابل مذمت ہیں۔ چند افراد کی مبینہ کارروائیوں کی سزا ہزاروں بے گناہ شہریوں، زمینداروں، کسانوں اور محنت کشوں کو دینا اجتماعی سزا کے مترادف ہے جسے کسی مہذب، جمہوری اور آئینی معاشرے میں قبول نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اگر دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائی کرنا چاہتی ہے تو شواہد اکٹھے کرے، ذمہ دار افراد کی نشاندہی کرے اور قانون کے مطابق انہیں عدالت کے کٹہرے میں لائے۔ عوام کے باغات، گھروں اور معاش کا خاتمہ مسئلے کا حل نہیں بلکہ ریاست اور عوام کے درمیان فاصلے بڑھانے کا باعث بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ کے زمیندار اور عوام ملک و صوبے کے معاشی ڈھانچے کا حصہ ہیں انہیں مشکوک اور مجرم ثابت کرنے کی کوشش قابل افسوس ہے۔

بقیہ 35
ہے۔ محققین نے بتایا کہ یہ کاکروچ تنگ اور دشوار راستوں سے گزر کر متاثرہ افراد تک پہنچ سکتے ہیں۔ اس حوالے سے تجربات میں دوا پہنچانے کی کامیابی کی شرح 72 فیصد جب کہ قریبی فاصلے سے 95 فیصد رہی۔ سائنس دانوں کا کہنا تھا کہ مستقبل میں انہیں زلزلوں، عمارتیں گرنے، سانپ کے کاٹنے اور دیگر ہنگامی حالات میں جانیں بچانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 36
ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت معذور افراد کو عملی معاونت اور مساوی مواقع فراہم کرنے اور انہیں معاشرے کا فعال حصہ بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ "کمک پروگرام" کے تحت ٹرائی سائیکلوں کی تقسیم ایک اہم اقدام ہے، جس کا مقصد معذور افراد کو درپیش نقل و حرکت کے مسائل کو کم کرنا اور انہیں زیادہ خودمختار، باوقار اور فعال زندگی گزارنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ ڈی جی سماجی بہبود نے کہا کہ ٹرائی سائیکلوں کی تقسیم کے عمل کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ یہ سہولت شفاف انداز میں مستحق اور اہل معذور افراد تک پہنچائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معذور افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور حکومت ان کی رسائی، نقل و حرکت، تعلیم، بحالی اور معاشی و سماجی مواقع میں بہتری کے لیے مزید اقدامات جاری رکھے گی۔ میر سیف اللہ کھیتران نے کہا کہ محکمہ سماجی بہبود وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن اور پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی کی رہنمائی کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے کوشاں ہے تاکہ بلوچستان بھر میں معذور افراد کی فلاح و بہبود اور انہیں بااختیار بنانے کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ "کمک پروگرام" ایک ایسے جامع معاشرے کے قیام میں معاون ثابت ہوگا جہاں معذور افراد کو عزت، مساوی مواقع اور معاشرتی و معاشی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کے یکساں مواقع میسر ہوں گے۔ کمک پروگرام— معذور افراد کو بااختیار بنانے اور ایک جامع بلوچستان کی تعمیر کی جانب اہم قدم ہے۔

بقیہ 37
بحال کی ہدایت کی ایس ایس پی معاذ الرحمان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سنٹرل پولیس آفس کوئٹہ سے ان موٹر سائیکلیں ملنے پر ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان اور صوبائی وزیر فیصل خان جمالی کا تہہ سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے ایک اچھا اقدام کیا ہے انہوں نے کہا کہ نئی موٹر سائیکلوں سے پولیس گشت میں اضافہ ہوگا اور کچھ ایسے علاقے بھی ہیں جہاں پولیس گاڑی نہیں جا سکتی ہے اب ان ایریا میں موٹر سائیکلوں پر پیٹرول کرنے میں پولیس کو آسانی مل جائے گی اور جرائم کی روک تھام میں بڑی مدد ملے گی انہوں نے کہا کہ یہ اقدام عوامی تحفظ اور امن و امان کیلئے ایک مثبت پیش رفت ہے عوام کا تحفظ امن و امان کا قیام پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 38
کارروائی کرتے ہوئے مقدمے میں ملوث 2 ملزمان (فاروق اور نصیب اللہ) کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کر لی ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ کیس کی مرکزی ملزمہ (مقتول کی بیوی) کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 39
واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے اور کل تک تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ سرکاری مراکز صحت میں عوام کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اور عملے کی حاضری کو یقینی بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ غفلت یا کوتاہی کی صورت میں قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انتظامیہ کے مطابق انکوائری رپورٹ کی روشنی میں حقائق سامنے آنے کے بعد مزید کارروائی کا فیصلہ کیا جائے گا

بقیہ 40
حالیہ دنوں میں اسپائیڈر مین، موٹو پتلو، یونانی جنگجوں، ڈریک اور فلمی کرداروں سے متعلق تصاویر اور ویڈیوز استعمال کی گئی ہیں جنہیں حکمران جماعت کے سیاسی پیغامات کے ساتھ جوڑا گیا ہے۔ اس حکمت عملی کو وزیر اعظم نریندر مودی کی حکومت کی جانب سے نوجوان ووٹرز کے ساتھ رابطہ مضبوط کرنے کی کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے کیونکہ بھارت کی آبادی میں نوجوانوں کا حصہ نمایاں ہے۔ بی جے پی کے ایک سوشل میڈیا پیغام میں پارٹی کے مرکزی انسٹاگرام اکاؤنٹ کو اسپارٹیکس سیریز کے ایک جنگجو کردار کے انداز میں پیش کیا گیا جبکہ ریاستی سطح کے اکاؤنٹس کو جنگجوؤں کی شکل میں دکھایا گیا۔ اس پیغام میں قوم پرستی کے جذبات کو نوجوانوں کے لیے مقبول بصری انداز اور انگریزی کے Gen-Z طرز کے الفاظ کے ساتھ ملایا گیا۔ بی جے پی کی حالیہ سوشل میڈیا مہم میں مقبول کارٹون کردار موٹو پتلو اور اسپائیڈر مین بھی دکھائی دیے۔ ایک پوسٹ میں موٹو پتلو کے ذریعے اتر پردیش میں بنیادی ڈھانچے سے متعلق حکومتی اقدامات کو اجاگر کیا گیا۔ اس کے علاوہ کانگریس رہنما اور لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی کو ہدف بناتے ہوئے مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ کارٹون اور تصویری مواد بھی شیئر کیا گیا۔ ایک پوسٹ میں ہالی ووڈ فلم امریکن سائیکو کے ایک منظر کو استعمال کرتے ہوئے راہول گاندھی پر طنز کیا گیا اور دعویٰ کیا گیا کہ ان کا ایک سیاسی بیانیہ ناکام ہو گیا۔ رپورٹ کے مطابق بی جے پی کے نوجوانوں تک رسائی کے نئے انداز کا ایک اہم پہلو وزیر اعظم نریندر مودی کا انسٹاگرام پر عمودی ویڈیوز کے ذریعے براہ راست نوجوانوں سے مخاطب ہونا بھی ہے۔ حال ہی میں پارٹی نے اپنے سوشل میڈیا شعبے میں بھی تبدیلی کی اور طویل عرصے تک اس شعبے کی نگرانی کرنے والے امیت مالویہ کی جگہ دیپک مہیکے کو ذمہ داری سونپی گئی۔

بقیہ 41
جا رہا ہے ڈائریکٹر جنرل نے دستیاب آبی وسائل کے مؤثر استعمال اور متبادل ذرائع کو بروئے کار لانے کی ہدایت کرتے ہوئے 1.2 ایم جی ڈی ڈی سیلینیشن پلانٹ کو مکمل استعداد پر چلانے کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کی اجلاس میں گوادر کے پانی کی فراہمی کے نظام کی مجموعی کارکردگی، ڈسٹری بیوشن، بلنگ اور ریکوری کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بتایا گیا کہ گزشتہ پانی کے بحران کے بعد شہر میں پانی کی فراہمی کو مؤثر انداز میں برقرار رکھا گیا ہے، جبکہ شادی کور ڈیم سے منسلک متعدد دیہات میں بھی طویل عرصے سے جاری پانی کی قلت دور کر کے سپلائی بحال کی گئی ہے واجبات کی وصولی کے حوالے سے بھی اقدامات کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 42
ہے۔ ملزم حریق احمد کی پلی بارگین سے متعلق سماعت احتساب جج قلیم ارشد نے کی۔ عدالت نے ملزم کا پلی بارگین کے حوالے سے بیان قلمبند کرنے کے بعد اس کی توثیق کرتے ہوئے رہائی کے احکامات جاری کر دیے۔ یاد رہے کہ نیب نے ملزم حریق احمد کو مئی 2026 میں گرفتار کیا تھا۔ ملزم بینک میں آپریشن منیجر ہے اور اس نے 40 کروڑ 98 لاکھ روپے کی پلی بارگین کی درخواست دی تھی۔ کوہستان مالیاتی اسکینڈل میں ملزم حریق احمد کے حوالے سے 40 کروڑ روپے سے زائد کی ٹرانزیکشن سامنے آئی تھی۔ چیئرمین نیب نے ملزم کی پلی بارگین درخواست منظور کی، جس کے بعد معاملہ توثیق کے لیے احتساب عدالت کے سامنے آیا۔ ملزم کو عدالت نے سینٹرل جیل سے ضمیمہ ب پر نکالا تھا اور اسے آج عدالت میں پیش کیا گیا۔ احتساب عدالت نے بیان قلمبند کرنے اور پلی بارگین کی توثیق کے بعد ملزم کی رہائی کا حکم جاری کر دیا۔

بقیہ 43
راہگیروں کی مدد سے فوری طور پر علاج معالجے کے لیے اسپنی روڈ پر واقع ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

TENDER NOTICE
SUPPLY & MAINTENANCE OF MEDICAL EQUIPMENT
Sealed bids are invited from GST/NTN registered firms for supply, installation/maintenance of the following equipment at Al Khidmat Hospital Quetta

S.No	Equipment	Qty	Brand/Make
1	Bubble CPAP	2 Nos	Imported/Reputable
2	Infusion Pump	2 Nos	Imported/Reputable
3	Ambu Bag	2 Nos	Imported/Reputable
4	Neonatal Probe	2 Nos	Imported/Reputable
5	BP Cuff Neonatal/Infant	2 Nos	Imported/Reputable
6	Laryngoscopy LED (4 Blades)	1 No	Imported/Reputable
7	Oxygen Regulator	2 Nos	Imported/Reputable
8	NICU Neonatal Monitor	2 Nos	Imported/Reputable
9	Chest Leads	1 Set	Compatible/Original
10	ECG Machine	1 No	Imported/Reputable
11	Air & Nitrous Pipeline System	1 Job	Hospital-approved design
12	Valves	15 Nos	Compatible/Original
13	Points/Outlets	15 Nos	Compatible/Approved
14	Air Compressor System	1 No	Imported/Reputable

TERMS & CONDITIONS
1. Submission: 03-09-2026 by 11:00 AM
2. Bid Opening: 03-09-2026 at 11:30 AM, Administrator Office
3. Bid Security: Not Required
4. Tax: 5.5% Income Tax u/s 153 FBR on goods, deducted at source
5. Eligibility: Valid NTN & GST Registration mandatory
6. Inspection: Site visit before quoting is mandatory
7. Completion: 15 days from Work Order | Warranty: 3 months
8. Submission: Sealed bid at hospital office or via WhatsApp
9. Procurement Committee reserves the right to accept/reject any bid as per rules.

For Information & Submission: Administrator, Al Khidmat Hospital Quetta | Mobile/WhatsApp: 0334-2441220 (Mr. Imran Bashir, Administrator)

بقیہ 1

سازی اور قومی ترقی سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ حکومت ایک ایسے جدید، جامع اور اقدار پر مبنی تعلیمی نظام کی تشکیل کے لیے کام کر رہی ہے جو نوجوانوں کو جدید علوم، تحقیق اور عملی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی اخلاقی، فکری اور تہذیبی تربیت بھی یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ جدید جامعات اور مدارس کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر جمع ہو کر قومی ترقی کو اسلامی اصولوں اور اقدار کے مطابق آگے بڑھانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، پاکستان کو ایسے تعلیمی نظام کی ضرورت ہے جو دینی و اخلاقی تربیت کے ساتھ جدید علوم، سائنس، ٹیکنالوجی، تحقیق اور تخلیقی علم کو بھی فروغ دے۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ اسلام نے انسان کو علم، تحقیق، مشاہدے، تدبر اور تفکر کی دعوت دی ہے۔ مسلم دنیا ایک زمانے میں علمی و تحقیقی میدان میں عالمی قیادت کرتی تھی اور مسلمانوں نے فلکیات، طب، ریاضی، جغرافیہ اور دیگر علوم میں گراں قدر خدمات انجام دیں۔ آج ضرورت ہے کہ اس عظیم علمی روایت کو جدید تقاضوں کے مطابق دوبارہ زندہ کیا جائے۔

بقیہ 2

نقصان پہنچایا ہے، کسی عالمی معاہدے سے نکلنے کا فیصلہ یکطرفہ اعلان کے ذریعے نہیں بلکہ طے شدہ بین الاقوامی طریقہ کار کے مطابق ہی ہوسکتا ہے، بھارت کو ضد اور یکطرفہ طرز عمل ترک کر کے آبی تنازعات کیلئے موجود باقاعدہ مشترکہ نظام میں واپس آنا ہوگا۔ اپنے بیان میں شیری رحمٰن نے کہا کہ نئی دہلی کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنی خواہش کے مطابق دہائیوں پر محیط دوطرفہ آبی انتظام کو معطل سمجھ لے۔ انہوں نے کہا کہ کسی عالمی معاہدے سے نکلنے کا فیصلہ یکطرفہ اعلان کے ذریعے نہیں بلکہ طے شدہ بین الاقوامی طریقہ کار کے مطابق ہی ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت کے حالیہ اقدامات پاکستان کے پانی سے متعلق جائز مفادات کو کسی صورت متاثر نہیں کرسکتے۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ قانونی تنازع کو عالمی فورمز پر لے جانا پاکستان کی مجبوری نہیں بلکہ اسے حاصل قانونی اختیار ہے۔ نائب صدر پیپلز پارٹی نے کہا کہ بھارت اپنے آبی منصوبوں کی آڑ میں بین الاقوامی طور پر طے شدہ حدود کو نظرانداز نہیں کرسکتا۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ پن بجلی پیدا کرنے کی اجازت کا مطلب یہ نہیں کہ بھارت دریاؤں کے بہاؤ اور منصوبوں سے متعلق مقررہ اصولوں کو اپنی مرضی سے تبدیل کر دے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے دریائی حصے کو بھارتی عنایت قرار دینا تاریخی حقائق اور دونوں ملکوں کے درمیان طے شدہ انتظام کی نفی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دہائیاں قبل اپنے آبی ڈھانچے کو نئے حالات کے مطابق ڈھالا، اس لئے بھارت اب پرانے انتظام سے یکطرفہ طور پر پیچھے نہیں ہٹ سکتا۔ شیری رحمان نے کہا کہ دہلی اور اسلام آباد کے درمیان سیاسی تنازعات اپنی جگہ، مگر ان کی بنیاد پر بین الاقوامی ذمہ داریوں سے فرار اختیار نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا پانی کو سفارتی دباؤ کے آلے کے طور پر استعمال کرنے کا رویہ جنوبی ایشیا میں مزید عدم استحکام پیدا کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ثالثی کے فیصلوں کو نظرانداز کرنا بھارت کے اس موقف کو کمزور کرتا ہے کہ وہ بین الاقوامی قانون کا احترام کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی دہلی کو سمجھنا ہوگا کہ دریاؤں پر اختیار محض آبی تعمیرات یا انتظامی فیصلوں سے حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو ضد اور یکطرفہ طرز عمل ترک کر کے آبی تنازعات کیلئے موجود باقاعدہ مشترکہ نظام میں واپس آنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پانی کا تحفظ قومی سلامتی، زرعی پیداوار اور عوامی زندگی سے براہ راست جڑا ہوا ہے، بھارت اسے سیاسی سودے بازی کا ذریعہ نہ بنائے۔

بقیہ 3

ہوا دیتے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انتونیو گوتیرس نے اپنے بیان میں کہا کہ جوہری تجربات معاشروں سے غداری کے مترادف ہیں۔ انہوں نے جوہری ہتھیار رکھنے والے ممالک پر زور دیا کہ وہ جوہری تجربات پر پابندی کے معاہدے پر عمل درآمد کریں۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نے یہ بھی کہا کہ آئیے جوہری تجربات کے خاتمے کے اپنے عزم کا اعادہ کریں۔

بقیہ 4

زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا، جبکہ متعدد رہائشی عمارتیں اور ایک بزرگوں کی نگہداشت کا مرکز بھی متاثر ہوا۔ یوکرینی صدر ولودیمیر زیلنسکی نے کہا کہ رہائشی آبادی کے قریب دھماکا خیز مواد ذخیرہ کیا جانا نہیں چاہیے اور واقعے کی ذمہ داری کا تعین کیا جائے گا۔ روسی وزارت دفاع کا کہنا ہے کہ اس کارروائی میں ڈرون اور میزائلوں کے پرزے رکھنے والی گودام تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا تھا۔

بقیہ 5

جنریشن منصوبے کی منسوخی سے متعلق خبریں بے بنیاد اور گمراہ کن ہیں، دیامر بھاشا ڈیم بدستور قومی ترجیحی منصوبہ ہے۔ پوسٹ میں کہا گیا کہ دیامر بھاشا ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کے ساتھ پن بجلی کی پیداوار بھی منصوبے کا اہم حصہ ہے۔ وزارت اقتصادی امور نے واضح کیا ہے کہ حکومت نے دیامر بھاشا ڈیم کی بجلی پیدا کرنے کی سہولیات منسوخ نہیں کیں، دیامر بھاشا ڈیم کے ہائیڈرو پاور منصوبے پر واپڈا اور متعلقہ وزارتوں کی منصوبہ بندی جاری ہے۔ عوام دیامر بھاشا ڈیم سے متعلق صرف سرکاری اور مستند معلومات پر اعتماد کریں۔ وزارت اقتصادی امور نے کہا کہ حکومت دیامر بھاشا ڈیم اور اس کی پن بجلی کی سہولیات مکمل کرنے کے لیے پرعزم ہے، دیامر بھاشا ڈیم کی تکمیل سے پاکستان کی آبی اور توانائی سلامتی مزید مضبوط ہوگی۔

بقیہ 6

میر اللہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اس غم کی گھڑی میں پاکستان کے عوام ناروے کے شاہی خاندان اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے سوگوار شاہی خاندان کے لیے صبر، حوصلے اور استقامت کی دعا کی۔

بقیہ 7

کی مرمت کے سلسلے میں منسوخ کی گئی ہے، ٹرین اتوار کو پشاور کے لیے روانہ نہیں ہوگی جبکہ پشاور سے آنے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد تک محدود کردی گئی ہے۔ ٹرین سروس کی معطلی اور جیکب آباد تک محدود کرنے سے کوئٹہ آنے اور جانے والے مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ 8

مطابق ملک میں گزشتہ رات آر ایل این جی کی عدم دستیابی اور کارگو بروقت نہ پہنچنے کے باعث 3 ہزار 600 میگاواٹ بجلی کی کمی کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ منگلا سے بجلی کی پیداوار میں بھی 195 میگاواٹ کی کمی ہوئی۔ ترجمان کے مطابق بجلی کی کمی کے باعث رات کے پیک آورز میں ڈیڑھ سے 3 گھنٹے تک عارضی لوڈ مینجمنٹ کی گئی۔ بجلی کی طلب پوری کرنے کے لیے پیک آورز میں فرنس آئل سے چلنے والے پلانٹس بھی بروئے کار لائے گئے۔ پاور ڈویژن کا کہنا ہے کہ آر ایل این جی کے کارگو پہنچتے ہی عارضی لوڈ مینجمنٹ میں کمی لائی جائے گی۔ ترجمان نے بجلی صارفین سے اپیل کی ہے کہ رات کے پیک آورز میں بجلی کے استعمال میں اعتدال برتیں تاکہ لوڈ مینجمنٹ کو کم سے کم رکھا جاسکے۔ ترجمان کے مطابق دن کے اوقات میں کوئی لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جا رہی، تاہم جن علاقوں میں بجلی کے زیادہ نقصانات کے باعث لوڈ مینجمنٹ ضروری ہوتی ہے، وہاں شیڈول کے مطابق بجلی فراہم کی جا رہی ہے۔ پاور ڈویژن نے آر ایل این جی کی عدم دستیابی کے باعث رات کے اوقات میں عارضی لوڈ مینجمنٹ پر صارفین سے معذرت بھی کی ہے۔

بقیہ 9

کے درمیان ڈیجیٹل فنانس اور جدید مالیاتی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی جانب اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے ہانگ کانگ میں اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کے دوران ٹوکنائزڈ کیپیٹل مارکیٹس، ڈیجیٹل بانڈز، سیٹلمنٹ انفراسٹرکچر اور فن ٹیک سمیت جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کے مطابق بلال بن ثاقب نے ہانگ کانگ مانیٹری اتھارٹی کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹو، سیکریٹری فنانس اور رکن اسمبلی سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران ٹوکنائزڈ کیپیٹل مارکیٹس، ڈیجیٹل بانڈز اور جدید سیٹلمنٹ انفراسٹرکچر کے امکانات کا جائزہ لیا گیا، جبکہ فن ٹیک، ویب تھری، مصنوعی ذہانت اور سائبر سیکیورٹی کے شعبوں میں تعاون کے مواقع پر بھی گفتگو ہوئی۔ فریقین نے پاکستان اور ہانگ کانگ کے درمیان ادارہ جاتی تعاون، تکنیکی تجربات کے تبادلے اور مالیاتی شعبے میں عملی اشتراک بڑھانے کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا کہ ہانگ کانگ پاکستانی ٹیکنالوجی کمپنیوں اور عالمی سرمایہ کاروں کے درمیان ایک اہم پل کا کردار ادا کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ورچوئل اثاثوں کے لیے ریگولیٹری بنیادیں قائم کردی ہیں، جن کا مقصد اس شعبے سے معاشی فوائد حاصل کرنا اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ بلال بن ثاقب کے مطابق پاکستان کا مقصد معتبر کمپنیوں کو سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنا اور ورچوئل اثاثوں کے حقیقی مالیاتی استعمال کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ٹوکنائزڈ کیپیٹل مارکیٹس اور ریگولیٹری ٹیکنالوجی کے شعبوں میں عملی پیش رفت پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے، جبکہ عالمی تجربات اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے مالیاتی نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 10

دیدی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ نرس رضیہ نورین نے کمال ذمہ داری اور بہادری کا بہترین ثبوت دیا، اپنی جان خطرے میں ڈال کر بچے کی جان بچانے پر مجھ سمیت پوری قوم کو نرس رضیہ نورین پر فخر ہے، ایسے فرض شناس لوگوں کی جس قدر ستائش کی جائے کم ہے۔

بقیہ 11

مشاورت کا امکان ہے اور ذرائع کے مطابق امکان ہے کہ آزاد کشمیر کی نئی کابینہ پیر یا منگل کو حلف اٹھائے گی۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ ن کے صدر میاں محمد نواز شریف سے نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر سید افتخار گیلانی کا رابطہ ہوا ہے۔ میاں نواز شریف نے نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر کو آج اتوار کو لاہور ملاقات کے لئے بلا لیا۔ ملاقات میں نومنتخب وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کا وزیراعظم نامزدگی پر ان کا شکریہ ادا کریں گے۔ ملاقات میں کابینہ کی تشکیل، مشیران اور ان کے قلمدانوں پر بات چیت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق آزاد کشمیر کی کابینہ پیر یا منگل کو بنائے جانے کا امکان ہے، قائم مقام صدر آزاد کشمیر نئے کابینہ ممبران سے حلف لیں گے۔

بقیہ 12

نقصان کا نعم البدل نہیں ہے۔ ہفتے کو وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال اور وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے سی ڈی اے کے ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ سانحے میں اپنے جگر گوشوں کو کھونے والے متاثرہ خاندان سے ملاقات کی۔ بعد ازاں دونوں وزرا نے راولپنڈی میں بھی متاثرہ خاندان سے ان کے گھر میں ملاقات اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزراء نے وزیراعظم شہباز شریف اور اپنی جانب سے متاثرہ ماں اور اہل خانہ سے دلی تعزیت اور گہرے دکھ کا اظہار کیا۔ اس موقع پر مصطفیٰ کمال نے کہا کہ یہ ایک انتہائی افسوسناک اور دلخراش سانحہ ہے جسے محض الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں، ہم متاثرہ ماں کے درد کو محسوس کرنے اور ان کے غم میں شریک ہونے کے لیے ان کے پاس آئے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ایک ماں سے اس کا بچہ جدا ہونے کا دکھ ایسا سانحہ ہے جسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا، قیمتی انسانی جانوں کا کوئی نعم البدل نہیں کیونکہ جاں بحق ہونے والے بچے واپس نہیں آسکتے۔ وزیر صحت نے کہا کہ حکومت اور پوری قوم اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے، ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پیارے بچوں کو اپنی رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور تمام اہل خانہ کو یہ ناقابل تلافی صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ مصطفیٰ کمال نے حکومت کی جانب سے دونوں خاندانوں کو بچوں کی دیکھ بھال کیلئے پچاس لاکھ کا چیک پیش کیا اور کہا کہ یہ مالی معاونت کسی صورت ان کے نقصان کا نعم البدل نہیں بلکہ حکومت کی جانب سے ان کے ساتھ کھڑے ہونے اور ان کی ذمہ داری میں شریک ہونے کا ایک معمولی سا اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پمز اسپتال واقعے کی مکمل اور غیر جانبدارانہ تحقیقات جاری ہیں، اس المناک حادثے میں مرتکب افراد کیخلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ وفاقی وزرا نے ایک بار پھر متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور اپنے مکمل تعاون کا یقین دہانی کرائی۔ دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم بچوں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

بقیہ 13

ہے۔ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق 977 افراد تاحال لاپتا ہیں، جن میں 517 غیر ملکی شہری شامل ہیں۔ نیپالی سیاحتی بورڈ کے مطابق اب تک 121 غیر ملکی شہریوں کو ریسکیو کیا جاچکا ہے، جن میں دو امریکی شہری بھی شامل ہیں، تاہم کوئی برطانوی شہری شامل نہیں ہے۔ بھارتی وزارت خارجہ کے مطابق نیپال میں آنے والے سیلاب کے سبب 320 بھارتی شہری لاپتا ہیں۔ دوسری جانب تبت اور نیپال میں بہنے والے دریائے بھوٹے کوشی کا راستہ برف، چٹانوں، کیچڑ اور ملبے کے باعث بند ہونے سے بننے والی جھیل اوور فلو ہونا شروع ہوگئی، جس کے باعث جھیل کے کنارے بھی ٹوٹ گئے۔ چینی حکام کے مطابق جھیل میں پانی کا ذخیرہ 25 لاکھ کیوبک میٹر سے تجاوز کر گیا ہے، جبکہ ایک روز قبل چینی انجینئرنگ ٹیم نے پانی کا ذخیرہ 15 سے 20 لاکھ کیوبک میٹر کم ہونے کا تخمینہ لگایا تھا۔

بقیہ 14

واحد قبل از وقت قرض ادائیگی ہے۔ مقررہ مدت سے پہلے ادا قرضوں کا حجم 6000 ارب روپے کے قریب پہنچ گیا، مالی سال 2024-25 میں 1800 ارب روپے قرض قبل از وقت ادا کیا گیا، مالی سال 2025-26 کے دوران 2900 ارب روپے ادا کیے گئے، سالانہ بنیاد پر قرض کی قبل از وقت واپسی میں 62 فیصد زیادہ اضافہ ہوا، مالی سال 2026-27 کے دوران مزید 1200 ارب روپے اب تک ادا کیے گئے، یہ فعال قرض مینجمنٹ کی جانب ایک اہم پیشرفت ہے، قرض اور مستقبل کی ادائیگیوں کا دباؤ کم، سرکاری مالیات مضبوط، معیشت کیلئے زیادہ مالی گنجائش پیدا ہوئی۔

بقیہ 15

ابھرنے والے مواقع سے ہم آہنگ مہارتوں سے آراستہ کرنے کی جانب ایک اور اہم قدم ہے۔ گوادر پرو کے مطابق یہ فیصلہ چھٹے بورڈ آف اسٹڈیز (BoS) کے اجلاس میں کیا گیا، جو بی سی آئی اینڈ وی آئی کانفرنس روم میں ڈاکٹر رابعہ اسلم کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ رپورٹ کے مطابق چینی زبان کو نصاب میں شامل کرنا طلبہ کے علمی افق کو وسیع کرنے اور ان کی لسانی و بین الثقافتی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے یونیورسٹی کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت تعاون میں مسلسل وسعت کے پیش نظر چینی زبان پر عبور ان فارغ التحصیل طلبہ کے لیے ایک اہم مہارت بنتی جا رہی ہے جو تعلیم، کاروبار، ثقافتی تبادلوں اور علاقائی ترقی کے شعبوں میں مواقع کے خواہاں ہیں۔ چینی زبان کے ساتھ بورڈ نے بی ایڈ پروگرام میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) کو بھی بین الشعبہ جاتی مضمون کے طور پر شامل کرنے کی منظوری دی ہے، جس کا مقصد مستقبل کے اساتذہ کو بدلتے ہوئے تعلیمی منظرنامے سے متعلق علم اور مہارتوں سے لیس کرنا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اجلاس کے دوران ارکان نے اساتذہ کی تعلیم کے معیار اور افادیت کو مزید بہتر بنانے کیلئے مختلف تعلیمی اور نصابی امور کا جائزہ لیا۔ بورڈ نے بی ایڈ طلبہ کے لیے پیشہ ورانہ سرٹیفکیشن کی ضروریات، سمسٹر فریز کے بعد طلبہ کی دوبارہ شمولیت سے متعلق پالیسی، متعلقہ پروگراموں کے لیے لازمی انٹرن شپ اور بعض منتخب مضامین کے نصاب میں نظرثانی کی بھی منظوری دی، تاکہ انہیں عصر حاضر کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ ضروریات سے مزید ہم آہنگ کیا جاسکے۔

بقیہ 16

گی مجلس عمومی کا اہم اجلاس جے یو آئی سندھ کے امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی کی صدارت میں ہوگا۔ مولانا فضل الرحمان کے دورہ سندھ میں تنظیمی معاملات، ملکی صورتحال اور عالمی امن اجتماع پر اہم مشاورت ہوگی، وہ آئندہ کی سیاسی اور تنظیمی حکمت عملی پر رہنماؤں سے مشاورت کریں گے۔ جے یو آئی پاکستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغفور حیدری بھی دورہ سندھ میں شریک ہوں گے، ملک کے چاروں صوبوں کے امرا بھی مولانا فضل الرحمان کے دورہ سندھ میں شرکت کریں گے۔ مولانا فضل الرحمان سندھ میں مختلف تنظیمی پروگراموں میں شرکت کریں گے، جے یو آئی سندھ کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید منظم اور متحرک بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ 31 اگست کو جامعہ اسلامیہ اشاعت القرآن دودائی، لاڑکانہ میں جے یو آئی سندھ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس ہوگا۔

بقیہ 17

اقدامات کی ضرورت ہے، ہمارا واضح ہدف ہے اور ہم اسے ہر صورت پورا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ روس کے حملوں کے خلاف اپنے ہتھیاروں کو موثر بنانا ہے۔ یوکرینی صدر کا کہنا تھا کہ بنیادی ہدف شاہد ڈرونز کے خلاف اپنے دفاع کو مضبوط اور روسی حملوں کی شدت میں اضافہ کرنا ہے۔

بقیہ 18

اسپیکرز کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر کمبوڈیا کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر سے پارلیمانی رہنماؤں کا نوم پنہ میں اجتماع اس عزم کا مظہر ہے کہ باہمی مکالمے، امن اور تعاون کو فروغ دیا جائے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ اسلام آباد کے نوم پنہ کے سفر دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے اعتماد، باہمی احترام اور مشترکہ مقاصد کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے امن، مفاہمت اور قومی یکجہتی کے فروغ میں کمبوڈیا کی پیش رفت کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے اسے دیگر اقوام کے لیے مشعل راہ قرار دیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ موجودہ دنیا کو تنازعات، معاشی مشکلات اور دیگر چیلنجز کا سامنا ہے، ایسے حالات میں پارلیمانوں پر بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ مکالمے کا عمل جاری رکھیں اور اقوام کے درمیان فاصلے کم کرنے اور باہمی روابط کے فروغ کے لیے پل کا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس امن، تعاون اور باہمی افہام و تفہیم کے فروغ کے لیے ایک اہم اور موثر پلیٹ فارم ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اعلان کیا کہ تیسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) انڈونیشیا میں منعقد ہوگی۔ اختتام پر چیئرمین سینیٹ نے کنگ نورودوم سیہامونی کی صحت و سلامتی اور کمبوڈیا کی امن، خوشحالی اور ترقی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: ہماری اقوام کے درمیان دوستی ہمیشہ قائم و دائم رہے۔

بقیہ 19

آباد کراچی میں سیفی ہسپتال کے جدید کارڈیک ونگ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ صحت کے شعبے میں سرمایہ کاری دراصل پاکستان کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ سیفی ہسپتال کا نیا کارڈیک ونگ کراچی کے عوام کو بروقت اور عالمی معیار کی امراض قلب کی طبی سہولیات فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ نئے کارڈیک ونگ میں جدید کیتھیٹرائزیشن لیبز سمیت اعلیٰ معیار کی تشخیصی اور طبی سہولیات دستیاب ہوں گی، جس سے شہریوں کو امراض قلب کے علاج کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ ہسپتال صرف عمارت اور جدید طبی آلات کا نام نہیں، بلکہ ڈاکٹروں، نرسوں اور معاون طبی عملے کی مہارت، لگن اور ہمدردی ہی حقیقی فرق پیدا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیاری صحت کی سہولیات تک رسائی بڑھانے اور سرکاری نظام صحت پر دباؤ کم کرنے میں نجی اداروں کا کردار انتہائی اہم ہے۔ کیمونٹی اقدامات اور عالمی معیار کی طبی مہارت کا امتزاج پاکستان کے شعبہ صحت کے لیے ایک اہم ماڈل ثابت ہوسکتا ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ صحت کو محض سماجی اخراجات کے طور پر نہیں بلکہ پاکستان کے سب سے قیمتی قومی اثاثے، یعنی عوام میں سرمایہ کاری سمجھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صحت مند آبادی زیادہ پیداواری صلاحیت، مضبوط انسانی سرمایہ اور بہتر معاشی لچک کا باعث بنتی ہے۔ انسانیت کی خدمت اور اجتماعی کاوشوں پر مبنی اقدامات معاشرے پر دیرپا اور مثبت اثرات مرتب کرسکتے ہیں۔ وزیر خزانہ نے بوہری برادری کی دیرینہ سماجی خدمات اور عوامی فلاح میں نمایاں کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں صحت کی سہولیات تک رسائی بہتر بنانے اور معاشرتی فلاح کے لیے بوہری برادری کی مسلسل کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کارڈیک ونگ کے قیام میں تعاون کرنے والی کمیونٹی، ہسپتال انتظامیہ، طبی ماہرین اور تمام متعلقہ افراد کو خراج تحسین پیش کیا۔ محمد اورنگزیب نے امید ظاہر کی کہ سیفی ہسپتال کا کارڈیک ونگ کراچی میں مرکز امتیاز بنے گا اور ملک بھر کے دیگر اداروں کے لیے مثال قائم کرے گا۔

بقیہ 20

تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو مستونگ کے علاقے پڑنگ آباد میں نامعلوم مسلح افراد نے مسافر بس پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں بس کے شیشے ٹوٹ گئے تاہم واقعہ میں خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر حملہ آوروں کی تلاش شروع کردی۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 21

پے در پے حملے کیے گئے ہیں۔ افغانستان فریڈم فرنٹ کے مطابق کابل کے علی خیل میں طالبان چیک پوسٹ پر حملے میں تین طالبان اہلکار ہلاک اور دو زخمی ہوئے۔ کنڑ میں اسدآباد۔ جلال آباد روڈ پر طالبان چیک پوسٹ پر حملے میں ایک طالبان اہلکار ہلاک اور دو زخمی ہوئے۔ اے ایف ایف نے دعویٰ کیا ہے کہ بدخشاں کے ضلع زیباک میں طالبان اور اے ایف ایف کے درمیان شدید جھڑپ ہوئی۔ طالبان نے کئی سمتوں سے اے ایف ایف پر حملے کیے، مگر دفاعی پوزیشنیں توڑنے میں ناکام رہے۔ اے ایف ایف کے مطابق جوابی حملے نے طالبان کو بھاری نقصان پہنچایا اور حملہ آور دستے پسپا ہونے پر مجبور ہوئے۔ زیباک جھڑپ میں کم از کم دس طالبان ہلاک اور چھ زخمی ہوئے۔ اے ایف ایف کے مطابق ہلاک و زخمی طالبان میں غیر ملکی دہشت گرد بھی شامل تھے۔ غیر ملکی دہشت گردوں کی شناخت سامنے آنے کے خدشے سے طالبان نے ہلاک اور زخمی اہلکاروں کو نامعلوم مقامات پر منتقل کر دیا۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے بھی قندھار میں طالبان چیک پوسٹ پر حملہ کیا، جس میں تین طالبان اہلکار ہلاک ہوئے۔ حملے کے دوران دو ایم 16 اور ایک کلاشنکوف رائفل بھی قبضے میں لی گئی۔ اے یو ایف کے مطابق فاریاب۔ غور شاہراہ پر طالبان چوکی کو نشانہ بنایا گیا، جس میں دو طالبان ہلاک اور تین زخمی ہوئے۔ مذکورہ چوکی کے اہلکار مسافروں کو ہراساں، بھتہ خوری اور تذلیل کا نشانہ بنا رہے تھے۔

بقیہ 22

اعترافی بیانات مسترد کر دیے۔ خالد شیخ محمد کے اعترافی بیانات کو امریکی ملٹری جج نے ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایف بی آئی اہلکاروں کے سامنے اعترافات رضاکارانہ نہیں تھے، سی آئی اے کے تشدد کے بعد حاصل کیے گئے اعترافی بیانات قابل قبول نہیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق اعترافی بیانات مسترد ہونے سے 11 ستمبر حملوں کے مقدمے میں مزید تاخیر کا خدشہ ہے۔ نائن الیون حملوں کے مقدمے کی سماعت 5 جون 2028 کو شروع کرنے کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ نائن الیون کے متاثرہ خاندانوں نے تمام صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ واضح رہے کہ خالد شیخ محمد پر 11 ستمبر 2001 کے دہشت گرد حملوں کی منصوبہ بندی کا الزام ہے۔

بقیہ 23

واقعات اس وقت تک نہیں رکیں گے جب تک امیر اور غریب کے لیے صحت کی سہولیات یکساں نہیں کی جاتیں۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مصدق ملک نے کہا کہ ملک میں سماجی انصاف صرف نعروں اور باتوں سے ممکن نہیں، بلکہ اس کے لیے عام آدمی کو اس کے اپنے علاقے میں معیاری صحت، تعلیم اور صاف پانی کی سہولت فراہم کرنا ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اگر سیاستدانوں اور سرکاری افسران کے بچوں کا علاج بھی پھر جیسے سرکاری ہسپتالوں میں لازمی قرار دے دیا جائے تو ملک کے سرکاری نظام صحت میں نمایاں بہتری آسکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جن ہسپتالوں میں غریب خاندان اپنے بچوں کا علاج کرانے پر مجبور ہیں، وہاں حکمران طبقے اور سرکاری افسران کے بچوں کو بھی علاج کی سہولت ملنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ہمارے اپنے بچے بھی انہی سرکاری ہسپتالوں میں علاج نہیں کروائیں گے جہاں عام شہری جاتے ہیں، صحت کے نظام میں بنیادی اصلاحات ناممکن ہوگا۔ مصدق ملک کا کہنا تھا کہ پمز میں 14 بچوں کی ہلاکت کا واقعہ ہمیں اپنے نظام صحت کی خامیوں کو دور کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ ہر غریب خاندان کو اپنے محلے میں ایسا بنیادی کلینک میسر ہونا چاہیے جہاں وہ اپنے والدین اور بچوں کا بروقت علاج کرا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بہتری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہونی چاہیے۔ یہ صرف ان کا نہیں بلکہ وزیراعظم کا بھی پیغام ہے کہ ملک میں صحت اور تعلیم کے نظام کو بہتر بنانا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ موجودہ دور میں نینو ٹیکنالوجی، حیاتیاتی ٹیکنالوجی، طبی علوم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی ایک دوسرے سے جڑ چکے ہیں، اس لیے صحت اور تعلیم کو الگ الگ شعبوں کے طور پر نہیں دیکھا جاسکتا۔ پاکستان کی حقیقی ترقی کے لیے تحقیق، ٹیکنالوجی، صحت اور تعلیم کو بیک وقت آگے بڑھانا ہوگا۔ انہوں نے صاف پانی کی فراہمی کو بھی انسانی ترقی کا بنیادی جزو قرار دیتے ہوئے کہا کہ جس بچے کو صاف پانی میسر نہیں، وہ ترقی کے ثمرات سے محروم ہے۔ ہمارے بچے صاف پانی پیتے ہیں، لیکن ملک کے لاکھوں بچے آج بھی اس بنیادی سہولت سے محروم ہیں۔ مصدق ملک نے کہا کہ اگر ایک بچہ نل کھول کر صاف پانی نہیں پی سکتا تو ترقی کے دعوے ادھورے ہیں۔ غریب کے بچے کو صاف پانی، معیاری صحت اور تعلیم کی سہولت فراہم کرنا ہی حقیقی انسانی ترقی ہے۔

بقیہ 24

مندوخیل نے کہا ہے کہ ہمارے نوجوانوں میں آگے بڑھنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے، ضروری ہے کہ انہیں درست سمت، معیاری تعلیم، جدید مہارتوں اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ نوجوانوں کی مخصوص نفسیات اور اکیسویں صدی کے تقاضوں سے ہم آہنگ ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع حکمت عملی وضع کرنا ناگزیر ہے۔ پاکستان بالخصوص بلوچستان کے نوجوانوں کی آواز کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کیلئے ہم نے اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں یوتھ انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے زیر اہتمام یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ میں نمائندگی کی۔ وقت کا تقاضا ہے کہ دنیا کے سامنے بلوچستان کے نوجوانوں کی پوشیدہ صلاحیتوں، امنگوں اور مستقبل کے حوالے سے ان کے خوابوں کو اجاگر کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں نوجوانوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 25

پرویز ملک کی اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور پی ایس او کی قیادت سے الگ الگ ملاقاتیں ہوئیں۔ ملاقاتوں میں پٹرولیم سیکٹر میں توانائی کے تحفظ، سرمایہ کاری کے مواقع اور جاری اصلاحات پر اہم تبادلہ خیال کیا گیا۔ اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اجلاس میں صنعتی شعبے، غیر ملکی سرمایہ کاروں اور ممتاز میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ حکومت ایک مسابقتی، سرمایہ کاری دوست اور طویل مدتی توانائی ضروریات سے ہم آہنگ پٹرولیم سیکٹر تشکیل دے رہی ہے۔ ایکسپلوریشن، ریفائننگ اور ڈاؤن اسٹریم مارکیٹس میں اصلاحات جاری ہیں۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ بانڈڈ اسٹوریج اور اسٹریٹجک پٹرولیم ریزروز توانائی کے تحفظ کے لیے حکومتی اقدامات کا حصہ ہیں، او آئی سی سی آئی کے ساتھ پالیسی اور ٹیکس فریم ورک میں تسلسل، شفافیت اور سیکیورٹی سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھانے کے لیے اہم ہیں، حکومت اور صنعت کے درمیان مسلسل مکالمہ عملی مسائل کے حل اور سرمایہ کاری کے فروغ میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ صدر او آئی سی سی آئی نے کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے ریگولیٹری اور تجارتی ماحول میں استحکام اور تسلسل ضروری ہے۔ پی ایس او اجلاس میں قومی توانائی کے تحفظ، سپلائی چین اور اسٹریٹجک اسٹوریج پر غور کیا گیا، پٹرولیم وزیر نے ملک میں بلاتعطل ایندھن کی فراہمی یقینی بنانے پر پی ایس او کی کوششوں کو سراہا۔ پٹرولیم وزیر نے کہا کہ اسٹریٹجک اسٹوریج کی استعداد بڑھانے اور سپلائی چین کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے، پٹرولیم سیکٹر میں کارکردگی اور بروقت ردعمل بہتر بنانے کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے۔

بقیہ 26

کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے تمام سرکاری ہسپتالوں اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کے انسانی وسائل کی AiFRAMS کے ذریعے ریکارڈ کی جانے والی حاضری کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری صحت شبیک بلوچ، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر امین مندوخیل، کوئٹہ کے تمام ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس، چیف ایگزیکٹو افسرز، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، پرنسپل بولان میڈیکل کالج اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلوچستان ہیلتھ انفارمیشن اینڈ سروس ڈیلیوری یونٹ کے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ابابگر بلوچ نے AiFRAMS کے ذریعے مرتب کردہ حاضری، غیر حاضری اور ادارہ جاتی تعمیل سے متعلق جامع رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ میں مختلف ہسپتالوں اور دفاتر کی کارکردگی کا تقابلی جائزہ بھی پیش کیا گیا۔ وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے غیر حاضر ملازمین اور باقاعدگی سے AiFRAMS پر حاضری درج نہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف بلاامتیاز سخت کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی ملازم کی تنخواہ AiFRAMS پر تصدیق شدہ حاضری کے بغیر جاری نہ کی جائے اور متعلقہ اداروں کے سربراہان ماہانہ تنخواہوں کی تیاری کے دوران ڈیجیٹل حاضری کے ریکارڈ پر مکمل عمل درآمد یقینی بنائیں۔ وزیر صحت نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں طبی عملے کی بروقت موجودگی، مؤثر نگرانی اور عوام کو بلاتعطل طبی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے۔ فرائض سے غفلت، غیر حاضری اور ڈیجیٹل حاضری کے نظام سے دانستہ اجتناب کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے تمام اداروں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ AIFRAMS پر سو فیصد عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور عدم تعمیل کی صورت میں ملازم کے ساتھ متعلقہ انتظامی افسر کی ذمہ داری بھی متعین کی جائے۔

بقیہ 27

میں اوورسیز پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ برطانیہ کا حالیہ دورہ انتہائی مثبت رہا اور برطانوی حکام کے ساتھ ہونے والی ملاقاتیں انتہائی سودمند ثابت ہوئیں۔ پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات کو نئی بلندیوں پر لے جانے کے لیے کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ عرصے میں معاشی استحکام کے حصول کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں۔ پالیسی ریٹ 22 فیصد سے کم ہو کر 11 فیصد تک آچکا ہے جبکہ مہنگائی 30 فیصد سے کم ہو کر سنگل ڈیجٹ میں آگئی ہے۔ زرمبادلہ کے ذخائر میں بھی نمایاں بہتری آئی ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ معاشی استحکام کے بعد اب حکومت کی توجہ ترقی اور شرح نمو بڑھانے پر ہے۔ پاکستان کو دوبارہ 2017ء کے بہتر معاشی اشاریوں کی سطح تک لے جانا چاہتے ہیں۔ معاشی ترقی کے نتیجے میں ٹیکس آمدن میں اضافہ، روزگار کے مواقع اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری آئے گی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان نے دولت مشترکہ میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا ہے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے دولت مشترکہ کے رکن ممالک کو تعاون کی پیشکش بھی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے گزشتہ سال معرکہ حق میں شاندار کامیابی حاصل کی جبکہ عالمی سطح پر پاکستان کی سفارتی کوششوں کو بھی سراہا جا رہا ہے۔ پاکستان عالمی سطح پر اپنی سفارتی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہا ہے۔

بقیہ 28

دعویٰ کیا تھا کہ پاسداران انقلاب والے فرار ہوگئے اور اب ہرمز امریکی فوج کے کنٹرول میں ہے۔ ایران کے قائم مقام وزیر دفاع مجید ابن الرضا نے دعویٰ کیا ہے کہ ملک نے اپنے مخالفین کے لیے کئی اہم سرپرائزز تیار کر رکھے ہیں تاہم ان کی تفصیلات فی الحال منظر عام پر لانا مناسب نہیں۔ ایرانی نیوز ایجنسی کے مطابق مجید ابن الرضا کا کہنا تھا کہ ایران کی دفاعی صنعت میں مختلف منصوبوں پر مسلسل کام جاری ہے، جبکہ ملک کے پاس موجود سائنسی صلاحیت، تجربہ اور نوجوانوں کی استعداد مستقبل میں اہم نتائج سامنے لاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے مخالفین کو یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ ان سرپرائزز کے بارے میں انہیں مناسب وقت پر خود ہی معلوم ہوجائے گا۔ دوسری جانب ایران کے سپریم لیڈر کی جانب سے صدر کو ملک میں افراط زر کم کرنے اور معاشی مسائل پر توجہ دینے کی ہدایت کیے جانے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں۔ جنگ کے طویل ہوتے عرصے کے دوران ایران کو دفاعی کے ساتھ ساتھ معاشی دباؤ کا بھی سامنا ہے۔ رپورٹس کے مطابق جنگ کو چھ ماہ مکمل ہو چکے ہیں اور اس دوران ایران نے مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اور انٹیلی جنس تنصیبات کو اربوں ڈالر کا نقصان پہنچانے کا دعویٰ کیا ہے۔ اس صورتحال کے ساتھ امریکی دفاعی نظام میں استعمال ہونے والے میزائل انٹرسیپٹرز کے ذخائر بھی توجہ کا مرکز بن گئے ہیں۔ بعض میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ انٹرسیپٹرز کی تعداد تیزی سے کم ہو رہی ہے، جبکہ نئے انٹرسیپٹرز کی تیاری نہ صرف مہنگی بلکہ وقت طلب بھی ہے۔ تاہم وائٹ ہاؤس اور پینٹاگون نے امریکی اسلحے اور گولہ بارود کے ذخائر میں کمی کی قیاس سے متعلق رپورٹس کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی دفاعی صلاحیت متاثر ہونے کی اطلاعات درست نہیں۔ ایران کی جانب سے سرپرائزز کے دعوے اور امریکی دفاعی ذخائر سے متعلق متضاد اطلاعات نے خطے میں جاری کشیدگی کے مستقبل کے حوالے سے مزید سوالات پیدا کر دیے ہیں۔

بقیہ 29

منیر کو پی او ایف کے آپریشنز اور پیداواری سرگرمیوں پر بریفنگ دی گئی، آرمی چیف نے مقامی طور پر تیار کردہ اسلحے اور گولہ بارود کے ٹیسٹ اور ٹرائلز کا مشاہدہ کیا۔ اعلامیہ کے مطابق پی او ایف ملکی دفاع کیلئے مختلف اقسام کے فوجی ساز و سامان کی مقامی تیاری میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، پی او ایف میں مقامی سطح پر اسلحہ اور گولہ بارود کی تیاری کے ذریعے دفاعی خود انحصاری کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ڈی پی آر اے آرڈیننس کے نفاذ کے بعد پی او ایف کی کارپوریٹائزیشن کے عمل پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا، پی او ایف میں ماڈرنائزیشن اور اپ گریڈیشن کے لیے دو نئے صنعتی پلانٹس کی تنصیب جاری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پی او ایف کے دو نئے صنعتی پلانٹس رواں سال کے اختتام تک پیداوار شروع کرنے کا امکان ہے، دورے کے دوران دفاعی پیداوار میں خود انحصاری، مقامی تیاری اور تکنیکی جدت کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 30

استعفیٰ دینے سے متعلق سوال کیا گیا، صحافی نے وفاقی وزیر صحت سے سوال کیا رپورٹ کب تک پیش کی جائے گی؟ مصطفیٰ کمال نے جواب دیا رپورٹ آجائے گی تو سب کو پتا چل جائے گا۔ صحافی نے سوال کیا آپ کے استعفے کا کیا بنا؟ جس پر مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وزیراعظم سے پوچھیں کہ ان کے استعفے کا کیا ہوا؟ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ رپورٹ کا انتظار کرنا چاہیے، ذمہ داری فکس کی جائے گی، جن لوگوں نے مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کیا ان کا علاج بھی ہوگا۔ یاد رہے کہ 26 اگست کو پمز اسپتال کے گائنی وارڈ میں جھلس کر 14 نومولود جاں بحق ہوگئے تھے، جن کے والدین غم سے نڈھال ہیں، والدین نے بچوں کی شناخت کے لیے ڈی این اے ٹیسٹ کرنے اور اسپتال انتظامیہ کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 31

خزانہ کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق پاکستان نے 1200 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے کافی پہلے ادا کردیا، یہ اب تک کی سب سے بڑی واحد قبل از وقت قرض ادائیگی ہے۔ حکام کے مطابق مقررہ مدت سے پہلے ادا قرضوں کا مجموعی حجم 5 ہزار 920 ارب روپے ہے اور اس ادائیگی کے ساتھ پاکستان کے قرضوں کی ادائیگی 6 ہزار ارب روپے کے قریب پہنچ گئی ہے۔ وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ مالی سال 2025ء میں 1800 ارب روپے کا قرض قبل از وقت ادا کیا گیا ہے، مالی سال 2026 میں 2900 ارب روپے کا قرض قبل از وقت ادا کیا گیا ہے۔ مالی سال 2027 میں مزید 1200 ارب روپے اب تک واپس کیے گئے ہیں۔ وزارت خزانہ کے مطابق یہ فعال قرض مینجمنٹ کی جانب اہم پیش رفت ہے، اب قرض اور مستقبل کی ادائیگیوں کا دباؤ کم ہو رہا ہے، سرکاری مالیات مضبوط اور معیشت کے لیے زیادہ مالی گنجائش میسر آرہی ہے۔ واضح رہے کہ جولائی میں چین نے پاکستان کیلئے 2 ارب 10 کروڑ ڈالرز قرض ادائیگی مؤخر کردی تھی۔

بقیہ 32

ملک گیر ہڑتال ہوگی، اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کریں گے، کوئٹہ میں کل سے دھرنے کا آغاز، راولپنڈی، پشاور، کراچی میں بڑے جلسے ہوں گے۔ جماعت اسلامی کے دھرنے کے مقام پر جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ فیصل آباد اور گرد و نواح سے عوام کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ جماعت اسلامی کی تحریک میں عوامی شمولیت مسلسل بڑھ رہی ہے۔ حکمران سن لیں، دھرنے جاری رہیں گے اور انہیں پیچھے ہٹنے پر مجبور کیا جائے گا۔ جلسہ عام سے امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری، امیر ضلع پروفیسر محبوب الزماں بٹ، سیکرٹری جنرل پنجاب وسطی بابر رشید، صدر این ایل ایف شمس الرحمن سواتی، صدر کسان بورڈ سردار ظفر حسین، سابق صدر فیصل آباد چیمبر رانا سکندر اعظم نے بھی خطاب کیا۔ امیر جماعت اسلامی کا خطاب لاہور، کراچی، پشاور، حیدرآباد اور دیگر شہروں میں جاری دھرنوں میں بڑی سکرین پر براہ راست سنا گیا۔ پٹرولیم لیوی، آئی پی پیز معاہدوں اور مہنگائی کے خلاف جاری دھرنوں کے تیرہویں روز شدید گرمی اور حبس کے باوجود مرد و خواتین کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔ شرکاء نے حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رکھنے کے عہد کا اعادہ کیا۔

بقیہ 33

فیصد جبکہ ڈی اے پی کی قیمت میں 75 فیصد اضافہ کسانوں کی مالی مشکلات میں بے پناہ اضافے کا باعث بنا ہے۔ 2021-22 میں یوریا کے 50 کلوگرام تھیلے کی قیمت 1,913 روپے تھی جو 2025-26 میں بڑھ کر 4,378 روپے ہوگئی، جبکہ ڈی اے پی کا تھیلا 8,227 روپے سے بڑھ کر 14,223 روپے تک پہنچ گیا ہے۔ ایسے حالات میں بلوچستان کے کسان شدید مالی دباؤ کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھاد کی قیمتوں میں یہ غیر معمولی اضافہ محض ایک زرعی ان پٹ کی مہنگائی نہیں بلکہ اس کے براہ راست اثرات پوری زرعی معیشت پر مرتب ہوتے ہیں۔

بقیہ 34

شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ عرب میڈیا سے گفتگو کے دوران تہران کی رہائشی مریم نے بتایا کہ جنگ سے پہلے میں کام نہیں کرتی تھی، جنگ شروع ہونے کے بعد گھر کے اخراجات میں مدد کے لیے مجھے ملازمت تلاش کرنا پڑی کیونکہ ہر چیز انتہائی مہنگی ہو چکی ہے۔ ایک اور شہری ایلار کے مطابق جنگ کا نوجوانوں پر خاص طور پر گہرا اثر پڑ رہا ہے، نوجوانوں میں امید ختم ہوتی جا رہی ہے، چاہے وہ کتنی ہی محنت کریں، انہیں آگے بڑھنے کا راستہ نظر نہیں آ رہا۔ تہران میں کھانے کا کاروبار کرنے والے امید نامی شہری نے عرب میڈیا کے رپورٹر کو بتایا کہ کاروبار تقریباً ختم ہوچکا ہے جبکہ کرایوں میں بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کارکنوں کی اجرت ادا کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے اور جنگ کے باعث کاروباری حالات انتہائی دشوار ہیں۔ اسی طرح ایران کے دارالحکومت تہران کے رہائشی محمد نے بتایا کہ ایران عراق جنگ کے دور سے بھی گزر چکے ہیں جب لوگوں کے پاس تقریباً کچھ نہیں تھا، محمد کا کہنا تھا کہ ایرانی عوام ایک بار پھر ثابت قدم رہیں گے اور ان آزمائشوں سے سرخرو ہوں گے۔

بقیہ 35

میں ہے۔ وزارت اطلاعات نے واضح کیا ہے کہ مذکورہ قیدی پاکستانی قانون کے تحت حاصل تمام سہولیات کا حقدار ہے اور اسے جیل کے قواعد و ضوابط کے مطابق ضروری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ حکومت پاکستان نے قیدی کو قید تنہائی میں رکھنے یا اس کے ساتھ کسی بھی قسم کے ظلم و زیادتی کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس حوالے سے غیر ملکی میڈیا میں سامنے آنے والی رپورٹس حقائق کے منافی اور گمراہ کن ہیں۔ وزارت اطلاعات کے مطابق قیدی کو جیل قواعد کے تحت ملاقاتوں کی اجازت حاصل ہے، جبکہ اسے ٹیلی فون کالز کی سہولت بھی فراہم کی جاتی ہے۔ قیدی کو ٹی وی دیکھنے اور مطالعے کے لیے مواد بھی دستیاب ہے تاکہ وہ جیل قواعد کے مطابق ان سہولیات سے استفادہ کرسکے۔ وزارت اطلاعات نے بتایا کہ سزا یافتہ شخص کو گھر سے پکا ہوا کھانا کھانے کی اجازت بھی حاصل ہے۔ اس کے علاوہ اسے ورزش کے سامان کے استعمال کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔ حکومت کے مطابق مذکورہ قیدی کے لیے سات سیلز پر مشتمل ایک کمپاؤنڈ بھی فراہم کیا گیا ہے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق قیدی کے لیے الگ سے کھانا پکایا جاتا ہے، جس میں اس کی خوراک کے لیے گوشت، مرغی، پھل، دودھ، میوہ جات اور جوس سمیت مختلف اشیا فراہم کی جاتی ہیں۔ وزارت نے کہا کہ یہ تمام سہولیات جیل قواعد اور متعلقہ قوانین کے دائرہ کار میں فراہم کی جا رہی ہیں۔ وزارت اطلاعات نے اس امر پر بھی زور دیا کہ مذکورہ شخص عدالتوں سے سزا یافتہ ہے اور اسی قانونی حیثیت کے تحت قید میں ہے، اسے ایگزیکٹو تحویل میں رکھنے کا تاثر درست نہیں۔

بقیہ 36

کر دیا ہے جبکہ 50 کروڑ روپے سے زائد منافع کمانے والے غیر برآمدی کاروبار پر سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد سے کم کر کے 8 فیصد کردی گئی ہے، حکومت صنعتکاری کے فروغ، بیمار صنعتی یونٹس کی بحالی، کاروباری لاگت میں کمی اور نجی شعبے کو آسان شرائط پر فنانسنگ کی فراہمی کے لیے متعدد اقدامات کر رہی ہے، حکومت بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم، سولر پینلز، موبائل فون مینوفیکچرنگ، الیکٹرک وہیکلز، زرعی آلات، کھاد، آٹو موبائل اور دیگر شعبوں کے لیے نئی پالیسیاں متعارف کرا رہی ہے تاکہ ملک میں مقامی مینوفیکچرنگ کو فروغ دیا جاسکے اور درآمدات پر انحصار کم ہو۔ نئی آٹو پالیسی بھی حتمی مراحل میں ہے، جس میں الیکٹرک دو، تین اور چار پہیوں والی گاڑیوں کے لیے خصوصی مراعات شامل ہوں گی، نئی صنعتی پالیسی وزیراعظم کی منظوری سے تیار ہو چکی ہے

بقیہ 37

سالٹ ذخائر کے ذریعے عالمی مارکیٹ میں برآمدی صلاحیت کو وسعت دے رہا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وڑچھ، کالا باغ اور قائد آباد میں موجود وسیع ذخائر پاکستان کو پنک سالٹ کی عالمی منڈی میں اہم مقام دے رہے ہیں، ان ذخائر کی بدولت پاکستان دنیا بھر کے ہول سیلرز، ڈسٹری بیوٹرز اور درآمد کنندگان کی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، پاکستان پنک سالٹ کی پروسیسنگ، گریڈنگ، معیار برقرار رکھنے اور جدید پیکجنگ کے ذریعے ویلیو ایڈیشن کر رہا ہے، بڑھتی عالمی طلب اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ پنک سالٹ کے شعبے میں سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا کر رہا ہے، پاکستان معدنی وسائل کو ویلیو ایڈیشن کے ذریعے عالمی مارکیٹ میں متعارف کرا کر برآمدی صلاحیت بڑھا رہا ہے، ایس آئی ایف سی سرمایہ کاروں کو سہولت، رہنمائی اور موثر رابطہ کاری کے ذریعے معدنی شعبے کی ترقی میں معاونت فراہم کر رہا ہے۔

بقیہ 38

پراشیا کی پیداوار بڑھانے، درآمد میں کمی اور ڈالر پر انحصار بتدریج ختم کرنے پر زور دیا۔ خامنہ ای نے امریکا کی مسلط جنگ کے دوران عوام کی ضروریات پوری کرنے پر صدر پزشکیان کی انتظامیہ کو سراہا۔ ایران نے نئی امریکی اقتصادی پابندیاں ریاستی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے تمام ممالک سے مطالبہ کیا کہ وہ ایران کے خلاف امریکی پابندیوں پر عمل درآمد سے گریز کریں۔ واضح کیا کہ امریکی پابندیوں میں شرکت غیر قانونی امریکی اقدامات میں معاونت کے مترادف ہے۔ صدر مسعود پزشکیان نے سعودی عرب اور امارات سمیت خطے کے ممالک کے ساتھ تعاون کی پیشکش کردی۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے عبوری معاہدے کے نفاذ کے دوران تقریباً 9 کروڑ بیرل تیل فروخت کیا۔

بقیہ 39

ہے، فائر سیفٹی آڈٹ مجاز اور ماہر فائر سیفٹی کمپنی کے ذریعے جامع طور پر کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، آڈٹ کے دوران فائر الارم، فائر فائٹنگ آلات، ایمرجنسی ایگزٹ اور ہنگامی صورتحال میں انخلا کے راستوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ مزید یہ کہ ہسپتالوں میں بجلی اور دیگر ممکنہ فائر ہیزرڈز کی بھی جانچ کی جائے گی۔ ایمرجنسی رسپانس کے انتظامات اور کسی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہسپتال کے عملے کی تیاری کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ وزارت صحت نے ہدایت کی کہ فائر سیفٹی آڈٹ کے دوران سامنے آنے والی ایسی خامیاں، جو جان و مال کو فوری خطرے میں ڈال سکتی ہیں، ترجیحی بنیادوں پر دور کی جائیں۔ تمام اسپتالوں کو آڈٹ کے آغاز، متعلقہ فائر سیفٹی کمپنی کے نام اور آڈٹ مکمل ہونے کی متوقع تاریخ سے وزارت صحت کو فوری آگاہ کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کو سرکاری اور نجی صحت اداروں میں فائر سیفٹی آڈٹ شروع اور اس کی تصدیق کرانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ آڈٹ کی تکمیل سے متعلق جامع رپورٹ وزارت صحت کو پیش کی جائے گی۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق رپورٹ میں ان تمام صحت اداروں کی نشاندہی کی جائے گی جہاں فائر سیفٹی آڈٹ شروع کردیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ان اداروں کی تفصیلات بھی شامل ہوں گی جہاں آڈٹ کا عمل ابھی زیر التوا ہوگا۔

بقیہ 40

سی ایم جی کو دیے گئے ایک خصوصی انٹرویو میں کہا کہ گزشتہ برسوں میں، شنگھائی تعاون تنظیم نے کامیابی سے باہمی اعتماد کا ایک ماحول تشکیل دیا ہے، اور مشاورت کے ذریعے مساوات اور باہمی احترام پر مبنی ایک مکالماتی نظام وضع کیا ہے۔ مختلف خصوصیات اور موقف رکھنے والے ممالک نے ایک ساتھ مل کر کام کرنا سیکھا ہے، اور سب سے پیچیدہ مسائل پر اتفاق رائے حاصل کیا ہے جو ان کے خیال میں، برسوں میں تعاون کے ذریعے حاصل ہونے والے اہم ترین نتائج میں سے ایک ہے۔ ریمیک ہامیٹ نے کہا کہ دوسرا اہم نتیجہ یہ ہے کہ ایس سی او نے وسیع شعبوں میں کثیر سطحی تعاون کا ایک منفرد میکانزم قائم کیا ہے۔

بقیہ 41

ذرائع کو تباہ کرنا ایک سوچا سمجھا منصوبہ محسوس ہوتا ہے، جس کا مقصد قبائل اور عام آدمی کو ریاست سے متنفر کرنا ہوسکتا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں نواب اسلم رئیسانی نے کہا کہ اگر بے دخلی اور تباہی ہی مسائل کا حل ہوتیں تو شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان، دیر بالا، دیر زیریں، شانگلہ اور دیگر علاقوں میں گھروں اور کاروباری مراکز کو مسمار کرنے کے بعد آج وہاں مکمل امن قائم ہو چکا ہوتا۔ بندوق کے زور پر وقتی خاموشی تو پیدا کی جاسکتی ہے لیکن پائیدار امن قائم نہیں کیا جاسکتا۔ نواب اسلم رئیسانی کا کہنا تھا کہ امن اور آشتی کا ماحول صرف سیاسی سوچ، سیاسی عمل اور باعزت و باوقار مکالمے کے ذریعے ہی تشکیل دیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بلوچستان کے مسائل کا حل طاقت کے استعمال، بے دخلی یا معاشی ذرائع کی تباہی میں نہیں بلکہ سیاسی عمل، مذاکرات اور عوام کے اعتماد کو بحال کرنے میں ہے۔

بقیہ 42

امیگریشن کاؤنٹرز پر مسافروں کے لیے جاری پراسیس کا جائزہ لیا اور بیرون ملک روانہ ہونے والے مسافروں سے ملاقات کرکے امیگریشن کے عمل اور انہیں درپیش مشکلات کے بارے میں دریافت کیا۔ دورے کے دوران امیگریشن سسٹم میں خرابی سامنے آنے پر وفاقی وزیر نے فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور سسٹم کی خرابی جلد دور کرنے کی ہدایت کردی۔ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ امیگریشن سسٹم ڈاؤن ہونے کی صورت میں فوری طور پر متبادل انتظام موجود ہونا چاہیے تاکہ مسافروں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ان کا کہنا تھا کہ امیگریشن پراسیس کسی صورت رکنا نہیں چاہیے۔

بقیہ 43

خلاف صرف محکمانہ کارروائی تک محدود نہ رہا جائے بلکہ فوجداری قوانین کے تحت بھی بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ ذرائع کے مطابق جن افراد کی نشاندہی کی گئی ہے ان میں پمز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عمران سکندر، جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر مطاہر شاہ، جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر اویس علی شاہ، نیونیٹل ڈیپارٹمنٹ کی سربراہ پروفیسر ڈاکٹر سعدیہ ریاض، سینئر رجسٹرار ڈاکٹر ناظم، ڈاکٹر نوشیلہ امجد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیکیورٹی میجر محمد عثمان، سی ڈی اے ایمرجنسی سروس کے ڈی جی ڈاکٹر عبدالرحمٰن شامل ہیں۔ وزیراعظم نے سیکیورٹی پر مامور کمپنی اور اس کے عہدیداران کے خلاف بھی کارروائی کی منظوری دے دی۔ تحقیقاتی کمیٹی کی بریفنگ میں بتایا گیا کہ پمز میں آتشزدگی یا کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تفصیلی ایس او پیز اور تربیت موجود نہیں تھی۔ پمز کے 13 ایس او پیز میں صرف دو ذیلی سیکشنز میں آگ یا ہنگامی صورتحال کا ذکر پایا گیا۔ واقعے کے وقت سپروائزری اسٹاف بھی ڈیوٹی پر موجود نہیں تھا۔ بریفنگ کے مطابق آگ لگنے کے وقت وارڈ میں دو نرسیں، ایک خاتون گارڈ اور ایک ہاؤس آفیسر موجود تھے۔ تحقیقاتی کمیٹی کے مطابق آگ لگنے اور پورے وارڈ کے جلنے میں صرف دو منٹ کا مختصر وقت لگا۔ آگ لگنے کے 6 منٹ بعد ایمرجنسی سروسز کو کال کی گئی، جبکہ پہلا ایمرجنسی رسپانس 15 منٹ بعد پہنچا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وارڈ میں فائر الارم اور سپرنکلر سسٹم بھی موجود نہیں تھا۔ نیونیٹل وارڈ میں فائر سیفٹی سے متعلق عالمی ادارہ صحت کے قواعد کی خلاف ورزی بھی سامنے آئی۔ تحقیقاتی کمیٹی نے بتایا کہ ایک نرس نے آگ کے تیزی سے پھیلنے سے قبل اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر ایک بچے کی جان بچائی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اس نرس کے جذبہ ایثار کو سراہتے ہوئے اسے ستارہ خدمت دینے کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم نے وارڈ میں موجود ایک نرس اور خاتون گارڈ کو او ایس ڈی بنانے اور مزید تحقیقات کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے ڈاکٹر محمد سلمان، سی ای او نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ کو پمز کا ایکٹنگ ایگزیکٹو ڈائریکٹر تعینات کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم نے عہدوں سے ہٹائے جانے والے افسران کی جگہ نئے افراد کی فوری اور میرٹ پر تعیناتی کی بھی ہدایت کی۔ تحقیقاتی رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا کہ صرف ایک ماہ قبل جولائی میں پمز کے نرسنگ ہاسٹل میں بھی آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا تھا، تاہم اس کے بعد ہسپتال میں حفاظتی اقدامات کے حوالے سے سنجیدہ اقدامات نہیں کیے گئے۔ بریفنگ کے مطابق ہسپتال میں آگ جیسی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کوئی باقاعدہ افسر موجود نہیں تھا اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو یہ ذمہ داری اضافی طور پر سونپی گئی تھی۔ اجلاس میں پمز کی خستہ حال عمارت، بدانتظامی اور حفاظتی انتظامات کی ناقص صورتحال پر بھی وزیراعظم کو بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ مجرمانہ غفلت کے مرتکب افراد کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ واقعے کے ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور مثالی سزا دلوائی جائے گی تاکہ مستقبل میں کسی کی مجرمانہ غفلت کے باعث کسی ماں سے اس کا لخت جگر جدا نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کی موت ایک ایسا اندوہناک واقعہ ہے، جس پر پوری قوم غمگین ہے۔ بچوں کے والدین کے ساتھ ان سمیت پوری قوم کی ہمدردیاں ہیں۔ وزیراعظم نے تحقیقاتی کمیٹی کے سربراہ شاہد خان اور تمام ارکان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے تحقیقات مکمل کر کے مزید تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے تحقیقاتی کمیٹی کی عبوری رپورٹ فوری طور پر عوام کے سامنے لانے کی بھی ہدایت کی۔ رپورٹ کچھ ہی دیر میں وزارت قومی صحت کی ویب سائٹ پر جاری کیے جانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 44

سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اگر خدانخواستہ کوئی ایک حملہ ہوجاتا ہے تو ہمارے ادارے روزانہ کی بنیاد پر دہشتگردی کے دس منصوبے ناکام بھی بناتے ہیں۔ انہوں نے شدید رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے یورپ اور دیگر ممالک میں بیٹھے نام نہاد بلوچ رہنماؤں کو چیلنج کیا کہ وہ کس طرح بلوچ بچیوں کو نامحرموں کے ساتھ پہاڑوں پر بھیجنے کا جواز پیش کرسکتے ہیں۔ وزیرداخلہ کا کہنا تھا کہ ایک بلوچ اپنی ماں، بہنوں اور بیٹیوں کی عزت و ناموس کے لیے جان تک دے دیتا ہے، لیکن دشمن کے پیسے اور بھارت کے اشاروں پر چلنے والے دہشتگرد، بلوچ خواتین کو ڈھال کے طور پر استعمال کرکے اپنی بزدلی کا ثبوت دے رہے ہیں۔ انہوں نے دہشتگردوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر ان میں ہمت ہے تو مردوں کی طرح سامنے آکر لڑیں، معصوم بچیوں کو اپنے مذموم مقاصد کا ایندھن نہ بنائیں۔ پریس کانفرنس میں موجود 16 سالہ زینب نے میڈیا کو حقائق بتاتے ہوئے انکشاف کیا کہ اس کی شادی چند ماہ قبل سیف نامی شخص سے ہوئی تھی جو کہ ایک پرامن شہری تھا۔ بی ایل اے کے ایک مقامی کمانڈر نے اس کے شوہر کو اپنے ساتھ کام کرنے پر مجبور کیا اور انکار کرنے پر دو ماہ بعد سیف کو بے دردی سے قتل کر دیا گیا۔ ظالموں نے اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ مقتول شوہر کا موبائل فون قبضے میں لے کر زینب سے رابطہ کیا اور اسے یہ جھوٹا بیانیہ پڑھایا کہ اس کے شوہر کو ریاستی اداروں نے مارا ہے۔ دہشتگردوں نے زینب اور اس کی 12 سالہ کزن فاطمہ کو اغوا کرکے ایک نامعلوم اندھیرے کمرے میں 40 دن تک قید رکھا۔ بچیوں کو برین واش کرکے خودکش بمبار بننے پر مجبور کیا گیا اور انکار پر انہیں شدید جسمانی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔